UNIVERSAL
LIBRARY

OU_222591

UNIVERSAL
LIBRARY

إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا

بفضل ایزد منان درین سال فرخنده فال این دیوان فصاحت بیان موسوم به

گلستان ارم

معروف به

کلیات اردو ے قلق

از تصنیفات حکیم علام مولی صناعرف حکیم مولا بخش صاحب قلق مرحوم

در مطبع انصاری دہلی طبع گردید

بسم الله الرحمن الرحیم

دیباچه


الحمد لله والمنة که از زوری دیرینه این بیچوان بیمایه میرزا بحصول انجامید و نقش مدعا بر کرسی نشست مهین پرور یگانه فرزانه غفران مآب حکیم غلام مولی اعرف مولا بخش متخلص بخلق غفرالله که وجود مسعود ایشان سرمایه افتخار این بیمقدار بود چون خواستند که از زمین خاکدان بعالم قدس شتابند اولین وصیتیکه این بیچکاره القا کردند آن بود که مجموعه اشعار ایشان را که اولا و معنوی آن یگانه روزگار برادر زادگان این خاکسار تواند بود ترتیب داده و بقالب طبع ریخته سامان صیقلی برای ارباب ذوق نموده آید هرچند کاری از حوصله من افزون و خدمتی از اندازه من بیرون بود اما الحمد لله ثم الحمد لله که بتائید ایزد بیچون و توفیق حاکم کن فیکون این مرحله دشوار گذار به سهلترین وجهی و دلخواه ترین صورتی بپایان رسید و پاره از عهده حقگذاری آن بزرگوار که مرا بجای پدر مهربستر بلکه از پدر مهربان تر بود بیرون آمدم امید از ناظرین باتمکین آن دارم که اگر غلطی یا لغزشی درین مجموعه بلاغت دریابند آنرا به سهو کاتب یا غفلت این بیچوان حمل فرموده دعای راشرف آگهی بخشیده تا در طبع ثانی تدارک یافات کرده شود و آن مرحوم مبرور را که در زمان حیات از هجوم علائق عوائق نتوانستند بتصحیح و اهتمام و طبع و اشاعت افادت خویش پرداز ندا از ایراد نقص و شبهت معذور و معاف دارند ؎ که بر پرهنگان خورده نتوان گرفت ۵ نام نیک نیکمردان ضایع مکن ۵ تا بماند نام نیکت برقرار

تاریخ طبع لرامته

مطبع شد چو کلیات خلق — باهزاران غرور نایابی
لطف اصلاح حضرت مومن — هر کجا در سخن ادا یابی
بی تکلف به شرط فهم سخن — شعر را ناز دلربا یابی
گر بناصر علی بهم سنجی — ناز کی خیال را یابی
با اسیر و حزین نظیری هم — طرز تقریر دلکشا یابی
پیش تر شیزی گر بخوانی زار — صلد شا باش و مرحبا یابی

از سر جوش سال تاریخش
سخن دلپذیر را یابی

۱۸ ۶ ۸۳



بسم اللہ الرحمن الرحیم

مطلع

جس روز حرفِ عشق ہم آہنگ صور تہا
ای مشتِ خاک تجکو تامل ضرور تہا

ایکحرف شوق لاکھہ زبانون مین جا پڑا
دردِ ملک تہا جو وہی شورِ طیور تہا

رکہنا ہی تیرا دور سدا نادر اتفاق
میخانہ مین وظیفۂ ربی غفور تہا

یہان دلپہ ہاتہ تہا جو وہان لب پہ مہر تہے
ہمکو بہی اپنی بات کا رکہنا ضرور تہا

آب سیہ مین بہی ہی انا اسود کا جوش
یہ روسیاہ سوختۂ تابِ نور تہا

بی التفاتیون سی غرض التفات تہی
وتناہی تو قریب تہا جتنا کہ دور تہا

لو جوش قہر شوق ترحم مین آگیا
ثابت ہوا گناہ نکرنا قصور تہا

اقبالِ شہ کو بزم گدا سے اوٹہا دیا
کتنا ہمین بہی عجز پہ اپنے غرور تہا

آخر کمالِ عقل سے سمجہا زوالِ فہم
برقِ حصول شعلۂ شمع شعور تہا

کیا کیا نہ آرزو نی اوٹھائین قیامتین
صور نفس سے سینہ مین شور نشور تہا

دیکہا تو ہر طرحسے ہے بندہ قصوروار
تہا مختصر گناہ ترحم فور تہا

بی اعتباریون نی میری تجکو کہو دیا
ہی مجمین جو نہان وہی تیرا ظہور تہا

موسیٰ کا کیا قصور ہی پوچہہ اپنی شوقسے
وعدہ کا تیری تجھسے تقاضا ضرور تہا

چہپتے ہے کوئی نسبت الفت بنایا ہے
شیشہ کو اوسکے خاکسے دل جسکا چور تہا

اتنا بہی بے خبر کوئی اتنی بہی بیخودی
اوسکی حضور مین بہی قلق بیحضور تہا

برق سحاب مہر ہے ابروئے مصطفا
ہی طرہ اوسپہ سایہ گیسوئے مصطفا

ہی تشنگان یاس کا کس درجہ اہتمام
کوثر لگی ہوئی ہے سر کوئے مصطفا

ظلمت کے یہ نصیب کہ آب بقا ملے
کچہہ پڑ گیا ہے سایہ گیسوئے مصطفا

کیونکر نہ دیر و کعبہ مین ہم رنگ نور ہو
یہان پشت مصطفے ہی وہان روئے مصطفا

اسکا کہش گناہ سبک کر مجہی کہ مین
جنبش سی ہر نفس کے اوڑون سوئے مصطفا

ایک پا نو فرش خاک ایک فرق عرش پر
ہین دو جہانکے پشت دو زانوئے مصطفا

مفت نظارہ کوچۂ جنت کی دید ہے
وقف اشارہ ہی خم ابروئے مصطفا

معراج اوج وہم سے کیونکر نہو بلند
ہی نور عرش سایہ مشکوئے مصطفا

کیا تاب آفتاب نہو سر دحشر مین
ہی جلوہ ریز مہر وہان روئے مصطفا

کیا ہونگی ہم ضیافت جنت سے شادمان
بہولے نہین ہین خلق علی خوئے مصطفا

اہل حساب پوچھتے ہو کیا قلق کا حال
ہاں رند ہی مگر ہے ثنا گوئے مصطفا

ہی چاک سینہ دشنہ مژا و احمدا
ہی غرق خون لب پہ صدا و احمدا

سمجھائی کوئی کس کو سمجھتا ہے کون اب
ہی عقل سوز داغ تیرا و احمدا

کیا آرزو کی داد ملی ہی کہ ہائی ہائی
جز یاس آسرا نہ رہا و احمدا

کبکے جہانسے شرم وحیا اوٹھگئے مگر
تیرا نقاب ہی نہ اوٹھا و احمدا

رہتا ہی اسقدر کوئی نظر و نسے دور دور
تجکو بہی ہمنے دیکھہ لیا و احمدا

کیونکر نکہائین ٹہوکرین اندہیری کر تو
آنکہونسی مثل نور چہپا و احمدا

لایا ہی سر پہ وعدۂ فردا قیامت آج
محشر سے پہلے حشر ہوا و احمدا

کیا ایک حشر لاکہہ اوٹہینگے قیامتین
یون بیقرار چہور چلا و احمدا

آنکہونمین بنکی شوق بہٹکتا ہی اوہ ہائے
کانون مین تہا جو ذکر تیرا و احمدا

دلجوئیونسی دلکو کیسکے لیا بہی تہا
تو نی خیال بہی نکیا و احمدا

فرقت سی جانا خاتم دوراں کے تیری ذات
قصہ غرض تمام کیا و احمدا

کیون ہجر مین جہانکو ٹہکانی لگا دیا
کیون سر پہ سبکا بوجہ لیا و احمدا

حال قلق نزار ہے ایسا کہ حیف حیف
اب کون اوسکا تیری سوا و احمدا

غزل

کیا نکلتا ہی طریقہ دیکھیے تعذیر کا
بازوی قاتل پی صدہی میری تقصیر کا

زخم دل بہرتا ہی دم کیا کیا تیری شمشیر کا
ہر تمنا مین میری انداز ہی نخچیر کا

کیا ادا صیاد ہی کی دلکو آتی ہی پسند
حلقہ حلقہ دام کا اب پیچ ہی تقدیر کا

اپنی جانب اسقدر کہنچا تیرا جہا نہین
بید ریغی مین تیری انداز ہی شمشیر کا

سخت مشکل ہوگیا دامن چہوڑانا حشر کو
قصہ جب پہیلا ہمارے خاک دامنگیر کا

اشک مژگانسے ٹپکتے ہی مین کی پارتہا
دلمین شاید گہل گیا پیکان تمہارے تیر کا

اقربا احباب ناصح چارہ گر برہم ہین سب
ہی اثر یہہ ہی ہمارے نالۂ دلگیر کا

یہ صفای دل ازل مین بنگیا دشمن میرا
نانوشتہ رہگیا تختہ میری تقدیر کا

کسقدر توڑی ہوئی نیند انکین ہی سب کو
اوٹہتا ہی سو لغر شوں سی نالہ اب زنجیر کا

رنگ فرقت مین تیری میرا اوڑا کس رنگ سے
چشم گریان سی واں چشمہ ہی جوی شیر کا

ناگہان محشر اوٹہا اور اوٹہکے بیٹہا ایک بیک
دل تڑپ کر رہگیا شاید تیری دلگیر کا

کیا عجب ہے تو بہی آجای تماشا دیکہنے
مضطرب کا تیری نقشہ نقش ہی تسخیر کا

سن قلق بات اوسکی منہ سی ہی طلسم طرفہ تر
گویا ایک جہوٹ کا ہی بوی غنچہ تصویر کا

قاصد کے جلد یون نی یہ بدگمان بنایا
خط دیتے دیتے ہمنے پہر حرز جان بنایا

جو رنگ اوڑای ہی کچہ عشاق کی فلک نے
بہر فریب بلبل وہ گلستان بنایا

دیکہو ستم ظریفی دو دل و جگر کے
ایک آسمانکو پہونکا ایک آسمان بنایا

شوخی نے تیرے ظالم کسکو نہین مٹایا
پر نقش پا کا تیری کیونکر نشان بنایا

تو وہ کہ ایک نظر مین سارا جہان اوجاڑا
مین وہ کہ تیری دلمین اپنا مکان بنایا

آئینہ کو تو دیکھو وہ شکل پیش لایا
مجکو یہان بگاڑا اور اوسکو وہان بنایا

فصل بہار اپنی گذری ہی یونہین سارے
یہان آشیان بنایا یہان آشیان بنایا

اتنی مکدر آنسو کسکے گری زمین پر
ایچرخ تو نے جسکو ریگ روان بنایا

کیا کچھہ بھرا ہے ظالم تجمین فریب الفت
ایک ہی نظر مین دلکو آشوب جان بنایا

گر دل سی آئی لب پر اوڑ جائی ننگ محشر
کس حرف آرزو کو یارب فغان بنایا

ولہ

کسکے نظر سے سیکھے انداز یہ قلق نے
اس سادہ گو کو گسنے جادو بیان بنایا

شیوہ تیری حیا کا رسوای عام نکلا
یہ پردہ کیا بھلا ہی جب اس سی نام نکلا

آخر ہوای گلشن لائی قفس مین ہمکو
شوق نظارۂ گل جاسوس دام نکلا

اغیار سدّ رہ تھے ہم جسطرف کو نکلے
جس آستان پہ آئے تیرا مقام نکلا

نقش قدم نہین ہے جبین نیاز اپنی
کوچہ کا تیرے رستہ نازک مقام نکلا

کچھہ سنکے مدعی سی گذرا مین اپنی جی سے
ناکام کا تمہاری لوکس سے کام نکلا

سجدہ مین ہی صراحی ساغر قعود مین ہے
میخانہ تو سراسر بیت الحرام نکلا

ہم جان و مال دیکر کچھہ دلمین لے رہی تھے
سودا پختہ لیکن آخر کو خام نکلا

کیا در پے کمین ہے بہر نظارہ خورشید
زیر زمین چھپ کر بالای بام نکلا

ہی شور بیوفائی تیرا گلے گلے مین
یوسف پہ خندہ بیجا تو خود غلام نکلا

بزم عدو سی اوٹھنا ساماں حشر ٹھیرا — لو وعدۂ قیامت ہی بی قیام نکلا
دیکھو تو یار قاتل کس درجہ جانفزا ہے — جان آگئی بدن مین جب منسی نام نکلا
وہ ذکر تھا تمہارا جو انتہا سی گذرا — یہ قصہ ہے ہمارا جو نا تمام نکلا

بیتابیون نے مارا آخر قلق کو دیکھا
ناداں اوسی گلی سی دل تہام تہام نکلا

وصل ہوتا تو نزاکت کا بہانا ہوتا — حشر تک بہے تو نہ آتے اگر آنا ہوتا
غیر سے جرم و خطا گر نہین ہوتا تو نہو — سیکڑون ڈہب تہے اگر تمکو ستانا ہوتا
رحم کرتے کہ نہتی خواری الفت معلوم — مجکو نادان ہی متنی کہی جانا ہوتا
تم میری پاس اگر بیٹہتے کیا ٹہیرتا دل — پہلو سی اوٹہنے کا صدمہ تو اوٹہانا ہوتا
بخت وارونسی مجہی مرکے بہے مرنا پڑتا — لب جان بخش پہ گر میرا فسانا ہوتا
داد زخم دل ناشاد نکیا کیا لیتا — اپنی مژگان کا اگر تو ہی نشانا ہوتا
گو کہ تقدیر ہی مین غیر کے لکہا تہا وصال — ہمتو جب مانتی جب متنے منانا ہوتا
رسم انصاف اوٹہی خوب ہوا یہہ ورنہ — زخم دل ہر کس و ناکس کو دکہانا ہوتا
کوشش پردہ عبث حوصلۂ دید کسے — جلوہ کیا کم تہا اگر منہ ہی چہپانا ہوتا
توڑتی غیر کا پیمان جو امیدین بندہتین — کرتے ٹہنڈا مجہے گر اور جلانا ہوتا
مجہسے پیغام وصال اور کہیے بات ہی یہہ — غیر سے کہتے اگر مجکو سنانا ہوتا
تم یہی رہ گئی امت کو اوٹہاتی میری — دل لگانا کوئی بہتان لگانا ہوتا

مین اگر تجھسے تمنائے اجل بھی رکھتا
حیلہ مین حیلہ بہانہ مین بہانہ ہوتا

وعدہ وصل سی ہم شاد تھی ورنہ ظالم
تجکو ناچار شب ہجر مین آنا ہوتا

ای قلق یونہی رہی گا تو سدا خانہ خراب
تو کسی گھر نہین کیا تیرا ٹھکانا ہوتا

گہ فتنہ ہون زمین کا گہ شور آسمان کا
اس دل نی سر پہ رکھا جھگڑا کہان کہان کا

ہی گرد رہ سی اوسکی یہان پیرہن بدن پر
محشر فی جیب اپنا دامن ہی جسکی ٹانکا

گلچین باغ پیرا دونو ہی مین قیامت
یہہ رنگ گلستانکا وہ ڈھنگ آشیانکا

ای لطف چارہ فرما تدبیر اسکی ہو کیا
جز ہی علاج دل کا آزار ہی وجانکا

سایہ مین اپنی چھپکر ملتا نہین کسیکو
چارہ کری گا کوئی کیا ایسے ناتوانکا

قطعہ

نامہ لکھا قلق نے سنتے ہین اوسکی جانب
نزدیک آن پہنچا جب وقت امتحان کا

بندہ تو نیجان بہی حاضر تہا بی تامل
پر کیا علاج کیجی اس کاوش نہانکا

ہر موی تن ہی پیکان ہر رگ ہے تیغ بران
ہر دم بر نگ آرہ آہنگ ہی فغانکا

کچھہ رحم اور کیجے تا آپ کو سنبہالون
ایثار کیا کرونگا قدمون پہ نیجان کا

یہہ حال پڑہ کی اوسنی اور قہر ناک ہوکر
لکھا جواب خط مین یہ شیوہ ہی کہانکا

کل تک تو یہ ہی تیرا دعوا ئی جان نثاری
اشوب ہتا زمین کا اور شور آسمانکا

اور آج دم یہ تازہ تا جان بچی کوئی دم
پردہ ہین لاغری کی ہی عذر متحانا

تو اشک بنکے چھپ جا دامن مین اپنی ظالم
یا آہ ہو کے اوڑ جا جیسے اثر فغان کا

سب تجھسے ہے جو ہوتی عشاق اس جہان مین
برخود غلط نہوتا یون نازنیکوان کا

ہوتا جو کوہکن تو اور جوے شیر لاتا
شیرین ہی تیشہ کہاتی اس عشق جانستان کا

یا قیس تو ہی ہوتا اور دشت دشت پھرتا
لیلے کا فرق بنتا استر اور آشیان کا

ہم گرچہ سہل چھوٹے تشویش روز و شب سے
تہا بار دوش و بازو خود فکر متحان کا

پر دلمین سوچ ظالم غیرت کی یہ جگہ ہے
عالم کی رسم یون ہی یہ شیوہ ہی جہان کا

یا گوشہ گیر ہونا دیر و حرم سے یکسر
یا مول لینا جھگڑا دل دیکی دلستان کا

سو تو نے دونو شیوی باتون ہی مین بنا ہے
افسوس تجھ نادان یہانکا ہوا نہ وہان کا

کہان نگاہون سی دل مستانہ ہم پیمانہ تہا
رنگ جستہ بسمل خاک در میخانہ تہا

زندگی جب تک تہی جبتک تجھسے ہم مرتے رہے
رزق تہا رونا معاش آزار بیتابانہ تہا

ذکر تیرا سنکے ناصح سے اوسی کی سر ہوا
تیرا دیوانہ مگر مطلب ہی کا دیوانہ تہا

اشک کے گرتے ہی آنکھونمین اندہیرا چھا گیا
کونسی حسرت کا یارب یہ چراغ خانہ تہا

وہ بہی کیا دن تہی کہ خون دل سے تہا ہمکو فراغ
اپنا ہی شیشہ یہ قابو اپنا ہی پیمانہ تہا

یہ تمنا تہی تیری جو دل ہی دلمین خون ہوئے
وہ ہمارا راز تہا جو کو بکو افسانہ تہا

تہا ازل مین قادر قسمت کا اندازہ ہمکو
ورنہ مشت خاک کا مطلوب دل کیا کیا نہ تہا

اپنا ہی وادی ہی وہ موسی جہان بہکا ہت
طور جسکے گرد ہی وہ اپنا ہی کاشانہ تہا

مذہب و مشرب سے یکر وہی وہ چشم غیبانہ
دیر گہ غارت ہوا اور کعبہ گہ ویرانہ تہا

شمع جلنے پر میری انگشت حیرت بنگئی
اور غبار گرم کحل دیدۂ پروانہ تہا

ای قلق اچہی گذاری تو نی ہمکو اس سے کیا
یا مقیم کعبہ تہا یا زائر بتخانہ تہا

ق

شب سر شوریدہ بالین پر میرا یکجا نہا
دلمین تہا ایک جوش لب پر نالۂ مستانہ تہا

جان کسیکی زلف مین پابند پیچ و تاب تہے
دل کسیکی چشم غارتگر سے ہم پیمانہ تہا

پاؤن صحرا کی طرف تہی ہاتہ سوئی جیب تہے
نالہ سینہ سی لبون تک آتی ہی بیگانہ تہا

حسرت خوابیدہ کیا کیا چونکتی تہی سینہ مین
دلمین جون جون شور افغانہای بیتابانہ تہا

عاقبت کی چشم پوشی چشم نی اس حال سے
اور غفلت یہ ہوئی طاری کہ ہوش اصلا نہتا

لی اوڑی پہر دشت گردی خوابمین سے سو جیمہ
اور چمن بہی وہ کہ آزاد و نکا دام و دانہ تہا

چشم نرگس نے ندیکہا مجکو بیگانہ سمجہہ
حق بجانب ہی کہ وہانپہ سبزہ تک بیگانہ تہا

گل بہے ہنستا تہا میرا چاک گریبان دیکہکر
زیر لب سن کے بہی کچہہ اپنا ہی افسانہ تہا

بید مجنون مجکو عریان دیکہکر تہرا گیا
موپریشانی پہ سنبل بہی میرے دیوانہ تہا

دم بخود شمشاد تہا یکسو کہڑا اس وضع پہ
داغ سوزان سی دل لالہ بہی آتشخانہ تہا

دود دل کچہہ کچہہ جو آجاتا تہا ہمراہ نفس
موئی آتش دیدہ ہر سو نالۂ مرغانہ تہا

کرتے کرتے سیر جب آگی بڑہا دیکہا وہان
شکل مین عشر تکدہ کی ایک عبرتخانہ تہا

ایک طرف می اور رہی تھی دلبران شہر کی محفل
کوئی بیخود کوئی بیتاب اور کوئی مستانہ تھا

نغمہ بر لب جان بر کف دل نگار آستین
سب محبت کیش تھی کیا حلقۂ رندانہ تھا

اور ایک جانب کو حلقہ زن تھے چند مین شمع رو
محفل جنکے سامنے خاکستر پروانہ تھا

جس طرف کو ہنس دیا میدان محشر ہو گیا
مہر گئین نظرین جدھر بک بخت سب ویرانہ تھا

اونمین سی ایک فتنہ گر اوٹھہ کر بڑھا میر طرف
زلف تھی سر خیر پریشان ہاتھ مین پیمانہ تھا

خود بخود پہلو مین آبیٹھا کچھہ ایسی ناز سے
گویا وہ غارت گر دل میرا ہی دیوانہ تھا

اور لگا کہنے کہ گیسو تو ذرا سلجھا میرا
اسطرح سلجھا کہ یہ گویا کہین الجھا نہ تھا

زلف چہرہ سی سرکتی ہی مرے دن چہرہ اوٹھا
آنکھہ پٹ سی کھل گئی ایسی کہ مین سویا تھا

پھر وہی دل تھا وہی ماتم وہی درد و قلق
خواب تھا جو کچھہ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا

ماتم دیدہی دیدار کا خواہان ہونا
جسقدر دیکھنا اتنا ہی پشیمان ہونا

سخت دشوار ہی آسان کا آسان ہونا
خون فرصت ہی یہان ہر بگریبان ہونا

تیرا دیوانہ تو وحشت کی بہی حد سے نکلا
کہ بیابان کو بہی چاہی ہی بیابان ہونا

کوچۂ غیر مین کیونکر نہ بناؤن گہر کو
میری آبادی ہی آبادی ہی ویران ہونا

خاک وحشی ہی اگر ربط ہی تو کر کو تیری
دور دامن ہی نہین دور گریبان ہونا

نہ وہ خون ہی ہی جگر مین نہ وہ نیکا داغ
بن گیا خاک مین ہر اشک کا طوفان ہونا

بس کا جی ہی مین ہر حرف تمنا افسوس
کہنا کچھہ آپ ہی اور آپ پشیمان ہونا

دل سی اندازِ شکن زلف فی سب جمع کی
چیھیڑ کر اسکو کہین تو نہ پریشان ہونا

تجکو ارمان خرابی ہی جای دھلی اور
سیکہ جا گھر مین میری ہی بیابان ہونا

دل ہی ایک قطرۂ خون جسپہ یہ سینہ ہے
کچھہ سمجھتا ہی نہین ہمصفِ مژگان ہونا

مجھہ مین کچھہ تاب ہے ای جان تو مین بیتاب ہون
ورنہ دشوار ہی اس آز کا پنہان ہونا

یاد مژگان سی ادہر زخم جگر پہ کہانا
اور ادہر شورشِ دل سی نمک افشان ہونا

آج وہ وقت قلق پر ہی کہ جون ابن جلیل
غیر تسلیم نہین قتل کا آسان ہونا

یہ کس کا نقش پا چاکای عالم کی صفائی کا
کہ ہنگامہ ورود دیوار مین ہی جبہہ سائی کا

مناکر نقش میرا نازہی اونکو صفائی کا
بنایا ہی مجہی آئینہ اپنی خود نمائی کا

جبین یار سا کو دیکہہ کر ایمان لرزتا ہے
معاذ اللہ کہ کیا انجام ہی اس پارسائی کا

نہوگی حشر تک میری شہید وںکی شہادت ہے
کہ آب تیغ ایک قطرہ ہی بحر آشنائی کا

زہی قسمت کہ اوسکی قید یو مین آگئی ہم ہے
ولی شور سلاسل مین ہے ایک کہنکارائی کا

ہم اوسکو جبہ مین اونہنی کی لئی بیٹہی ہین مدت سے
مگر کچھہ کچھہ سہارا ہی ہی امید وائی کا

کہان تک غیرت الفت سی درگزری کرو ظالم
ہمین اب امتحان کرنا تیری تیغ آزمائی کا

سماؤن آنکہہ مین مین اوسکی یہ ہووی تو کیونکر ہو
یہان خصم کیشی کے وہان شیوہ ہی رائی کا

نچین ای گا اسکو در بدر پہرنے سنی محشر
فلک ہے تنگ تر کاسہ میری دست گدائی کا

اثر ہی نالی فلک کو اوپر جہی آنسو نہ دامن
دل بیتاب پر صدمہ ہا صدمہ ہے جدائی کا

وہ سنتے ہی بات سنتی سنتی اے لو ہو گئی تیرے
ہماری راستی سرمایہ ہی کس کج ادائی کا

ہوئی ہین نالہ ناکام کسکے گردِ رہ یارب
کہ ہر جنبش سی دامنگیر ہے ارمان رسائی کا

قلق یہہ تیرا ہی اور تیری ہی دل کا کلیجہ ہے
کہ اوسکا دوست بنکر ہو گیا دشمن خدائی کا

خدا یا یکدم خیالِ معی سی ہو نہین سکتا
تہین الزام کیا دون جب مجہی سے ہو نہین سکتا

ہمارا خون بجز الفت کسی سی ہو نہین سکتا
تبسم سی جو ہوتا ہی چھری سی ہو نہین سکتا

محبت وہ ہی جسمین کچہہ کسی سی ہو نہین سکتا
جو ہو سکتا ہی وہ ہی آدمی سی ہو نہین سکتا

یہ کہنا ہی تو کیا کہنا کہ کہتے کہتے رک جانا
بیانِ حسرتِ دل ہی توجی سی ہو نہین سکتا

اوچہٹنے سے نگاہین کب جگر کے پار ہوتے ہین
کرو خون بنکر دشمنی سی ہو نہین سکتا

ہر ایک سی مژدہ دیدار کا وعدہ ہی محشر ہے
کرینگے جب تو کیا پردہ الہی سی ہو نہین سکتا

نہ مجکو دوش پر تا گور لیجائی نہ موت آئی
یہ کس کام آئیگی کچہہ بیکسی سی ہو نہین سکتا

ہمین کیون دل دیا اور دلربا ہمین کیون کیا
خدا دشمن بتونکی بندگی سی ہو نہین سکتا

دم رخصت وہ مجکو دیکہکر بیخود تو کیا ہونگے
نہ اوٹہنی دی اونہین یہ بیہوشی سے ہو نہین سکتا

مجہے کہٹکا ہی محشر کا اوٹہے گا اور کچہہ فتنہ
کہ وہ ظالم تو خوگر منصفی سی ہو نہین سکتا

جب آئینہ ہی اونکی روبرو پہر کیا تکلف ہے
اوٹہا رکہی خودی کو بیخودی سی ہو نہین سکتا

کرین وہ پاک قصہ یہ نزاکت سی نہین ممکن
اوٹہاؤن ہاتہ یہ بیطاقتے سے ہو نہین سکتا

برنگ نالہ کس کس دہوم سی اوٹرتا ہی رنگ اپنا
تیری فرقت کا پردہ خامشی سی ہو نہین سکتا

کہو ثابت کری خون کیونکہ اوسپر داورِ محشر
کہ عذرِ قتل تک بہی نازکی سی ہو نہین سکتا

قلق پیغام تیرا اور بیان پہر اوس ستمگر کی
کسی سے ہو نہین سکتا کسے سے ہو نہین سکتا

ہر طرح جب اپنی مشکل کو نہ آسان دیکہنا
موڑ کر گردن تیری جانب ہراسان دیکہنا

بزمِ عیش و ناز مین گیسوی پیچان دیکہنا
چشمِ جمعیت مین ہی خوابِ پریشان دیکہنا

کیا بُرا تہا وصل مین مرنا کسے انداز پر
تہا مگر قسمت مین میری وزِ ہجران دیکہنا

گر یہی شوخی ہے داغِ دل مین اور اک دن مین ہے
ذرہ ذرہ گور کا طاؤس رقصان دیکہنا

جای باش اوسکی گمان و وہم سی کوسون بعید
اور تلاش اپنی در و دیوارِ زندان دیکہنا

تشنگے سی آگ ہی قاتل ہماری مشتِ خاک
آبِ خنجر کوئی دم مین گردِ میدان دیکہنا

اپنی ویرانہ سی اب بیم خرابی کو ہے بیم
بی سر و سامانیون کا میری سامان دیکہنا

رخنہ گر یو نہین اگر چندے نگاہِ ناز ہے
اپنی اس برقع کو تو میرا گریبان دیکہنا

آسمان کو یاد ہین کیا کیا گرفتاری کے ڈہنگ
ہم چلے کس شوق سی سوئی گلستان دیکہنا

کیا بلا سودا ہے بہر غیر تمکو ورنہ کیون
دنمین سو سو بار از خود جیب و دامان دیکہنا

تو نکر منظور نظرون سے جُدا کرنا میرا
آئینہ داری ہی تیری میرا حیران دیکہنا

ای قلق بیڈہب پڑا تجکو مذاقِ انتظار
اب نہ جائیگا کہے تیرا پریشان دیکہنا

جب نقدِ حسن رونقِ بازار ہو گیا
سودائے نا قبولِ خریدار ہو گیا

اور تا نہا خزان مین کہ طاقت ہی دست — اور فصلِ گل جب آئی گرفتار ہوگیا

سب کی نظر سی اشک کی مانند گر پڑا — اتنا سبک ہوا کہ گران بار ہوگیا

وہ آنے کو ہین اسقدر ای ابر گریہ کیون — پیمانہ فلک کہین سرشار ہوگیا

جب اپنا حال دیکہنا رو پڑنا خود بخود — پیمانہ عمر کا کہین سرشار ہوگیا

کوئی تو زخم ہے کہ جگر خون ہو چلا — کوئی تو خار ہی کہ دل افگار ہوگیا

ہر وقت اونکی آنی کی رہتا ہی آرزو — دل بہی ہمارا خانۂ اغیار ہوگیا

مین ضعف سی جہکا تو نگہہ شرم سی جہکی — مجبور وہ ہوی جو مین نا چار ہوگیا

آتی نہین خیال مین وہ مدعی بعید — سامانِ وصل سہل بہت دشوار ہوگیا

مجکو نکالا غیر کا ارمان نکال کر — ہمراہِ مرگ اور ایک ازار ہوگیا

دل ہی تو ہی نہ سنگ جگر ہی تو ہی مگر — ایک وقت تہا کہ جیہ بہی درکار ہوگیا

جب سی سنا ہی اوسکو سر بازیر ہی ہے — عاصی نکردہ جرم گنہگار ہوگیا

ہر وقت پیر دیر کے در پر ہی یہ جوان
شاید **فلق** بہی واقف اسرار ہوگیا

لذتِ قتل سی مقتل کو بہی سنبل دیکہا — ذرہ ذرہ کا تڑپنا روشِ دل دیکہا

جان کس طور سی نکلی میری ای گریہ یار — تو وہ دریا ہی کہ جسکا نہین ساحل دیکہا

اب کسی امید بے الفت مین قدم رکہئے — جو کچہہ انجام ہی ہمنی سر منزل دیکہا

غیر ہی تہی جہہ لڑائی کہ لڑا آنکہین — خاک و خون مین تیری کوچہ کے بہت مل دیکہا

نہوئی پر نہوئی شکلِ صفائی پیدا
خاک و خونمین تیری کوچہ کی بہت مل دیکہا

جو مین ثابت قدم اوسکو نہین صحبت سے گزند
موجِ دریا سی کہین ڈوبتا ساحل دیکہا

حسرتِ قتل ہی سی ہوگئی ٹکڑی ٹکڑی
دیر یا بی سی ندامت زدہ قاتل دیکہا

کوئی میخانہ پہ غش ہی کوئی کوثر پہ فدا
دین و دنیا کو غرض ہمنی تو غافل دیکہا

ای قلق جور و جفا پر یہہ شکایت اوس سے
شکر کر شکر وفا کی تجھے قابل دیکہا

درِ کعبہ سی عجب قافلہ نادان نکلا
نتو دامن کوئی نکلا نہ گریبان نکلا

تیرا اسرار تو ہر پردہ سی پہنان نکلا
کیا تکلف ہی کہ ارمان بہی ارمان نکلا

ذکرِ اغیار کی آتی ہی قیامت آئی
سخت نادم ہین کہ وہ سخت پشیمان نکلا

غیر کو وسوسۂ تفرقہ پردازی کیا
مین تیری بزم سی لیکر غمِ دوران نکلا

جتنے غمخوار کہٹے اوتنی ہی آزار کہٹے
دل کی آزار کا آزار ہی درمان نکلا

نالۂ شوق نی میری مجہی بدنام کیا
انجمن سی تیری ہر ایک سو غزل خوان نکلا

سعی کی اتنی کہ واماندگیون سی گزرا
پہٹکے دامن کی فراخی سی گریبان نکلا

جسکو جان سمجہی تہی وہ تیغ ستمران نکلے
جسکو دل سمجہی تہی وہ خنجر برّان نکلا

حسن کو حیف سدا عشقِ بدآموز رہا
شکنِ دل اثر وعدۂ و پیمان نکلا

مل گیا جام جسی اوسکو ملی شوکتِ جم
ہر گدائی درِ میخانہ سلیمان نکلا

دیدہ و دلسی ہوا دیدۂ و دل کا نقصان
سر و سامان و بالِ سر و سامان نکلا

اپنی ہی ہاتھہ سے آزار بڑہایا ہمنی
کیون گریبان کو کیا نیچہ جو داماں نکلا

شہر آباد ہی پر تو بہی ہی خالی حالے
ای قلق مرگی تیرا کونسا ارمان نکلا

آتی ہے سانس سینہ چاک ہوا
نکل ای جان کہ مین ہلاک ہوا

سوز پنہان کی پردہ داری دیکہہ
آہ کرنے کو تہا کہ خاک ہوا

مجہسے ہی اونکو اُنس ہی شاید
مجہہ پی ہی ظلم تاک تاک ہوا

اب بلاسی وہ قتل عام کری
میرا قصہ تو خوب پاک ہوا

یہان ہین نازک مزاجیونکی فکر
وہان ہوسناک سی تپاک ہوا

پردہ در فکر پردہ نی مارا
دیکہہ دل کو کہ چاک چاک ہوا

دوستی زندگی کی اب معلوم
رنج اعدا میرے خوراک ہوا

رکہتی ہین منت وصال اوسپر
ہجر مین جو ترے ہلاک ہوا

ای قلق خاکسار کو یہہ داغ
خاک ہوکر بہی تو نہ خاک ہوا

غم بہی کہانیکو نہ جی بہر کی میسر آیا
تہی کاسۂ تقدیر سی دل بہر آیا

کیا مین اوس کوچہ مین آیا ہون کہ محشر آیا
میرا سایہ بہی میری سایہ سی بچکر آیا

عاقبت حسرت ناکامی ناوک سی ترے
میرا ہر لخت جگر نوک مژہ پر آیا

مجکو تسکین تو بلاسی ہوئی خط پہنچنے کے
نامہ بر ٹکڑی ہی ہر چند کہ ہوکر آیا

بارِ دامانِ نزاکت ہی میری مشت خاک
سامنی جب میری آیا وہ مکدر آیا

کچھہ نہین چارہ کوتاہی دستِ قاتل
کہ لبِ زخم نہ بہر کر بہی برابر آیا

بوسہ لیکر تیرا خاموش ہوا ہی بحیں
دہنِ غیر تہا ایک زخم کہ بس بہر آیا

حادثہ زاہین محبت کی نگاہین کیا کچھہ
راہ ہم دیکھتی تہی تیری کہ محشر آیا

ظلم کرتا ہی تو کر داد در محشر ورنہ
داد کا نام نلی اب کہ ستمگر آیا

وہ اب آتا ہی تو ای جان کہان جاتی ہے
جوشِ خود رفتگی کہتا ہی مقرر آیا

ای فلک عزم کیا کسکی طواف در کا
کہ قدم رکہنی سی پہلی تجہی چکر آیا

وہ ہی قابو مین تو قابو نہین اپنی اوپر
کب گئی ہوش کہ جب سامنی دلبر آیا

وہ ہی مین وہ ہی فلک وہ ہی عدو وہ ہی میں
جانی کیا حادثہ ہی کیون وہ میرے گہر آیا

ظرفِ دل مین تیرے وسعت ہی ہے دست توبہ
تنگ کیا کیا فلک حادثہ پرور آیا

وای گر آج نہ پیمانہ ہو میرا سرشار
سامنی غیر کی لبریز ہی ساغر آیا

ذلت عشق وہ عزت ہی کہ وقت مگریہ
میری تعظیم کو طوفان ہی اوٹہہ کر آیا

میری قاتل نی یہ طوفان اوٹہار کہا ہے
تا گلو خلق کے آب دم خنجر آیا

سیدہی نظر ونسی وہ کسوقت ملا ہی مجہسے
تجہین بل کا ہی کوای زلف معنبر آیا

اوسنی پامال کیا غیر کی خاطر صد حیف
ہم یہہ سمجہے تہی کہ اب اوج پی خہتر آیا

بدگمانی نی میرا کام لگاڑا ورنہ
بات سو مرتبہ قاصد تو بنا کر آیا

اسکو ہی سنی قلق اور غزل پڑہتا ہے
جانی اس بزم مین کیونکر یہہ سخنور آیا

وادیٔ عشق مین جز یاس نہ بہر آیا
جادہ اس آہ کا ہی آہ سی بچکر آیا

وہی واماندہ ہوا جو کوئی یاور آیا
تیر بہی سینہ سی ہو کر میری بی پر آیا

حادثہ جو میری دلپر بہادہ اونپر آیا
کہ عدو اونکی شکایت کو میری گہر آیا

لیچلا شوق کہ پہر یاد تیرا در آیا
پانون اوٹہتی ہی ٹہکانی دل مضطر آیا

قتل سی میرے نہ امت سی نہ ہمت ہی اوسے
مجہی پر توڑ کی آخر کو وہ خنجر آیا

برق خرمن ہی کہی آتش دامن ہی کہی
کسکی شوخی کا اثر ای دل مضطر آیا

تشنہ جانی کی میری جذب کو دیکہہ القیل
حلق پر میری تیرا ٹوٹ کی خنجر آیا

کیا تیرا ناز ہی یہہ ہی کہ اوٹہا نہین جاے
تو جو اوٹہوا نیکو درسی میرا بستر آیا

اوسکا دل ہلگیا اور غیر کا دامن پکڑا
کچہہ تڑپنی کا مزہ ای دل مضطر آیا

یہہ فسون جلوہ نمائی کا دکہاؤن کسکو
سامنی آیا کہ اک پردہ نظر پر آیا

گردش چشم سی ساقی کی پہرا یخانہ
می گری جام مین اور گرتی ہی چکر آیا

آخر آخر وہ تغافل میری غفلت سی اوٹہا
کب وہ آیا ہی کہ جب دم ہی لبو پر آیا

اس صفائی کو بہی ای شک مقدر ہی سبط
صلح کو آیا ہی اور غیر کو لیکر آیا

دل نہا مفت کا بہتان تہا بیشک بیشک
گویا مین خود ہی تیری زلف کی سر پر آیا

دیکہہ فریادیونکو تو بہی تو اپنی ظالم
جیب صد چاک لئی عرصہ محشر آیا

دل کو کیا پیستا ہی تو نمین اللہ سی جگر
سنگ دل ہونی کا تیری ہمین باور آیا

قتل ہو کر بہی ہون مجرم کہ ہی گردنپر خون
ہو کی پامال بہی مین تجہسے نہ برسر آیا

اوسکی آنی ہی کا ارمان میری ساتھہ چلا
ہای کس حشر کو مین گور مین لیکر آیا

دوسری خلد دکھاتی تہی ملا پاک پیمبر
مین یہہ سمجھا تہا کہ اب پاس تیرا کہر آیا

یہہ نیا پردہ فی شرم ہی ای خانہ خراب
کہ کبھی غیر کی کہنی سے نہ باہر آیا

اوسکی کوچہ مین مجھی رہتا ہی کیا پاس و حواس
پس دیوار ابہی تہا کہ سوی در آیا

بد گمان تجکو بہی ہی خانہ تلاشی منظور
جب چلا تیر میری دل ہی کی اندر آیا

قتل کر خون ہی تیمین نہین دعوی کی مجھے
عمر بہر خون میری آنکہو نسی برابر آیا

وہ دل سرد مین ناصح کی شراری اہ
آگ پانی مین تو ای اشک لگا کر آیا

ای قلق کس کی طرفسی ہی تیری دلمین غبار
قطرۂ اشک بہی آیا تو نکدر آیا

گر فلک تجکو خوار ہونا تھا
میرا مشت غبار ہونا تھا

حشر کو حق نکیونکہ جانتی ہم
کشتۂ انتظار ہونا تھا

مرگ دشمن سی مرگئی ہم بہی
کیا تجھے سوگوار ہونا تھا

ای فلک ہر طرح میرا ارمان
صرف انداز یار ہونا تھا

اوسکا ہم انجمن نہونا تھا
درد دل ہمکنار ہونا تھا

چشم بد دور تیر نیم نگاہ
کیا جگر دل کی پار ہونا تھا

کیونکہ چہپ چہپ کے تجکو دیکہتی ہم
قتل کیا بار بار ہونا تھا

چشم بیمار کو تیری ظالم
وقف پرہیزگار ہونا تھا

ہر جگہہ اوسکی کہنی ہتی امید
ہر کہین جان نثار ہونا تھا

تجکو ای بستگی دل شب ہجر
دیدۂ انتظار ہونا تھا

ہائی کس کس فریب سی مارا
عاشق روزگار ہونا تھا

قتل کرکے تو ہنس پڑا ہوتا
پردہ در پردہ وار ہونا تھا

یا نہونی تہی چرخ کو گردش
یا مجہے پر مدار ہونا تھا

اعتبار عدو سی رشک نہتا
مجہکو بی اعتبار ہونا تھا

طرفگی وقت کی تیری دیکہی
آدمی کا شکار ہونا تھا

اوسکی گردن پہ ہمکو چڑہنا تہا
جرم بی اختیار ہونا تھا

ای قلق شاعری ہی رسوائی
شہرہ ہر دیار ہونا تہا

حسن کسطرحسی برقع کا نخواہان ہوگا
جو کوئی تجہسے ملی گا سو پشیمان ہوگا

درد پوشیدہ کسی قہب سی نہ پنہان ہوگا
تجہپہ مرنا میری جینی سی نمایان ہوگا

اوسکی بیداد مین بہی لطف کا سامان ہوگا
سر تہونی کا بہی سر پر میری احسان ہوگا

بعد مردن بہی یہہ کمبخت دبائینگی مجہے
اہل درمان کا قضا سی بہی درمان ہوگا

غمزہ گر خنہ گری مین یونہی بیباک رہا
برقع تنگ کبہی رشک گریبان ہوگا

شہر جہتنی پی بہی چہتی ہی کوئی آباد
داغ وحشت ہون کہ ابا دیابان ہوگا

قید کیہلی ہائی کی نہ میری ظالم
مین ہوا قید تو کیون خانۂ زندان ہوگا

بہر آبادی ہی ہم خانہ خرابوں کی طلب
کوئی گھر خلد کی مانند نہ ویران ہوگا

میری آغوش سی اوسکی ہین گی نیند خفتنی کیا
بخت خوابیدہ کا گر خواب پریشان ہوگا

دل کی دل ہی مین ہی آرزوی رنگا رنگ
مرقد تنگ میرا صحن گلستان ہوگا

حیف جان اوسکی کہ دل ماتمہ مین جسکا ہی تیرے
ہای دل اوسکا کہ جس شخص کے تو جان ہوگا

ہی یہہ ہی سوز تو کیا غم ہی سیہ روز یکا
رنگ برجستہ میرا سرو چراغان ہوگا

زندگی اپنی ایک انداز غلط ہی گویا
سہو کاتب میری تقدیر کا عنوان ہوگا

بزم سی میری نکلنی کی نکالو مت آہ
ساتہہ ہی ساتہہ میری غیر کا ارمان ہوگا

تا کجا آتش خس پوش چہپی رہوی گی
داغ تا چند چراغ تہ داماں ہوگا

کیا کہونگا مین کہو پردہ نشین سی احوال
کہ دل و جانسی نہان حال دل جاں ہوگا

گور سی بہی ہی دم حشر نکلنا دشوار
دل مین درماندہ ستمگار کا ارمان ہوگا

رنگ گل برق بنی گا بی خرمن سوزے
صحن گلشن مین اگر وہ گل خندان ہوگا

جانسی یہہ آس نہی ہوگی وبال خاطر
دل سی امید نہین جان کا خواہان ہوگا

ای فلق تیری گران باری حسرت ہی ہے
وای وہ دن کہ سر دوش عزیزان ہوگا

چرخ گر گشتہ نی ہر شیوہ کو کیا کیا اولٹا
پر وہی کوچہ دشمن سی نہ آیا اولٹا

غیر نی پہلی ہی سب پردہ اوٹہار کہا ہے
تمنی کیون رخ سی نقاب شکن آرا اولٹا

بیکسی سی ہین ماتم کاہی اپنی ماتم
دل کچہہ اسطرح بہر آیا کہ کلیجا اولٹا

مجکو بیداد نے مارا تو نزاکت نی اوسی
جسکی گر پہ ہی خون ہی اوسی دعوا اولٹا

اپنی ہی تیر کی ہم آپ نشانی ٹہرے
منہ کی بل نالۂ دل زور مین آیا اولٹا

رکتا ہی اشک کوئی نوک مژہ پر آکر
بہرتا ہی ناصح مشفق کہین دریا اولٹا

تہا مگر سلسلۂ پاسی سلسل محشر
کہ پلٹتی ہی میری دامن صحرا اولٹا

کیا پہرون قاتل دلجوکی مین پہچی جیسے
ہی تقاضائی شہادت کا تقاضا اولٹا

ایکدن بہی ملی مجہسے وہ ہوکر سیدہے
ایک شب بہی تو نہ چرخ ستم آرا اولٹا

ہای خط کا وہ میری پاس سی جانا تہم تہم
نامہ بر کا وہ ہر ایک بات پہ آنا اولٹا

بخت پلٹا ہی تو غمخوار ہین تیری میرے
سیدہے سیدہے ہین جو وہ چرخ ہی الٹا اولٹا

ظرف کو بہی تو ذرا دیکہہ لیا کر ساقی
ساغر غیر نہر بہرتی ہی ہوگا اولٹا

دیکہتا ساعد سیمین کو قلق گر قاصی
خونبہا ہمسے ہی قاتل کو دلاتا اولٹا

کیون نہ ہمپہ کہلجاتا پہلے ہی مال اپنا
شوق وذوق مین لیکن کسکو تہا خیال اپنا

آئینہ سی نہ چہپاتہا کرتا تہا خیال اپنا
اب سنوگی کیا میری خود کہوگی حال اپنا

کسکا ہی دماغ اتنا کیجے چارۂ وقت
دل نہین بچا اپنا جی نہین بحال اپنا

سخت جانیان ہی ہی جانفشانیان ہی
دل گرانیان ہی ہے کیا کہون مین حال اپنا

مجہی تیغ حاضر ہی اور گردنہ بہی ظاہر ہی
دشنہ کار خاطر ہی ابتو بال بال اپنا

جان دو لخت رہتی ہی دل دو نیم کہتی ہی
کب نہین ہی فکر اوسکی کب نہین خیال اپنا

وصل کا کہون کیا حال تہا عجب ایک جنجال
رشک نی کیا پامال سایہ تہا وبال اپنا

اپنا ہمنشین آخر ہی کمین گزین آخر
ہوگیا یقین آخر تہا جو احتمال اپنا

اوسکی سامنے آنا جان ہی سی ہی جانا
رنگ چہرہ اوڑ جانا ہی دم مجال اپنا

اور ہی پی مرتی ہین یونہی منسی ڈرتی ہین
سچ تو ہی جو کرتی ہین غیر الفصال اپنا

میری دل کی دہنی مین دیتی ہین قدم اغیار
کیا سمجہہ لیا ہی یوسب نی پامال اپنا

تیری مہربانی مین جو تیں روسیاہی ہے
سایہ خاک پر میری ہی فلک نڈال اپنا

کیا کرون محبت کو گر عدو کی وقت سی
جی ہوا اودس اوسکا دل ہو اندہال اپنا

دل تہا ایک کہو یہی جان بہی ایک رہی
اب کسی سر سودا سر ہی ہی وبال اپنا

شکر ہی قلق یہہ بہی غیر تو نہین دشمن
ہی عدو ہنر اپنا مدعی کمال اپنا

ایک ہاتہہ اور ہی لگا جانا
جان نکلتی ہی دم کہہ آجانا

چہپا رہتا ہی جی مین حرف شوق
بن کہی چپ رہا نہین جانا

بزم مین تیری سچ ہی انطالم
کون جز شکوہ جفا جانا

لاکہہ دلجوئیان کری دلبر
دل گم گشتہ کیونکہ پاجانا

کوئی لیتا نہین جز شب ہجر
وہ نہ آتی تو صبر آجانا

دلکو دیکر جو بیٹہہ رہتا ہے
پند گو کی گرہ سی کیا جانا

تو کسی گہر نہین قلق ورنہ
بن بولای وہ آپ آجانا

غیر مرتا ہی تو میرا امتحان ہو جائیگا
رشک ہی یون ہی کہ وہ ہمدم کسا ہو جائیگا

رازِ دل اپنا اگر او پر عیان ہو جائیگا
دشمنِ جان وہ نصیب دشمنان ہو جائیگا

چاکِ دل مہرو کی جلوہ سی عیان ہو جائیگا
میرا ہر تارِ نظر تارِ کتان ہو جائیگا

کس طرح ہم روئین مکسیا کیا تیے ہین نگین خیال
اشک ناکامی سی پہیکا آسمان ہو جائیگا

گر نگہبانی ہی دزدیدہ نگاہون کی ہی
تو ہمارا شکِ دل خود پاسبان ہو جائیگا

کیون نکرتی امتحانِ جوہرِ تیغ نگہ
کسنی دیکہا تہا کہ دل تک زخمِ جان ہو جائیگا

دا غہائی دل دکہاتی ہی تماشا بن گیا
کیا خبر تہی تجہسا ہی سارا جہان ہو جائیگا

اسکو تہا معلوم پہر ای زندگی نامراد
زیست کا ارمان ہی اک مرگِ جان ہو جائیگا

دیکہنا ہی ہمکو ہی اب غیر مرتا ہی وہان
کچہہ توجہی کا سہارا ہمکو یہان ہو جائیگا

رہا نہ دل کو چٹ اوڑ ایسنگی وہ صورت دیکہکر
بیزبانی ہی میری کچہہ خود بیان ہو جائیگا

برق خود سترا و صحنِ باغ مین ہو جائیگی
میرا ای کلچین جو برہم آشیان ہو جائیگا

گو تیری بنی ہی بگڑیگا طلسماتِ جہان
پر ہمارا کچہہ نہ کچہہ شکر نشان ہو جائیگا

آخر آخر راہ تیری دیکہتی ہی دیکہتی
رفتہ رفتہ ختم دورِ آسمان ہو جائیگا

ایک طلسم بیکسی ہی کارونِ کائنات
دوش بر دوشِ جہان خصمِ جہان ہو جائیگا

پردہ داری عشق مین پردہ دری سی کم نہین
میرا انداز خموشی خود فغان ہو جائیگا

جان کا کیا کہٹکا کہ قربانِ درِ دلدار ہے
سر کا کیا صرفہ کہ صرفِ آستان ہو جائیگا

قدرِ ضبطِ حال و پاسِ وضع تجکو کچہہ نہین
ہم نہ کہتی ہی قلق رسوا و یان ہو جائیگا

جوہرِ آسمان سی کیا نہوا — درخورِ عرضِ مدعا نہوا
سعیِ جاں لایقِ دوش نہوئی — دردِ دل قابلِ دوا نہوا
ڈھیر ہی ایک غبارِ خاطر کا — خاک ہی جس کا دل صفا نہوا
حیف دستِ دعا و دامنِ ناز — خیر گذری کہ تو خدا نہوا
وحدہٗ لاشریک کیا معنی — نہوا تو ہے آشنا نہ ہوا
رشکِ باہم ازل سی اول ہے — ایک کی شکل دوسرا نہوا
واسطے دل کی ہی جگر درکار — دلربا ہی تو دلربا نہ ہوا
صاف ہاتو نسی تیری اوڑ جاتا — خون میرا طائرِ حنا نہوا
ای فلک ملتی ملتی کہو جاتا — کسی مفلس کا آسرا نہوا
یاد دلوانا کیوں نہیں معیوب — شکر کب شکوہٗ جفا نہ ہوا
رہبری اور مجھسی وحشی کے — رہنما اپنا رہنما نہ ہوا
بی نصیبی بادشاہ نہ پوچھ — اس گدائی پہ بھی گدا نہوا
نہ نکلنا کہے میری دل سی — میرا ہی تو ہے مدعا نہوا
کون بہتر عدو سی ہو سچ ہی — کشتۂ ذلتِ وفا نہوا

اہلِ قبلہ کو ہے تلاشِ امام
ای قلق تو ہی یار سا نہوا

کیا نشاں تا بہ کہاں تہا کہاں نہتا — تہا جلوہ گرِ نظر گلستاں نہتا

وہ بعد قتل سوگ میں تنہا شاد ماں نہا — افسوس ہی مجھی ہی کہ میں سخت جان نہا
تہی کعبہ میں بہی اپنی ہی یاران رشناس — تہا کونسا کہ رانده دیر مغان نہا
تہا اپنا ہی خیال غلط مدعی سنتے — تہا اپنا ہی فساد نظر آسمان نہا
ممکن کہ کوئی اوسکی طرف دیکھہ ہی سکے — اِس پر بہی اعتماد ہمارا وہان نہا
تا داستان وصل تو غمخوار تہی حریف — جب درد دل کہا تو کوئی درمیان نہا
لذت میں آب تیغ کی زخمونکو پی گیا — سر دوش سی الگ تہا ولیکن عیان نہا
گو غیر ہی کی ہو مگر الفت کا اعتبار — ظالم تیری یقین کا مجکو گمان نہا
کر دیتی ہمتو جب ہی قیامت کو آشکار — مہمان ازل میں فتنۂ آخر زمان نہا
تو کیون تہکا ستم سی کہ ہی بوالہوس دلیر — تہا تیرا امتحان میرا امتحان نہا
مرتی سوی مگر نکہلا راز قتل کبہہ — جو زخم کارگر تہا اوسیکا نشان نہا
کبہہ زیر آسمان تہی کبہی زیر خاک تہی — رہنی کی جا کہین بہی ہمارا مکان نہا
صد گونہ التفات سی کرتا تہا ایک ظلم — تہا مہربان کہ دشمن نامہربان نہا
کیون کر جلی نہ اختر طالع میرا کہ چرخ — برق نگاہ یار سی کب ہمعنان نہا
ہی ضعف میں تحمل آرام بہی ستم — تہا سنگ میری سینہ پی خواب گران نہا
زخم دل عدو بہی تو اپنا ہی زخم ہے — غم غیر کا بہی میری لئی جاودان نہا

کب کوئی غیر من زہی جان و دل فلق
کب دو دلو رہے میرا کارواں نہا

کب عیدگاہ سجدۂ تیرا آستان نہتا
پر دوش خاص و عام پی سر کا نشان نہتا

صد آفرین کہ کی یہہ جفا مین جفاکشی
کسطرح پاس اوسکو دم امتحان نہتا

افتادگی کو تہمت واماندگی نہ تہی
فرسودۂ تپش پی تاب و توان نہتا

کیا جانی کتنی آتش الفت سی جل بجھی
کب عکس ذرہ شعلۂ برق فغان نہتا

دی جان پیام وصل مین اور کس خوشی سی کہ
یہہ محو سود تہی کہ زیان بہی زیان نہتا

جان دی چکی مگر ہی وہی دل کا اضطراب
صد حیف عاشقے کہ کوئی داستان نہتا

بتخانہ وہ مقام کہ کعبہ بنا سکے
میخانہ وہ جگہہ کہ خیال جنان نہتا

آفات کا حدوث ہی تقلید وضع سی
سرگشتگی سی بہلی میری آسمان نہتا

جس جس کو ادسنی قتل کیا دی حیات خاص
وہ زخم زیست تہا جو شکار سنان نہتا

کب تیر سوی غیر نہ جانا پڑا اوسے
کب ہر قدم قرینۂ تیغ روان نہتا

خیل بلا و لشکر حرمان کا کیون ہجوم
راز نہان میرا حرس کاروان نہتا

پردی لگای لاکہہ اک اپنی نگاہ نی
یوسف کا خواب مین بہی کوئی پاسبان نہتا

آواز پای مور ہی خلخال آسمان
پر آشنای گوش خلائق فغان نہتا

صد حشر نیم نالہ مین ہوتی تمام پر
کچہہ اعتماد وعدۂ عمر روان نہتا

آیا وہ دیکہنے کو دم نزع ای قلق
کس طرح ہو یقین کہ وہ بدگمان نہتا

وفا کو فتد رہوئی گر جفا شعار کیا
کہ الفت کس و ناکس سے ننگ و عار کیا

فریب وعدہ سی ظالم نی بیقرار کیا
غضب کیا کہ تصور کو انتظار کیا

کس اعتبار پی جینی کا اعتبار رہا
کس اختیار پی مرجانا اختیار کیا

وہ تو کہ غیر کی محفل مین داغ رسوائی
مین وہ کہ دلکو بھی اپنی نہ غمگسار کیا

مٹی ہوی مین تغافل کی کارسازی سی
کہ تیری سہو کو وعدہ کا یادگار کیا

نقاب چہرہ پی ایسا کبھی نہ دیکھا تھا
یہہ کس کا دامن نظارہ تار تار کیا

اولٹ دیا تہا خم می اولٹ گئی قسمت
نگاہ تشنہ نی ساقی کو ہوشیار کیا

ہزار سال کوئی راز دل کہی تو کیا
خبر اوسی ہی نہین جسکو راز دار کیا

کہان تہی اہل حرم اہل دیر سی پوچہو
تبون کی جلوہ نی کعبہ کو سنگسار کیا

یہہ ناتوان نملا موت کو کبھی جسپر
ہر ایک لمحہ کی آنی نی نثر مسار کیا

وہ بوی گل سی سدا بد دماغ رہویگا
صبا نی خاک چمن کیون میرا غبار کیا

قلق ہی اہل صفا کی لئی تواضع من
گلونکی پہلو مین پہلو تہی کو خار کیا

تیری اداکو کس کس نی اختیار کیا
قضا نی مرگ کو وعدہ پی استوار کیا

درست ہی کہ تہی دلکو کیون دیا ظالم
دروغ ہی کہ تیرا ہمنی اعتبار کیا

فلک نی خاک کیا تو بہی تو نہ آگ بہی
کہ ذرہ ذرہ میرا خرمن شرار کیا

نہین یہہ ذری مین اجزای دیدہ امید
نہ ترک خاک ہوی پر بہی انتظار کیا

نکیونکہ ضد ہو فلک کو کہ متہم ہی سدا
قرار کس کو دیا تہا جو بیقرار کیا

یہہ دل بہی وہ ہی کہ تو غش ہی مین لربای بر — یہہ صید وہ ہی کہ صیاد کو شکار کیا
مجہی ستای گا تو یا اوسی بنای گا — مدار کا ہی پی ای چرخ کجدار کیا
ہر ار قیب میرا رشک ہی بنا آخر — اوس انجمن سی نکالا یہہ بیقرار کیا
مصیبت آئی قضا آئی اور بلا آئی — ہر ایک کو اوسکی نہ آنی نی بیقرار کیا
اس ابتدا سی ہی اوسکا اخیر پیدا سا — خوشی نکی جا ہی جو دشمن کو رازدار کیا
رقیب ہو کہ عدو ہو کہ ہو حریف خفا — وہ غمگسار نہین جسکو غمگسار کیا
پہری ہی چہیتی ہوئی سامنی نہین آتے — تیری حیا نی حیا کو بہی شرمسار کیا

قلق پہر سی بدلی خوشی کی مانگ پناہ
نزول برق سر خندۂ بہار کیا

خود دیکہہ خودی کو او خود آرا — پہچان خدا کو بہی خدا را
تر چہی یہہ نگاہ ہے کہ آرا — ہر جزو جگر ہے پارہ پارا
دیکہین گی بتون کی ہم کجی کو — سیدہا ہی اگر خدا ہمارا
کیون موت کی آسری پی جیتی — ای زیست ہین تو تو نی مارا
اللہ ری دل کی بیقراری — کہاتا ہی نہین کہین سہارا
جان دینی ہی میری آزمایش — دلداری ہی امتحان تمہارا
طوفان ہی جوش تشنہ کامی — دریا بہی تو کر گیا کنارا
شیرینی جان کی کب کہلی قدر — جب زہر ہوا ہمین گوارا

ہر شاخ پی اشیان ہی لرزان | اس باغ مین ہو چکا گذارا

گردش کا فلک کی دیکھنا اوج
ہر قطرۂ خون بنا ستارا

ہون وہ نشان سراغ نہین جسکی نام کا | ممنون نہ مین زبان کا نہ شرمندہ گام کا
داغ جگر صلہ ہی دل تشنہ کام کا | صدقہ ہی یہان چراغ شہیدون کی نام کا
سر بازِ تیغ تیز ہی شیوہ کلام کا | بسمل وہ حکم ہی کہ دیا قتل عام کا
کیا ہو پتا سراغ کو میری مقام کا | یا مرد نقش پا ہی نہین وہان قیام کا
محشر مین پوچھی نہ سبب اژدہام کا | بہتان ہی یہہ آپ ہی کی قتل عام کا
کوئی کہین نہین ہی دل تشنہ کام کا | میرے شہہ مین ہی تو کوئی مین بیدادشام کا
واعظ یہہ میکدہ ہی نہ مسجد کہ اس جگہہ | ذکر حلال پی ہی ہی فتوی حرام کا
غمخوار اور رقیب کی تمیز کیون کہ ہو | پختہ خیال ہی میری سودای خام کا
یا عام کی غرض ہی میرا خاص مدعا | یا مدعای خاص ہی مطلب ہے عام کا
مشق ستم اگر نہین آئین داد و دین | کچھہ بہی حصول قاعدۂ انتقام کا
رستہ بہی میری ساتہہ سی جرأت مین ہے گیا | منزل کو کیونکہ حوصلہ ہو پہر مقام کا
تہا جس قدم کو اوہنی مین آزار درد سم | اب وہی رفتہ رفتہ ہی فتنہ خرام کا
کہہ اصل دل کہ سحر طلسم خیال ہے | کیا چیز جان کہ شعبدہ ہی اتہام کا
فردای حشر ہو نکی کیا اتفاق ہو | روئی سحر سے اور نی لگا لو شام کا

زخم زبان و گوش نہیں ہون کسی طرح
میرا نگین نگار نہیں نقش نام کا

جان اپنی دیکی غیر کا سر کیا کری کوئی
لطف انتقام مین بہی نہیں انتقام کا

لو چارہ گر کی موت عیادت کو آئی ہی
کیا جانستان ہی دردِ تری تلخکام کا

الفت مین رحم ہو تو عدو سی یہ رشک ہو
ہر درد خاص کشتہ ہی آزارِ عام کا

کہوئی شگفتگی خوشی نی شب وصال
ہی جلوہ فروغ سحر نورِ شام کا

کیونکر نہ آشیان پی گری برق دیر سے
تہا چشم انتظار ہر ایک حلقہ دام کا

کیونکر نہ پردہ داری امید فرض ہو
تہا عشق کو خیال سد ننگ و نام کا

مانا کہ ظلم و جبر زلیخا و عشق حیف
پر حسن مین بہی طور ہی سارا غلام کا

انگور اور عصارہ انگور ایک شے
ہر طرف مین ہی فرق حلال و حرام کا

کعبہ سی ہو کی آو کہ میخانہ سی چلو
ہر مرحلہ مین فاصلہ ہی ایک گام کا

کیونکہ قدم زمین پی رکہی اب وہ بیلغ
پامال خود ہی اپنی ادا سی خرام کا

ہر حلقہ مین نگاہ ہی ہر تار مین ہی جان
صیاد صید آپ ہوا اپنے دام کا

تیغ ادا کا تیری نہین ہی اگر شہید
عیسی کو کیون خطاب علیہ السلام کا

گردن پی تیری تیغ کی یہ خون ہے کہی
سنگ فشان پی جلوہ گل لالہ فام کا

فرق پیالہ سی تہ خم تک نگاہ ہے
ایک ہوش پر مدام ہی غافل مدام کا

گویا کہ فاش ہی لب معشوق کی ہوس
ہر حرف تیر گوش ہی میری پیام کا

ساقی کی اعتبار بڑہانی کو دیکہیے
پامال ہی اپنی طرف سی ہر دو جہان کا

جز جوشِ گریہ موجِ تبسم کبھی نہ آئی
لب بھی ہوا گر نصیب ہمیں تیری بام کا

ہو نغمۂ زبور کہ توریت کا ہو سحر
ہمکو قبول ہی ذوق تمہاری کلام کا

لگتا پتا کہیں نہیں دامانِ یار کا
اللہ ری دیدہ بیری مشتِ غبار کا

کسطرح موت وعدہ سی اپنی کہیں ٹلی
کیا اعتبار ہستیِ بی اعتبار کا

ناچارگی ہی آنکھ کو جب بند کر لیا
کنجِ قفس میں جلوہ ہی فصلِ بہار کا

جو کہتا ہی وہ کرتا ہی برعکس اسکی کام
ہمکو یقین ہی وعدۂ نا استوار کا

محشر اگر ہی اور کوئی چیز تو غلط
ایک نقش پا ہی فتنہ رفتارِ یار کا

بی اختیار کیونکہ نہو اختیارِ عشق
بی اعتباریاں ہیں سبب اعتبار کا

لیں دیجیاں جنون نی یہہ بعد رفو جیب
دینا پڑا حساب ہمیں تار تار کا

کیونکر کوئی تعینِ محشر کا ہو مرید
ایک وسوسہ ہی آہِ دلِ سوگوار کا

کیونکر گلی ہی ماہ سکو لگا کر نہ روئی
ماتم ہی روزِ وصل شبِ انتظار کا

انسان کی خودی نی کیا عشق کو پسند
اس جبر میں ہی لطف ہی سو اختیار کا

پیرِ مغاں کی سجدہ سی کسطرح سر اوٹھائے
محجوب ہی قلق کرمِ کردگار کا

ہی خموشی انتظار بلا
رہتی ہی ایک چپ ہزار بلا

دیکھہ لی اک نظر کہ ہی منظور
صد تباہی و صد ہزار بلا

دلبری پر ہی جان فدا بیداد — دلدہی پر ہی جان نثار بلا
ہجر مین آسمان مدار ائے — وصل مین ہی ستیزہ کار بلا
کج کلاہی کا ہمنشین فتنہ — خم گیسو کی دوستدار بلا
اگئی سر پہ عاقبت آفت — ہوگئی چشم انتظار بلا
ہی فدا جبہہ آسمان گویا — وار وار آئی بار بار بلا
مجھسا پامال روزگار ہی کون — مخل آفت ہی شہسوار بلا
داغ کا میری دردکش صدر — درد کی میری رازدار بلا
صحن گلشن کی شمع بزم ہی برق — نوجوانی کی ہی بہار بلا

ای قلق اسری کا کیا جینا
زندگی ہی مآل کار بلا

گلی ہی اپنی ارادہ نکرا دٹھانے کا — تیرا قدم ہون نہ فتنہ زمین زمانے کا
حجاب پردہ دری تیری منہ چھپانے کا — بنا آئینہ کون وسکان مٹانے کا
مجھی ہی اکی کری مشورت کہ کیا کیجے — تجھی ہی کام پڑی گر تیری بہانے کا
غبار دل جو ہر ایک سو بلندی ہپا — تو سمت سمت سی مژدہ ہی تیری آنے کا
یکرنگی دل کو ثریا اور سطح پی عیسر — میری ستانی ہی پایا مزہ ستانے کا
ابھی سپہر سی کیا کیا نزول ہوتا ہے — کہ زخم دل مین ہی انداز مسکرانے کا
نمل تو مجھسے مگر پہر ملی گا خود آخر — کہ شیوہ چرخ کا ہی آزمٹانے کا

نوید فصل بہاری جو اور تی سی پہنچی
تو پہر دکہائین تماشا قفس اور ہانی کا

ستم ہی پرسش محشر ستم رسید و نپر
کہان سی لائین جگر حال دل ستانی کا

ادائی گرم سی مانا کہ طور کو پہونکا
مگر نہ آیا سلیقہ ہمین جلانی کا

قیامت آتی ہی آتی اودہر کو کیون بیٹہے
کیا تہا کسنی ارادہ قدم اوٹہانی کا

اب اپنی حال سی کیونکر نہ چشم پوشی ہو
نگہہ مین ذوق ہی تیری نظر حرانی کا

آخیر تجکو ہی دینی پڑیگی دل مین جا
نقصد کیجی میری خاک مین ملانی کا

بہار کیون نخزان ہو کہ یاد ہی عالم
وہ تیرا ناز سی دامن اوٹہا کی جانی کا

ملی گی خاک قیامت مین فرصت فریاد
لحد مین بہی نہین مقدور لب ہلانی کا

کدہر قفس تہا کہان ہم تہی کس طرف قید
کچہہ اتفاق ہی صیاد آب و دانی کا

قلق خموش کہ روداد دل قیامت ہے
کہین اخیر بہی ہی ظالم اس فسانی کا

دریغ غیر کی موتے کا مین اگر ہوتا
تو تیری گوشۂ دل ہی مین اپنا گہر ہوتا

نزول نالۂ دل تا لب اگر ہوتا
فلک ہے ہاتون مین تہامنی ہوی جگر ہوتا

جہان ہی مورد آفات شکوہ کا کیا کام
نہوتا وہ تو کوئی اور فتنہ گر ہوتا

ہماری موت پی کیا کیا حیات جان بہی
جواب خنجر قاتل سی حلق تر ہوتا

حصول ہستی لذت ہی درد و داغ و الم
جو دل نہ ہاتہہ سی جاتا تو کیون جگر ہوتا

جو حال تشنگی مکتبان ذرا کہلتا
تمام گوشۂ دامان رحم تر ہوتا

نہ لگتی آنکہہ تو سوتی مین کیا برائی تہی
خبر کچہہ آپ کی ہوتی تو بیخبر ہوتا

کلیم و خضر نہ ظلمات و طور تک جاتی
تمہاری کوچہ مین انسان کا گر گذر ہوتا

اگر نہ عشق مین آلام روز و شب ہوتی
نہ چین اہل محبت کو لمحہ بھر ہوتا

جو آستان کا نہ تیری خیال بندہ جاتا
تو اس جنون مین نہ ہرگز دماغ سر ہوتا

دیار یار کا شاید سراغ لگ جاتا
جدا جو جادہ مقصود سی سفر ہوتا

دعائی وصل مین کیونکر فراق مین کرتا
کہ شکل جیب ابھی دامن سحر ہوتا

قلق اگر نہ محبت قبول ہم کرتے
نہ یہہ دماغ نہ یہہ دل نہ یہہ جگر ہوتا

حرمان بھی تو ارمان کے برابر نہین ہوتا
یا تی ہین اگر آپ تو خنجر نہین ہوتا

وہ سنگدل انگشت بدندان نظر آوے
ایسا کوئی صدمہ میری جان پر نہین ہوتا

یا رخ مہ پارہ ذرا چہپ نہین سکتی
خالی خور و انجم سی کبھی گہر نہین ہوتا

او تھا ہی نہ او تھی گا کبھی یار محبت
جبتک کہ تہ دوش سر اسر نہین ہوتا

عمامہ و اعظ ہی ہی سر شار نجابت
وہ دامن رندان ہی کہ جو تر نہین ہوتا

ہی داد محبت جو وہ بیداد کہی جاوے
ہی رحم کہ وہ رحم سی خوگر نہین ہوتا

او س بزم مین نکلی نہ تہرنی کی کوئی شکل
جلئی تو یہہ جلنا ہی کہ تہم کر نہین ہوتا

اللہ ہی کا ایک نام ہی باقی فقط ابتو
بیرحم خدا کا بھی تجھی ڈر نہین ہوتا

کیا شکل رہائی کہ وہان دام ہی اپنا
پرواز سی آگاہ جہان پر نہین ہوتا

کیا خانہ خرابو نگا لگی تیری ٹھکانہ
او س شہر مین ہتی مین جہان گھر نہین ہوتا

ہی تیرہم آغوشیِ اعدا کا تصور
پہلو سی دلِ خون شدہ باہر نہین ہوتا

کیا وصل کا ارمان کہ ہین یاوہی صدمہ
کہتی ہین جسی جین وہ دم بھر نہین ہوتا

ہر داغِ جگر مین نہین جلوہ تیرا اکسوقت
گلزار مین کب جلوہ صرصر نہین ہوتا

کسوقت نگاہو نہین نہین تارِ زمانہ
کس لحظہ خیالِ رخِ انور نہین ہوتا

دیکھا ہی قلق تمنی تو موردن بیجا ہون تہا
افسوس کوئی بحر سی جانبر نہین ہوتا

یہہ صدمہ ہجر و نسی وصال اپنا قرین تہا
ہر سالس بیو نپر نفسِ باز پسین تہا

ہی ہی دم آخر بہی تو صرصر کمین تہا
سینہ مین کبہی تہا کبہی آنکہونکی قرین تہا

شوخی نی دکہا او سکی تصور سی او سی دور
نظر و نہین ہماری جو وہ تہا ہی تو نہین تہا

کیا او سکی تغافل مین تلاش اپنی رہی ہے
پہرتی تہی کہین جان دلِ عرفہ کہین تہا

یا خاک نشینی کی ہی اوس در کی تمنا
یا یہہ ہی دماغ اپنا سر عرش برین تہا

ہر سنگ مین کعبہ کی نہان عشوہ بت ہے
کیا باقی اسلام بہی غارت گر دین تہا

جنبش دم رخصت ہوئی دشوار اوسی ہے
افسردگی دل سی میری وہ بہی حزین تہا

سر پہ میری گہر کو میری گریہ نی او تہا
ہر بام حباب اپنی خرابہ کی زمین تہا

مرتی تو سوی پر کہین گردن نہ جہکائی
کس کا اثر سجدہ در نقش جبین تہا

جلوہ کا تیری حسن نظر سوز ہی پردہ
جو دور نظر سی تہا وہی دل کی قرین تہا

ہر ذرہ پامال مین ہی داغ زر افشان
اوس قصر گہر خیز کا جو شاہ نشین تہا

ناکام مگر ہوگئی ہم صاف دلی سے
گویا کہ ہر اک حرف زیر نگین تھا

اسد جو ہی اغیار کو اب ہم قلق پر
جس مرتبہ پرویز کو فرہاد سے کین تھا

سر جھکا یہانتک کہ جھکنا ہی پشیمان ہوگیا
بار عصیان عاصیون کا بار احسان ہوگیا

زلف ہی اوسکی کہ عکس تیرگی بخت تھا
وصل کی شب مین ظہور روز ہجران ہوگیا

عبرت آلودہ نظر طرف چمن نرگس کو ہے
واسطے دودکی یہان کس کس کو سامان ہوگیا

سایہ صندل ہی تھا جسکی لئی بار گران
اب وہی سر ہی کہ وقف سنگ طفلان ہوگیا

جوش حیرت سی ہوئی تر دامنی موج چمن
اشک مخجلت فی یہ سر کہنچا کہ طوفان ہوگیا

جو کہلا کاکل کابل طوق گلو میرا بنا
جو میری امید نوئی تیرا پیمان ہوگیا

کب تلک پردہ دری دیکھا کری اوسکی کوئے
عاقبت پیوند دل جزو گریبان ہوگیا

کیون فیبو کا کروں شکوہ کہ مینی کیا کیا
دوست اوسکا بنکی اپنا دشمن جان ہوگیا

واقعی دونو طرف سی ہی بنای اتحاد
تیر مندد دل ہی اور دل مندد پیکان ہوگیا

رحم کر ستونپہ کبتک طاق پر رکھی گا تو
ساغر می ساقیا زاہد کا ایمان ہوگیا

دیکھی عہد جوانی مین فسون سازی تیری
ای قلق طفلی مین تو پیر غزل خوان ہوگیا

قدر دان دوست اب وہ شوخ پرفن ہوگیا
مین ہلاک شیوہ انداز دشمن ہوگیا

جھک پڑی کاروان تصویر ارمان دیکھکر
چاہ یوسف بعد مردن اپنا مدفن ہوگیا

اب نہ وہ کہٹکا نہ وہ دہر کا نہ وہ الوداع — زخم دل آخر نچڑ کر پاکدامن ہوگیا

بت ہی کیا نا آشنا ہین اور کعبی آشنا — دور ہوکر کعبہ سی پاس برہمن ہوگیا

سہل سمجھی ہین خیال قامت دلبر ہان — اور وہان پر ہر قدم محشر کا رہزن ہوگیا

کر لیا جو کر لیا احوال اپنا کر لیا — ہوگیا سو ہوگیا ہو جائی بدظن ہوگیا

حیف وہ نوحہ کہ دلمین آتی ہی نغمہ ہوا — ہائی وہ نغمہ جو اکر لب پی شیون ہوگیا

اوسکا خال لب شرار جانہ ہستی بنا — دانۂ قسمت ہمارا برق خرمن ہوگیا

زخم دل تیرے سی آخر نوک مژگان بن گیا — ہر جگر کی پارجس کا صاف روزن ہوگیا

خاک اوڑی اپنی کہ آخر دب گئی سب ذروں کو — پایمالی سی میری مایال توسن ہوگیا

روزن دیوار ہے اور چشم دریا بار ہے — تہا نظر مین اپنی ایک مدت سی روزن ہوگیا

سنجیدہ گر نوک مژہ کس کس ادا سی ہوگئے — یہ ہر لخت جگر اب چشم سوزن ہوگیا

کیا محبت بہی بری شی ہی کہ اوسپر بدبدکو — جسقدر آیا یقین اوتنا ہی بدظن ہوگیا

دوستی کب چرخ سی تہی مدعی کیونکر ہوا — عشق فی جسکو بنایا دوست دشمن ہوگیا

ای قلق کیا کیا جلی ہین جی نری اندازپر
محفل گلفام مین تو برق گلشن ہوگیا

ہمارا رنگ پریدہ ہی آسمان کیسا — وفا کا سایۂ رفتار ہی جہان کیسا

ستم ستم نہین بازیچۂ محبت ہی — وہ دیکھتی ہین کہ ہوتا ہی نیچان کیسا

وہ دیکھتی ہین کہ اہل نظارہ کتنی ہیز — کسی ہی پاس حیا اور نگاہبان کیسا

اوٹھانی کو میری اوٹھاہی حشر مخلیز
مین ہوتی ہوتی سبک ہوگیا گران کیسا

چھڑا کی منہ کو نظر سے گرای ہی کیا کیا
سنور سنور کے بگڑتا ہے رازدان کیسا

چمن مین شور بہر امیری ناتوانی کا
تہی ہوا ہی میرا مجھسے آشیان کیسا

چھپای دیتا ہے سایہ نگاہ کا اپنی
کیا ہی کاہش ہر دم نی ناتوان کیسا

ہوی ہین نالہ و فریاد تک بہی غارت عنو
لوٹا ہے منزل الفت مین کاروان کیسا

قلق بہی وصل کی دہوکہ مین آگیا ہی ہے
غضب کہ مارا گیا مفت نوجوان کیسا

نہ رہا شکوہ جفا نہ رہا
ہوکے دشمن بہی آشنا نہ رہا

ہیو فا جان و مال بصیرفہ
کیا رہا جبکہ دلربا نہ رہا

سبہے اغیار ہین سبہی عاشق
اعتماد اوسکا ایک جا نہ رہا

خاک تہا جس چمن کے رنگ ارم
پتے پتے کا وہان پتا نہ رہا

وصل مین کیا وصال مشکل تہا
یاد پر روز ہجر کا نہ رہا

خط میرا وہان گیا گیا نگیا
سر قاصد رہا رہا نہ رہا

دلمین رہتا ہی کون غمکی سوا
کوئے اس گہر مین دوسرا نہ رہا

غیر اور شکوہ جفا تمسے
ہای مین قابل وفا نہ رہا

کیا ہوا کیون **قلق** کو روتی ہو
کوئی اس دہر مین سدا نہ رہا

اوتنا ہی وہ آمادہ تہا جتنا کوئی چالاک تہا
جو نشیمن سے اوڑا وہ بستہ فتراک تہا

آسمان اہل زمین ہی کیا کدورت ناک تہا
مدعی ہی خاک تہی اور مدعا ہی خاک تہا

شام فرقت یاس ہی ارمان ہیہ گریہ تہا
صبر ہی آیا تو بیصبری ہی وہ جان جاک تہا

روز تم بنتی رہی اور روز ہم مٹتی رہے
عاقبت خون ہی ہمارا زینت پوشاک تہا

ہائی وہ عالم کہ تہی آزاد ہر تکلیف سی
بی شعوری جو نہیں کیا بلا ادراک تہا

کیا سبک حرکت پہ اسکی طبیعت آتی ہیں مجہے
جو گیا نالہ فلک پر وہ ہی آتشناک تہا

یاس ظاہر ہائی ہائی امید باطن حیف حیف
رشتہ نجیہ گری تہا جو جگر میں چاک تہا

کیوں نہ الفت رنج دی ہا روں نے رسوا کر دیا
کوہکن گستاخ تہا مجنون ذرا چالاک تہا

کفر اور اسلام میں دیکہا تو نازک فرق تہا
دیر میں جو پاک تہا کعبہ میں وہ ناپاک تہا

ہو گئی ایک بات میں اوسکی غلط امید ہم
پردہ در کی آتی ہی محشر میں قصہ پاک تہا

کسقدر حاجبگاہ ہی ضبط قلق کا سانحہ
ایک ہی دم سرد کینچا ہی کہ جلکر خاک تہا

ردیف الباء تازی

دعوی دل و جگر میری رحمی عیان ہی اب
پرواز رنگ ضعف سی شور فغان ہی اب

ہی پہر جو التفات تو کیا امتحان ہی اب
اس دشمنی کو دیکہئی پہر مہربان ہی اب

رنگ تشنا نگاہ کی اوہنی ہی اوہ گئے
بوی بہار گر دیس کاروان ہی اب

آتا نہیں ہی کوئی بہی مدت سی زلزلہ
دیوانہ تیرا حیف بہت ناتوان ہی اب

ناحق کی چھیڑ کون رکھی برق و باد سی
گل ہی نہین تو کسکو سر آشیان ہی اب

اپنی ہی بر دوش ہین سر کیا اوٹھاینگے
وہ ذوق و شوق اور وہ جوانی کہان ہی اب

تسکین و وفای وعدہ کی کیونکر نہو مجھے
فردای حشر کہتی ہین جسکو وہان ہی اب

رنج عدو بدل نکالا رنج دوست سی
جو تھا نہان نہان سی عیانسی عیان ہی اب

جس کا ترانہ سینہ گداز بہشت تھا
اوس بزم گاہ عیش کا ماتم نشان ہی اب

وہ دن گئی کہ مرنی پی مرتی تھی ہائی ہائی
ہر شیوہ وفا ستم جانستان ہی اب

مرتی ہی اپنی فتنون پہ کڑھ کڑھ کی جان دے
سنتی ہین اوس گلی کو کہ دارالامان ہی اب

سایہ سی میری ضعف و نحافت کی ہی نفور
اوس طبع نازنین پہ نزاکت گران ہی اب

ابتک قلق کا مجکو قلق ہی کہ ہائی ہائی
وہ اگلی لوگ اور وہ محبت کہان ہی اب

اوس ماہ نی یہہ راہ دکھائی تمام شب
بس خواب مین بہی نیند نہ آئی تمام شب

جاتی کہان سی تیرگی بخت وصل مین
اوسنی نقاب ہی نہ اوٹھائی تمام شب

دیکھا جو صبح ماہ کو تہا زر و کیا کہین
تہی بی حجاب جلوہ نمائی تمام شب

وہان شغل اونکا نغمہ نوازی تمام روز
یہان ورد اپنا نالہ سرائی تمام شب

ہی احتراق بخت کو میری کہ خواب مین
دیکھا کیا ہون دست حنائی تمام شب

برگشتہ روز کہتی ہو تم کیون رقیب کو
شاید رہی ہی آج لڑائی تمام شب

پہر بدر کیون ہلال ہوا کی نہو کہین
اوس سنگدر پی ناصیہ سائی تمام شب

کیونکر شبِ فراق کو اپنے کہون سیاہ
نظرون مین تھی وہ جلوہ فزائی تمام شب

اب کسطرح نہ آنکھ لگے کہ ناصحا
تو نے کہانی اوسکی سُنائی تمام شب

می پی کی آج شام ہی سے وہ بگڑ گیا
اغیار بالہوس کی بن آئی تمام شب

مومن کی طرح ہجر کا کھٹکا رہا قلق
وہ آئے تو بھی نیند نہ آئی تمام شب

پی بھی ای مایۂ شباب شراب
گر مجوسی سی ہی کباب شراب

مریمی اوڑ گیئے مسیحا کی
لبِ نازک پہ ہے شراب شراب

اوس سی ہم جا بھڑی عدو کی گھر
ہے بُری خانمان خراب شراب

کیونکہ مطلق حرام ہی کہیئے
پیجیے گا ملا کے آب شراب

بھر ہر ظرف امتحان ساغر
ہر تمنا کا انتخاب شراب

بعد ازین محتسب قسم لے لے
توبہ کرتا ہون لاشتاب شراب

ضایع اوقات کو نہین کرتے
پیتے ہین وقت ماہتاب شراب

سخت ماتم ہے اے شباب تیرا
کہ رولاتی ہے خونِ ناب شراب

محتسب اوسکا خون ہی کس پہ
جو ہو پیتا بجائے آب شراب

مصحف و خرقہ بیچتے ہین ہم
ہو گیئے جان کو عذاب شراب

اوسکی بخشش ہے بے حساب اگر
ہم بھی پیتے ہین بیحساب شراب

ہر گھڑے ذکر مے ہے اے واعظ
ہو گیئے تیری تو کتاب شراب

ای قلق میکدہ مین سجدے کیون
کون دیگا پے ثواب شراب

تمسے کسکا نکل سکا مطلب
مفت مین اپنا ہوگیا مطلب

تنگ وحشت سی ہون لکھا جب سے
کھلتے ہے خط کے اور گیا مطلب

اسقدر رشک دانی ناکامی
حرف مطلب سی ہی جدا مطلب

دوست دشمن سے کیون نر کہا کام
نامرادون کا کچھ تو تہا مطلب

دشت گردی کا طعن لیلے پر
کیسے خود کام سے پڑا مطلب

دل تلک بہی شریک راز نہین
آرزو سے چہپا رہا مطلب

بیغرض ہو کے بہے غرض نکلے
نامرادی سے ورنہ کیا مطلب

کہتے ہین حرف آرزو جسکو
اوسکا ابتک کچھ کھلا مطلب

رشک سے میرے رشک تمکے کیون
کو یا اغیار ہی سی تہا مطلب

کیا چہپائینگے کام ناکامے
بیخودون کا ہے خود نما مطلب

تہا لفافہ کو پیچ وتاب قلق
بے کہلے خط کا کہل گیا مطلب

کیا خبر تہی نقد دل لیتی ہی کہو جائینگے آپ
بیمروت مجہسے کیسے طرح ہو جائینگے آپ

نم بہ نم دجلہ پہ جلد خوب رولو اگر ہمین
رسم وراہ آشنائی کو ڈبو جائینگے آپ

غیر کا خط وہ سمجہتے ہین کہ لکہتے ہین جواب
اس تغافل کا ٹہکانا ہی کہو جائینگے آپ

چشم پوشی اسقدر دیکھا کری کبتک کوئی
ہم کہینگے قصۂ دل اور سو جائینگے آپ

یہہ توقع ہی سبا دامرگ دشمن روک لی
نعش پر میری ہی اوہتی وقت ہو جائینگی آپ

اوسکی کوچہ کو بھی مدت ہوگئی ہین کعبہ
خضر ہو تو خضر آئی نامہ یکی ہو جائینگی آپ

چشم تر آئی ہین آخر وقت پر غیرونکی ساتھہ
گر دغم دلسی میری گویا کہ دہو جائینگی آپ

حاصد ونکو کیا پتا بتلائین وہانکا ہمنشین
گر نہین جاتا کوئی جانی ہی دہو جائینگی آپ

گر یہی ہی حسن روز افزون و گر گون ہے جہان
حضرت ناصح میری ہمدرد ہو جائینگی آپ

دیکہنا ایامی وصل آتی ہی ذکر غیر کے
جاگتی ہی ہونگی تو دانستہ سو جائینگی آپ

ای قلق ہی آفرین جوش زدہ ہے کو کہ ہم
دفتر اعمال کو اپنی دو ہو جائینگی آپ

جلتا ہون اپنی آگ مین مثل چنار آپ
لپٹی ہی اوڑکی شعلہ کو میری بہار آپ

پہر میری جوش گریہ کی سیلاب دیکہی
پہلے نکال لیجی جیکے بخار آپ

جب ہو وی مجکو گردش ایام کا یقین
کیونکین اسیطرح سی میرا انتظار آپ

مین رنج مدعی مین ہون لات دن کہ کم
مین جان نثار ہون کہ میری جان نثار آپ

وعدہ بی ہی وہ آئی تو محشر کی بعد ہے
بڑہتا ہی مثل عمر فراق انتظار آپ

ردیف التاء فوقانی

بی نشانی ہو تو ہو شاید نشان کوئی دوست
نعش پر کہتی نہین ہین رہروان کوئی دوست

مشک ای گلچین ای نامہبر کنا دامان
تجکو مین بتلادی یا ہون نشان کوئی دوست

جا بجا چاہِ زمین و زاہل گریہ نی کئی
رہتی ہین ہمدرد یوسف ساکنانِ کوئی دوست

خوابگاہِ غیر ہی معلوم ای افسانہ گو
نیند آئی سنکی کیونکر داستانِ کوئی دوست

قافلہ بچھڑا ہی اپنا و یکئی کیونکر ملے
ہین پری ملکِ عدم سی رہ روانِ کوئی دوست

مرنی پر مرتی ہین لیکن موت قسمت ہین کہان
جانفزائی ہی ہین عاجز جانفشانِ کوئی دوست

ہر گھڑی آآ او تہاتی ہین مجھی منکر نکیر
گور مین ہی ہون مین گویا مہمانِ کوئی دوست

مصر کا بازار اوسکی عہد مین آوارہ ہے
سیکڑون یوسف لئی ہین کاروانِ کوئی دوست

تیر باران بیکس و مظلوم کا خون رات دن
ہی زمینِ کربلا اب آسمانِ کوئی دوست

شمع کے رفتار سی معلوم ہوتا ہی ہمین
دشمنِ گام و قدم ہین ازدانِ کوئی دوست

وزدودولت ایک جا دنیا مین گر رہتی بہم
تو قلق تجکو بنائی پاسبانِ کوئی دوست

کوچۂ غیر مین گزارے رات
ہوئی روز جزا ہمارے رات

دنکو سوئی وہ جاکے غیر کے پاس
کر گئے کام آہ و زارے رات

زندگی اب تو خارِ بستر ہے
کہ تڑپتا ہون ساری ساری رات

شام سے بند ہتا ہی خیالِ مژہ
سولی پر کٹتی ہے ہمارے رات

کاہشِ جان نی کی یہہ جان کاہی
غم نی کی میری غمگسارے رات

عیش کے واسطے تمہارا دن
سوگ کے واسطے ہمارے رات

زندگی کے ہزار سامان ہین
رہے کیا کیا امیدوارے رات

کیا جئے گا وہ ناتوان شب ہجر
جسپہ ہو وصل کی بھی بھاری رات

بزم دشمن مین صاف جا بیٹھے
تھی ہمین کیا ہی بیقراری رات

ہر ادا پر وہ آن آن بنی
وصل کیا موت تھی ہماری رات

اب قلق مین رہا ہی کچھہ باقی
صبح پھر کیا اگر گزاری رات

کہیئے کیا اور فیصلہ کے بات
وصل ہے اک معاملہ کے بات

اوسکے کوچہ مین لاکھہ سرگردان
ایک یوسف کی قافلہ کے بات

گیسوئے حور اور زاہد بس
ذکر کا کل ہے سلسلہ کے بات

غیر سے ہمکو رشک صل علے
کہیئے کچھہ اپنے حوصلہ کے بات

ایک عالم کو کر دیا پامال
یہ بھے ہے کوئی مشغلہ کے بات

کیا بگڑنا اودھین نہین آتا
صلح بھے ہے مجادلہ کے بات

دیکھہ کیا کہتے ہین خدا سی ہم
اک ذرا ہے مقابلہ کے بات

اسقدر اور قریب خاطر تو
عقل سے ہے یہ فاصلہ کے بات

داور حشر سے بھے حال کہا
نہین رکتی کہین گلہ کے بات

نہ چلے پانو اور نہ سر ہے چلے
بیسر و پا ہے آبلہ کے بات

کوئی مضمون کبھی نہ پیش آیا
شعر مین کیا ہے پھر صلہ کے بات

ہمنشین عرش ہلگیا شب ہجر
پوچھہ مت جیکے زلزلہ کے بات

ای قلق دل کو سوچ کر دینا
کچھہ نہین ٹہیک ولولہ کے بات

مطلع

تو جائی تو اس شکل سے آجائی قیامت
پہر منہ کسی صورت سی نہ کہلائی قیامت

تو آئی تو خود رفتہ یہہ ہو جائے قیامت
خورشید قیامت ہو تہ پائی قیامت

کیا اوسکی کہو وعدۂ فردا کا ٹہکانا
امروز ہے جسکے پس فردائی قیامت

یہ شور محبت دل شوریدہ مین تہا کچھہ
ہر زخم کے دامن مین ہی صحرائی قیامت

جب داور محشر ہی نہین زخم چشیدہ
کیا اہل شہادت کو تمنائے قیامت

کیا حشر اوٹہائینگے تیرے اہل کدورت
ایک نالہ مین دب جاتا ہی غوغائی قیامت

اللہ رے پا مائی الفت کے بلندے
رکہا ہی میری داد کو بالائی قیامت

کیونکر نہ مجہے صور سرافیل سو لاوے
افسانہ سی اوسکی ہی ہی غوغائی قیامت

لو آج ہی سی ہی دل ناشاد کا نشتر
وہ وعدہ کہ مجروح ہی فردائی قیامت

جو گام کہ اغیار کے جانب کو اوٹہاوے
ای کاش تیری سامنے ہی لائی قیامت

محشر مین قلق اپنا ہی قصۂ آخر
عاصی کی سوا کون ہی رسوائی قیامت

ط

خط زمین پر نہ اے فسونگر کاٹ
درد سر کاٹنا ہے تو سر کاٹ

گر لکھون اوسکو نامۂ الفت
حرف مطلب کو دے مقدر کاٹ

قتل ہی میری گر پھرے قاتل — دانت سی لون زبانِ خنجر کاٹ
گر ہے بیدادہی پسند تجھے — گردنِ غیر ای ستمگر کاٹ
غم برق و تگرگ کو نخرید — کشتِ امید کو سراسر کاٹ
وقت دی زیر خارزار گزار — موسمِ گل تہ گلِ تر کاٹ
پائے مردی ہے دستبرد پنجوڑ — جیبِ شاہ و گدا ابرابر کاٹ
قوتِ ہضم ہے بقدر ظرف — کیا کرے موج آب گوہر کاٹ
صبر و تسلیم ہی کے اندر رہ — عمر رنج و خوشی سے باہر کاٹ
تیغ برانِ وقت سے ہر دم — رشتۂ آرزو کو یکسر کاٹ

مطلع ثانی

مت بنا گھر چمن کے اندر کاٹ — مت لگا دل گل و صنوبر کاٹ
آشیاں کے لیے چمن کا نئے — مرغِ حرص و ہوا کا ہر پر کاٹ
قدرِ آرام کچھ تو کر معلوم — روز و شب اور رات دو پہر کاٹ
شرط کچھ تیغ باندھنا ہی نہیں — زیست کو آئے جو میسر کاٹ

ای قلق رنج ہو کہ ہو آرام
کاٹ جیسے کٹی سبکتر کاٹ

ردیف ثانی مثلثہ

ہر وقت لب پہ آ رہا اب نام ہی عبث — وہ دن گئی کہ بوسہ بہ پیغام ہی عبث

دل دیکے لکا لینا ہی اب نام ہی عبث
پختہ ہوا جنون ہوس خام ہی عبث

ضد سی میری عدو کا خیال آپ پر اتہین
ملزم ہون مین ہی آپ کو الزام ہی عبث

فی گشتۂ فراق نہ لبریز اشتیاق
بہر وصال غیر کا ابرام ہی عبث

دل دینی ہی غرض ہی کچھہ ای قاسم ازل
ہر آرزو عبث ہی کہ انجام ہی عبث

تقدیر کیا کہ سب ہی پہری پر نہ دن پہرے
ای روزگار گردش ایام ہی عبث

انجام کچھہ نہین میری آغاز کا مگر
کس کام کی یہہ لیست کہ ہر کام ہی عبث

آغاز بازگشت ہی انجام سعی یہان
ای صبح تجکو آرزوی شام ہی عبث

جب دل نہین دماغ سوی دلربا کہان
مطلب نہین تو پرسش پیغام ہی عبث

قدر حریف تک ہی حریفانہ چھیڑ چہاڑ
جم ہی نہین تو آرزوی جام ہی عبث

یہہ آب و دانہ کنج قفس ہی مین لائی گا
صیاد کیون فریضۂ دام ہی عبث

جب دل کو دیدیا تو ہٹی ہر تلاش سے
امیدوار آپ کا ناکام ہے عبث

شیرین ادا ہوئی ہی غضب تلخی امید
دلجوئیون مین لذت دشنام ہی عبث

آزادگی او الجھنی سی رہتی ہی دور گرد
جوش جنون کو فکر در و بام ہی عبث

تجھکو قلق مٹا یا زمانہ نی ہر طرح
کچھہ ننگ ہو تو جستجوی نام ہی عبث

الفت مین اور کرتی ہین بیداد العیاث
بیداد ہی ہی داد تو فریاد العیاث

پہر سرد سرد خنکی خاطر ہی الامان
پہر شاد شاد ہی دل ناشاد العیاث

جیبِ وفا مین ہاتھ یہین سے نڈال لین
کیا حشر مین کرینگے نہین یاد الغیاث

جان دادہ کا خطاب ہے خود میر الحذر
اور نام دستان بتِ بیداد الغیاث

لائی لگا کے آنکھ تو ماری نگاہ تیز
تیری ستم سے ای ستم ایجاد الغیاث

مجھسے وفا کے لب پہ شرر بار الحفیظ
تجھسے جفا کے جان پہ جلاد الغیاث

ہمپر نہین تو دام و قفس ہے یہ رحم کر
ابتو چمن چمن مین ہی صیاد الغیاث

کون و مکان ہلین تو بنا کیا ثبات کے
کیسے پڑی ہی عشق کی افتاد الغیاث

کرنے لگے وہ یہ دل ناشاد پر ستم
ہلنے لگے ہے عرش کی بنیاد الغیاث

چھٹتے ہین اور پکڑتے ہین دامانِ دام کو
کرتے ہین اور ہوتے ہین آزاد الغیاث

دلکی طرح سے لٹتا ہے کوئی بہی بی پناہ
ہوتا ہے اسطرح کوئی برباد الغیاث

کہتے ہین وہ کہ غیر رہین گے ارم مین بہے
کیونکر کرین نہ حسرت شداد الغیاث

دیکھا ہی تجکو اور میری حالت کو کیا کہین
کرتے ہین ملکے قمری و شمشاد الغیاث

یہ گرم خون میری رگِ جانسی ہے جوش زن
نوکِ زبانِ نیش ہی فصاد الغیاث

اللہ ری بیان کہ تہی کیا اثر کے لوگ
کیونکر کرے نہ طرزِ قلق یاد الغیاث

ج

قولِ افلاطون غلط بالصد اگر ہوتا علاج
رنجشِ بیجا کا ہوتا شکوہ برجا علاج

کس طرح سودا نہ بڑہ جائیگا فرطِ فکر کی
عقل مین آتا نہین ایچارہ گر تیرا علاج

کچھ تو مایوسی کی بہی سامان کو مہلت چاہیے
گو کہ رنج افزا ہی پر مجکو پسند آیا علاج

تنہا برا خون مجھہ گران جانکا تیری گردنپیہ — خون ہاسر پر طبیبونکے کیا اچھا علاج
اب اطبا کیا جئین جاتی رہی وجہ معاش — بچ گیا بیا رغم اور ہوگیا رسوا علاج
مین بہی تو دیکھون اطبا کی در تشخیص کو — کون سودائی کریگا جوش سودا کا علاج
مرگیا بیمار الفت رنج درمان سی دریغ — فرض تہا درمان اگر تو لا علاج تہا علاج
عشق مین گر زندگے چاہی تو چاہی موت کو — جو کہ ہو جو یا ے صحت اوسکا ہی مرنا علاج
بیخبر جو درد جان و دل سی ہین بہر حیات — کرتے ہین تدبیر کیسے کیسے اور کیا کیا علاج
کتنا ہی سمجہین کہ قدر درد الفت کچہہ نہین — کیسا چارہ گر کو سودا ہوگیا کیسا علاج
ایک جینی کے لیئے صد ناز چارہ گر سہون — نا سزا ہی زندگے اور سخت نازیبا علاج
اور گر جاتی ہین حرف قم کو سنکر ضعف سے — نا توانونکا تیری کیونکر کری عیسے علاج
زندگی جبتک ہے جبتک ساتہ ساتہ آزار ہے — عیسئے مریم سے کہدو کیجیئے اپنا علاج
درد ہے ہے یہ جو بستر سے اوٹہا بٹہلای ہے — پہر تو ہو ندز مین ہون گر ہوا میرا علاج

ای قلق فن طبابت سی ہون کیا کچہہ منقبض
بوعلے کے کاش مین اسہال کا کرتا علاج

انبساط خوشے مہتارا رنج — دلربا یانہ روح افزا رنج
وصل کی بد شرابیان ہین یاد — بے مے وجام بادہ پیما رنج
سبکا جے توڑتا ہے تہک جانا — دل جو بیٹہا تو پہر نہ اوٹہا رنج
تنگ روزی حادثات پنوچہہ — غم زدا غم ہے رنج فرسا رنج

فرقتِ غیر کا نہیں صدمہ — میری صورت پہ کیونکہ چھایا رنج
داغ کا تیری درد ہی مرہم — درد کا تیری چارہ فرمارنج
غیر کی گھر ہوا وصال نصیب — کیا اوٹھانا پڑا ہی بیجا رنج
ہم نہوتی تو تو ہی کیون ہوتا — تو نہوتا تو کچھہ نہوتا رنج
دل لگانی مین کیا مزہ ہی اب — کر دیا بیوس نی رسوا رنج
پردۂ وصل اوٹھہ گیا ہی ہی — کیا ہی سہتی ہین بیحجابا رنج
وصل ہوتا تو ہم دیکھا دیتی — تہا مقدر مین کیونکہ لکھا رنج
نکیا قاسمِ ازل نی لطف — کر دیا تہا مجھے کو دنیا رنج
کیا وہی درتہا ٹہوکر دنکی لیے — گر کی ہمنی اوٹھائی کیا کیا رنج
بیکسی کا تمہاری ہمدم غیر — بیکسی کا میری سہارا رنج

ای فلق اوسکی ساتہہ ساری خلق
اور شریک اپنی ایک تنہا رنج

دستِ نازک سی تو تلوار نکہینچ — میری آزار سی آزار نہ کہینچ
سینہ سی تیر کو زنہار نکہینچ — رحم کر لذتِ آزار نہ کہینچ
کہینچ بیٹہی نہ وہ تجھسے بہی ہاتہہ — الفعال ای ستم یار نہ کہینچ
اپنی الفت کو چہپا رہنے دے — نقش میری سر بازار نہ کہینچ
پانو پڑتی ہی قیامت ہر گام — سر کو ای فتنۂ رفتار نہ کہینچ

مدعی تیری تراکت کی ہین ہم — حلق پر خنجر خونخوار نہ کھینچ
اس قدر بھی نسبک حرکت ہو — غیر کا رنج گرانبار نہ کھینچ
میرا ہر لخت جگر ای مژگان — مثل منصور سر دار نہ کھینچ
سر کی ہی قدر تو ہر بار سہی بیچ — منت سایہ دیوار نہ کھینچ
جیب سی اوسکی تو ای گل نپٹ — میری دامن کو تو ای خار نہ کھینچ
حیلۂ مرگ سی بی قدر ہی مرگ — تہمت قتل ستمگار نہ کھینچ
وہ تو وہ موت بھی یون کب آئے — انتظار ای دل بیمار نہ کھینچ
صدمہ دیتی ہی جدائی سب کے — زخم سی ناوک خونبار نہ کھینچ
چھوڑ دی شوق عنان ناقہ — حسرتین ای دل افگار نہ کھینچ

ہی ہمین ضبط قلق کا ماتم
آہ بھی ای دل ناچار نہ کھینچ

بیکس کا کون ہی کہ اجل بی بھی دی طرح — آی گا چین مجکو بھی اریب کسی طرح
دل کو لگا کی داد مین اوس بت کی آگئی — دمساز یونسی روزنی طرح کی طرح
برہم مزاج کیونکہ نہو تو کہ خود بخود — کیا فرش خواب چین بجبین ہے بری طرح
بی مثل شوخیونمین ہی تو کیا کہ دیکھیے — قابو سی اپنا دل بھی ہی ہار تیری طرح
شام فراق موت ہی صبح وصال حشر — دل دیکی زندگی تو ہی مشکل سبھی طرح
کیون اوس گلی مین حشر بولاتی ہو جانے دو — پردہ کا ہی خیال تو ملی کسی طرح

اب چاہتے ہو چاہنے والون کو مجھہ بغیر
پہلے یہ دلفریب تمہاری نہتی طرح

ہمین کہان کے بوئے محبت سما گئے
کاکل کا حال ہی ہی پریشان میری طرح

کیا وارداتِ تازہ ہی اے جانِ عشوہ گر
دل کی نئی ادا ہے جگر کے نئی طرح

ہنگام جانکنی بہی ہی وہ ہی بتونکا دہیان
بیطرح ہے تامل جو یہ ہی رہی طرح

کیا ایک عذر غیر کے ملنے کا فاش ہے
ثابت ہی خون آپ ہی اپنا کئی طرح

مضمونِ وصل کا نہین معلوم رنگ ڈہنگ
کچھہ مدعا کہلے جو کرے مدعی طرح

دل دیکہی کیونکے جانکو اپنے کوئی بچائے
اعجو بگے سے آپکے ہے اجنبے طرح

ہے روزِ حشر فیصلہ ایک ہے جواب مین
سب عاشقون کی آپ کی ہے ایک سی طرح

اُردو مین ای **قلق** تو نکر ضایع میرا وقت
ہی امتحانِ طبع تو لا فارسی طرح

نہ کسطرح سے ہون دربان و پاسبان گستاخ
جنابِ حسن کا ہی ہر مزاج داں گستاخ

بیان گرفتہ دم و شوخیٔ زبان گستاخ
کہ رازِ دل ادب آموز و راز داں گستاخ

مبادا دامن قاتل کو خون میرا لپٹے
کہ شوق و ذوق مین ہون وقتِ امتحان گستاخ

عجب نہین جو غضب سے کرے وہ قتلِ عام
کہ رحم حیلہ طلب اور نشاطِ جان گستاخ

ضرور ہے کہ تکلف نہین محبت مین
کہ میری قتل مین ہی طرز تیغ ران گستاخ

الٰہی خیر کہ آئی قضا کہین اسکے
پیام بر ہے ہمارا روان دوان گستاخ

ہجومِ شوق کی بیباکیون سے ہے انوہ
کہ شہر دلمین ہی ہر ایک کاروان گستاخ

ہوا یہہ مشورۂ خامشے سے جوش درون
کہ منع ذکر سے ہی شوق داستان گستاخ

ہوا ہی قیس تو مجنون یہ کیا جنون ہی تجھے
نہ تہام ناقۂ لیلے کی تو عنان گستاخ

نہ ضبط وضع چھوڑا اے غم درون بیباک
نہ فاش راز کر ایکا وش نہان گستاخ

الٰہی ایسی بہی چالاک تیری بندی ہین
ادا شریر بیان شوخ اور زبان گستاخ

مین اوسکی بزم مین قابو سی اپنی باہر ہون
کہ عرض عجز ہے منظور اور بیان گستاخ

فلک نے نالہ سی چالاکیان میری سیکہین
کہ کرتے پیر کو ہے صحبت جوان گستاخ

اگر قبول دعا ہو گئی تو کیا ہوگا
الٰہی سی سجدی ہین سو پیش آستان گستاخ

قلق ملا ہی نظیری کو کیا صلہ کہ تجھے
سوال زشت غنی سنگدل زبان گستاخ

ردیف الدال المہملہ

دیکہکر حسرت شداد کے داد
ملگئے ہمکو بہی بیداد کے داد

آشنا کون ہی مایوسون کا
کچہہ نہین کچہہ دل ناشاد کے داد

کیا لیا اسنے پکڑ کر ہمکو
ہای رے کوشش صیاد کی داد

تلخئے مرگ ہی جان کا انجام
دشت ہی خانۂ آباد کے داد

رغبت نیک بد سے نفرت
سب سے آزاد ہے آزاد کے داد

سہو کے واسطے ہے یاد میرے
عین نسیان ہی میری یاد کے داد

یہان مٹا دیتے ہین خط تقدیر
خاک دیگا کوئی بہزاد کی داد

لطمہ ہے موج صفا کے تعذیر
عقدہ ہے طرۂ شمشاد کی داد

داغ تنہا زخم و فا کامرہم — درد تنہا خاطر ناشاد کی داد
نامرادی تہی مراد انصاف — خود کشی تہی ستم ایجاد کی داد
دردہی سینہ بلبل کی دوا — خاریہی حسن چمن زاد کی داد

ای قلق وہب ہی تجکو گویا
کیا تیری طرز خدا داد کی داد

ہی ابتدای عشق مگر انتہا کے بعد — کہتے ہین پہر جلائینگے تجکو فنا کے بعد
آخر مآل حال تو اپنا ہین سن رکہون — کیا کیجئے گا عشوہ و ناز و ادا کے بعد
ہی ماجرای نادر و طرفہ خیال وصل — شایان جفا سی پہلی تمکین وفا کے بعد
باہر حد کلام سی احوال عاشقان — آغاز قصہ ہوتا ہی صوت و صدا کے بعد
نان و نمک کا لطف ہی اول تلاش سے — اور فاقہ کا مزہ ہی نوید و صلا کے بعد
کیونکر نہ آستین مین چہپا کر پڑہین نماز — حق تو ہی یہہ عزیز ہین بت ہی خدا کے بعد
سودا فروش لف کا اللہ ری مرتبہ — ہرگز کسی طرح نہین مجرم خطا کے بعد
جینے کے آرزو نگئے بعد مرگ بہے — مرنے کے بچہ رہگئے حسرت فنا کے بعد
کیا کیا تڑپ تڑپ کی شب وصل کے سحر — باقی ایک آرزو رہی ہر مدعا کے بعد
ایک تیری یاد نے مجہے سب کچہ بہلا دیا — فتنوں مدعای دعای دعا کے بعد
ہونٹونکو تیری چوس کی خون جگر پیا — باقی تلاش زہر ہی آب بقا کے بعد
یارب مجہی نصیب ہو دربار شیر بے — تا عرض کچہہ کرونمین دعا و ثنا کے بعد

رمز ہستی و ہن ہوش ربا کا ایجاد — لن ترانی سی کیا جسکی صدا کا ایجاد
صبر ایوب سیا گر یہ یعقوب درست — سخت کافر تھا کیا جسنی وفا کا ایجاد
لا اُبالی محبت کا ستم تو دیکھو — خونِ عاشق سی کیا رنگ حنا کا ایجاد
عشق مین دل ہی سہی جور و جفا کا موجد — حسن مین کسنی کیا ناز و ادا کا ایجاد
اہل الفت کی تمنا ہی تماشا ہی کوئی — رحم کے واسطے کرتے ہین خطا کا ایجاد
کیون غضب یار کا مین جان عدو پر تو ڈرون — ای وفا تو ہی تو کرتی ہی جفا کا ایجاد

ای قلق کوئی منکر ہو کسی شکل سی پھر
گر خود یہای بتا نسی ہو خدا کا ایجاد

ردیف ذال معجمہ

تلخی زندگی ہی مجھی کس قدر لذیذ — کس درجہ میری دلکو ہی خون جگر لذیذ
منجوار ہی ہین تارک لذات و عطا — بعد غور کر کہ مئی ملتفت تر لذیذ
کیونکر نہ سر کٹائین شہادتگہ واسطے — ہی آب تیغ اوسکا ہمین سربسر لذیذ
بیزار و بیمزہ نہو دنیی مین کس طرح — دشنام تلخ کہاتی ہین ہم جانکر لذیذ
ای بیوفا ملاپ مین ہی لطف رند گے — ملتی ہی یکہہ ہوتی ہین شیر و شکر لذیذ
کچھہ لی اوڑی ہی اوسکی شکر خواب کا مزہ — ہوتی کہانسی ورنہ ہوای سحر لذیذ
ای کاش ہجر کا ہو مزہ غیر کو پسند — ہی ذکر تلخ میرا لب نوش پر لذیذ
کہلتا ہی ماجرا تیری میٹھی نگاہ سی — کیونکر نہین ہی آب دم نیشتر لذیذ

اتنی وصال غیر سے شیرین ادا ہی تلخ
جتنا کہ تلخ کام کو زہر نظر لذیذ

شیرینیٔ وصال سی لب بند ہوگئی
تلخیٔ مرگ ایسے ہے اے چارہ گر لذیذ

ناکامیون ہی رہتا ہی ناکام کامیاب
رکھتا ہے حسرتونکو دل بیخبر لذیذ

اے ناشکیب تو نی سنا کیون پیام تلخ
فرہاد تہا فسانۂ شیرین اگر لذیذ

لذت نہین ہی قسمت جوہر مین مانی ہے
ہوتا کسیطرح نہین آب گہر لذیذ

دقت مین وہ بشر ہے کہ جسکا کلام خوش
آفت مین وہ شجر ہے کہ جسکا ثمر لذیذ

ہر طور زندگی کا قلق کچھ مزہ نہین
ہر طرح چارہ زہر ہے درد جگر لذیذ

ردیف الراء مہملہ

سر سنگ سنگ پر ہی تو قدم خار خار پر
ایک ناتوان تمہارا ہے بہاری ہزار پر

پڑتی ہے انکہہ اوسکی میری حال زار پر
لو مین ہے چڑہ گیا نظر روزگار پر

جی سی اوتر گئے ہین فلک کی بلندیان
جب سی نظر ہے اوسکے ہمارے بخار پر

کیا مجھے ننگ خلق کی ملت سی فائدہ
ہو کیون نہ دشمنے کا گمان رازدار پر

کیا کیا ہوی ہین عشق مین پامالیان ہمے
اب جادۂ جنون ہی گریبانکی تار پر

میری سنی کہ اونکی کہی یا کہ اپنا حال
کیا کیا عذاب ہین دل ناکردہ کار پر

کیونکر چہپاؤن حال تکلف سی حیف حیف
کسطرح کہولدون غم دل رازدار پر

بہر نثار ہی ہو رشک سے کیون سوز تا نخوان
ٹہنڈا کرو چراغ ہمارے مزار پر

دل خون ہوا تو کرتا ہی وہ اور دل ہی
اب اور قہر توڑتا ہی جانِ زار پر

جیتے رہی ہین مردن دشوار کے لیئے
مرتے رہے ہین عمر بہر انداز یار پر

وہ شرمگین نگاہ قیامت ہی نشہ مین
وہ نیم باز آنکہہ غضب ہی خمار پر

کیا جانیئے کہ کون سی حسرت کا خون ہوا
ماتم برس رہا ہے تیرے سوگوار پر

کیون جاؤن اوس گلیمین کہ دشمن کے گہر وہ آئے
مجکو نظر ہے تفرقۂ روزگار پر

کیونکر وہ آئی یار ہی دشمن تو کچہہ نہین
سامان زندگے ہے میرا انتظار پر

اوٹہتے ہین پانوا پنی ہی پامال کی لیئے
چلتے ہین ہاتہہ اپنے ہے جیب و کنار پر

واماندگے کہان تک اے کاروان شوق
پرتی ہی آبلون کی نظر خار خار پر

لوشبکو ہائے چرخ سے وہ بدگمان ہوئے
آئی بلا ستمزدۂ روزگار پر

ہے بال بال خاطر صیاد پر فدا
منقار تیر زن ہی جو خنجر گذار پر

جون اشک آب و دانہ ہمارا ہی اپنی سات
ای ہمصفیر کسکو بہروسا بہار پر

تم نیم شب نہ آتی نہ اوٹہتا کوئی ولے
کیا اختیار نالۂ بے اختیار پر

وہ حال میرا دیکہہ کے کچہہ سرفرو ہوے
کیا جانے کیا بنے نگہہ شرمسار پر

کیسے بڑے ہے رنجش دشمن نپوچیئے
ہے اب گمان غیر تن سوگوار پر

بجہین بسنکے ہوتی ہین احباب ای قلق
ہوتا ہے تیر اشعر بہے تیرے شعار پر

ناتوانی مجہے لپٹے ہے توانا ہوکر
لاغرے میرے اوڑی شہرت عنقا ہوکر

قطع تقریب عیادت کی بھی امید ہوئی
ہوگیا اور بھی بیمار میں اچھا ہوکر

اپنا گھر چھوڑ کی وہ غیر کی گھر رہنے لگی
ہائے کیا شرم چڑھی ہی نہیں سودا ہوکر

عشق آسان کیا کیا نکری گا خود کو
حسن ہی جلوہ فزا آئینہ سیما ہوکر

رک گئی غیر کی گھر وہ کہیں جاتی جاتی
رہگئی دل میں میری کاوش بیجا ہوکر

وہ جو نظروں ہی میں رہتا تھا خیال نگیں
عاقبت دل میں رہا خون تمنا ہوکر

یہہ جو ایک وسوسہ رغبت خوبان ہی آب
حشر لائے گا کبھی شوق تماشا ہوکر

ملنی ہی تجھ سے کہلا ہمکو یہی اپنا عقدہ
اپنا احوال کہلا قطرہ کو دریا ہوکر

ربط ای پردہ نشین سب سے رہا تیری لئی
زندگی اپنی کٹی حرف اشارہ ہوکر

کبھی دل میں تہا فغان اور کبھی آنکھوں میں اشک
مرہا ایک جگہہ تو تو کسی کا ہوکر

کیا کہیں آج ہی پامال دو عالم یہہ نظر
گذری اسطرف سی تم کیوں کے دوبالا ہوکر

کیونکہ مشکل اشارہ نہو نالہ لب پر
بنگئی جان پی سرگرم نظارا ہوکر

ای قلق اور نہیں چارہ فرد دلی
پھونک دی خرمن ہستی کو شرارا ہوکر

کچھہ زیست پی جینا ہی نکچھہ موت ابن پر
ایک شکل تو ہم ہی رخ یاس و امل پر

ساقی کی نظر گر ہی یونہی رد و بدل پر
میخانہ بنی گا کبھی مسجد کی محل پر

کیا کیا سر عارض شکن زلف ہی بل پر
خورشید تلف داغ ہی تقدیر زحل پر

ہوتی ہی ہم آغوش شب وصل سدا ہے
تنگی فرصت کو نظر میری بغل پر

بیقدری دوراں نے نہیں کس کو جلایا
ہی ظل ہما داغ سر اہل دول پر

موت آئی پی یہی مر نہیں سکتی تیری
مشکل ہے کہ جی اوہتی ہیں پیغام اجل پر

کیا جانئے کیا ہوگی دم جلوہ قیامت
ہقتادہ دو ملت ہی کمر بستہ جدل پر

اس ہستی موہوم پے یہہ فاصلہ حشر
مایوسی جاوید ہی یک لمحہ امل پر

ہوتا نہ کوئی لیکی خدائی کو یہی آضی
دینی کا یقین کیونکہ ہو قسام ازل پر

ہر شکل دشوار ہی شرمندہ آسان
ہر عقدہ سر بستہ کی بنیاد ہی حل پر

زاہد نہ اوٹھا پردہ ناموس کلیسا
گر جائی گا کعبہ میری سجدہ کے محل پر

ترک بک کی خدا جانی حشر آئی گا کس وقت
رہ رہ کی جبین پر تیری بل پڑتا ہی بل پر

ہو جائی قبا جامہ ہستی تو عجب کیا
خمیازہ حسرت سی قیامت ہی بغل پر

اک ڈہیر غبار دل و دیدہ کا ہوں اپنے
ہستی سی میری خاک پڑی علم و عمل پر

پہر طوف میں دیوانہ ہی کیوں ساری خدائی
کعبہ نہیں صدقہ اگر اوس بت کی محل پر

کس کس کے خبر لی کہ جہاں مرتا ہی تجہیز
واماندگی چہا ہی گئی آخر کو اجل پر

اظہار عداوت سی کبھی منہ نہ چہپایا
ہی باور الفت مجھی یاران دغل پر

ساری شکن و پیچ میری دل سی اوراہے
درہم ہی تیری زلف سیہ کونسی بل پر

لڑنی کی لئی آتی ہیں آتی ہیں اگر وہ
ہی صلح مگر شرط مقدر میں جدل پر

جیتی ہی رہی جان گنوانیکے بہروسی
مرتی ہی رہی ہمتو تمنای اجل پر

یا لائین مستوں کو پکڑ کر پے تعذیر
یا میکدہ تعمیر ہو قاضی کی محل پر

خوشوقتیٔ گل اور خلشِ خار کے ہم جیب
اس بزم کا ہے رنگ خرابی و خلل پر

تو دیکھہ قلق میری مراتب حکما مین
کچھہ شعر مر افخر نہ کچھہ ناز غزل پر

اسقدر دہر کا کلیجہ حالتِ دل دیکھکر
حادثہ ہے مضطر صبر مہ ہی بسمل دیکھکر

ہی فدای قتل خلق اعجازِ قاتل دیکھکر
خود بخود جی اوٹھا ہی بسمل کو بسمل دیکھکر

وجد مین چرخ و زمین تہی رقص بسمل دیکھکر
کٹ گئی آخر کو سب اندازِ قاتل دیکھکر

حیف بیدرد کی تہمت قدر ہمدرد کی ساتھہ
بڑہ گیا دونا تغافل مجکو غافل دیکھکر

اور گئے شکلِ تصور ہو کے صیدِ انتظار
قیس نے لیلے کو کہویا سوی محمل دیکھکر

سخت بیرحمی ہی زندان کی مرد تو رونے
ٹوٹتا ہے جے مرا سیم سلاسل دیکھکر

واہ محشر نہ قتلِ عشق کی کر باز پرس
خونبہا مارا نہ جای روی قاتل دیکھکر

چپ نہین سکتے محبت سو عداوت کیون نہو
خون ہمارا جوشمین ہی تیغِ قاتل دیکھکر

برالہوس کو کیا خبر کیا وصل کا انجام ہے
ہوگئی وحشت مجھی ساماں محفل دیکھکر

شوخیان کیونکر نہ آئین آنکھہ مین ہکر اور نہین
ہوگئے بے پردہ وہ بہے پردہ حائل دیکھکر

آپ ہی کوئی جھکی تو آپ ہی جھک جائیے
دل ہی مائل ہوگیا زلفونکو مائل دیکھکر

پڑگیا آنکھون پہ پردہ جب اونہی اونکی نقاب
کسکو تہی تاب نظر دنیا مین کیا دل دیکھکر

کاملون کے واسطے ہے یہان پر انقصال کمال
سلخ کی رہتی ہین جو یامہ کو کامل دیکھکر

گر نہوتے یاس تو بجلے نہ دیتے آرزو
برق گرتی ہے مگر انجام حاصل دیکھکر

ذرّہ سے تا آسمان کوئی نہ پہنچا یار تک
سب ہوئی درماندہ اپنی اپنی منزل دیکھکر

ہر کوئی خمیازہ آرای فراغت ہی یہان
موج دریا اوٹھنی ہی آغوش ساحل دیکھکر

بعد محشر کچھہ کہینگے ہم بھی الّا سوچ کر
داد دل چاہینگے لیکن عدل عادل دیکھکر

سرنوشت اپنی بھی ہی شاید سواد خط غبار
کھل گیا لکھا ہوا تحریر باطل دیکھکر

سادگی حسرت عشاق دیکھا چاہیے
مرگ کو سمجھی ہین آسان زیست مشکل دیکھکر

دیکھی ہمت شکستہ مہ پائی اہ عشق کے
بیٹھتا ہی جی تو درد اوٹھتا ہی منزل دیکھکر

ای قلق ایک سرسری سی بات ہے جو فلک
مرد ہوتا ہی مقابل اپنی قابل دیکھکر

اعجاز ابرو و لب ہر دم دیکھا دیکھا کر
ظالم نی مجھکو مارا مسکین جلا جلا کر

دیر و حرم کو دیکھا دیر و حرم نہ دیکھی
پہچانا ہی یہان بھی آکر پہچانا وہان بھی جاکر

میری بغل تو کیا ہی وہ آپ ہی ہین ماہر
مینی ہی کی خرابی آئینہ کو دیکھا کر

ہوگا ضرور ہوگا دیدار اور تمہارا
کیون حشر کو اوٹھایا اس حیلہ کیوں اوٹھا کر

کیون کی شکایت اوسکی اب کہہ حکایت اپنی
ناصح کہی تو جیکی کچھہ ہمسی بھی کہا کر

ڈوبا ہی چاہتا ہی امید کا سفینہ
طوفان اوٹھا کہا ہی دلنی ولا لاکر

کعبہ سی پیر کہا یارب یہہ کسنی ہم کو
بتخانہ و صنم کا جلوہ دکھا دیکھا کر

کس کس سی منہ چھپائین بچکر کدہر کو جائین
تہمت مین آگئی ہین کوچہ مین تیری آکر

اللہ رے کبریائی کرتی ہین بت خدائی
ہوتی نہین سنائی واعظ تو کچھہ بکا کر

نزعہ مین ہی طبیعت آزار دوست نیت
کیا خاک چین پا ماتنے مجھے ستا کر

مرتی ہوا قلق پر آزار کچھہ نہ پایا
دل پر رہے تہا ہر دم سینہ سے ہاتھہ اوٹہا کر

لیگا کیا وادی وحشت سی تو اوٹہا پہر کر
کہ وہین جاتا ہی ہر سمت سی رستا پہر کر

اب وہ صورت ہی نہین اور ہی نقشہ ہی کچھہ
آنکھہ دکہلاتی ہی یہہ نرگس شہلا پہر کر

دیکہنا دیکہنا ارمانکی ہجوم آرائے
بلبی نزعہ نہ پہری چشم تماشا پہر کر

رحم بنجاتی ہی وہان صورت عصیان ڈر کر
کعبہ بنجاتی ہی یہان شکل کلیسا پہر کر

اوسکی کروٹ کی بدلتی ہی میرا بدلا رنگ
لیگیا دل کو بغل سی ستم آرا پہر کر

عشق کی کہنچنے سے ہی حسن کے رغبت بڑہا
لا بٹہاتی ہی اوسی خاطر شیدا پہر کر

کوہ ہی سنگدلی تیری ہر ایک ظالم
نالہ دل کو ب نکسطرح ہوا اوٹہا پہر کر

قطرہ افشانی وحشت کا پسینہ تہا مگر
ہوگیا خشک میری خاک پی دریا پہر کر

پیشوائی کو میری نعش بہی اوٹہی تو بہی
نامہ بر کوچہ دلبر سے نہ آیا پہر کر

اقربا پہر گئی احباب پہری خلق پہرے
پر کبہی تو نی ہی بیرحم نہ دیکہا پہر کر

پانو پہیلائی یہہ دل نی تیری کوچہ مین بیخبر
گر کی سایہ کی طرح درسی نہ اوٹہا پہر کر

گردش چشم کو اوسکی تو دلاتا ہی یاد
ای فلک تو نی زمانہ کو پہرا آیا پہر کر

اوسکی کوچہ سی قلق جان سے دیکر نکلا
ایسی نہوکر سی گرا تہا کہ نہ سنبہلا پہر کر

آشوبِ زلزلہ نہین آشفتہ سری دور — زندان ہمارا چاہیے دیوار و در سے دور
وہ پہر رہی ہین آنکھہ مین لیکن نظر سی دور — شوخی تو دیکھی کہ وہ گہر مین ہین گہر سی دور
وحشی کی تیری آنکی زندانمین دھوم ہے — کیا دور بہاگ جائی جو دیوار در سی دور
تقریب اونکی منہنی کی یہہ بہی تہی ایک اور — افسوس ہی کہ مرتی ہین ہم نوحہ گر سی دور
ای چارہ گر مین کشتہ نازک مزاج ہون — ہی چارہ در د سر کا میری در د سری دور
کیا مرغ صبح خوان مونون کو مجھسے رنج — میری شب فراق ہی کوسون سحر سی دور
آغاز کی خبر ہی نہ انجام پر نظر — شوق گریز پا نی کیا راہبر سی دور
جو واہان تلک گیا وہی اپنا رقیب ہے — ای آہ پاس جائیو لیکن اثر سی دور
بیداد وہ کری ہی جو گاہی ہوا نہو — فریاد وہ سنی ہی جو ہو شور و شر سی دور
گر کچھہ نہو اشارۂ الفت وہ پاس ہی — اندیشۂ رقیب سی اور زور و زر سی دور
ای رشک اوسکی بزم مین تو بہی نہ آئیو — رکہنا خبر میری مگر اوس بیخبر سی دور
واعظ وہین کٹی گی شب ہجر بیچ بتا — جنت مقام امن ہی خوف و خطر سی دور
کیا بیحل ہین وادر محشر کو دین جواب — ہی ہی کہ حشر ہی ہی تیری رہگذر سی دور

چہوڑ ای خلق کمال زہن زوال ہو
بیشک شرف ہی منزل علم و ہنر سی دور

ردیف رای فارسی

رشتۂ رسم محبت مت توڑ — تو ڑ کر دل کو قیامت مت توڑ

کام ناکامی ہی اک کام سہی
توڑ امید کو ہمت مت توڑ

رات فرقت کی بڑی ہی لیدل
ایک ہی نالہ مین طاقت مت توڑ

اوسکی رحمت کو نہ بیکار سمجھہ
می و میخانہ کی نیت مت توڑ

دیکھہ اچھی نہین یہہ حرستی
ساغرِ بادہ فرصت مت توڑ

ای دل امیدِ رہائی مت باندہ
اور آفت سرِ افت مت توڑ

پوچھہ مت لذتِ می ای واعظ
جا تو ورد امِ شریعت مت توڑ

صحنِ مسجد کو کئی جا پامال
قیدِ آئینِ طریقت مت توڑ

میکدہ دیکھہ کی جنت کو نہ بھول
حرص سی بندِ قناعت مت توڑ

اوسکا احسان اوٹھانا ہی ہمین
گردن ای بارِ ندامت مت توڑ

ای قلق تکیہ مین باندہ احرام
ہمسے للہ رفاقت مت توڑ

ردیف الزا معجمہ

ویسا ہی بدگمان ہی وہ بدگمان ہنوز
آتا ہی ساتھہ نقش کی ہی وہم جان ہنوز

اللہ ری دشمنی میری حالِ تباہ پر
اعدا بہی رو چکی وہ نہین شادمان ہنوز

طولِ شبِ فراق کی شکوہ کی کیا مجال
وہ شوخ خوابِ ناز مین ہی سرگران ہنوز

ہی آرزو کوئی دلِ غمدیدہ مین ابہی
ایک چال پر ہی دورِ ہفت آسمان ہنوز

وہ دل نہین دماغ نہین وقت وہ نہین
ناصح کو وہی ذکر ہی وہ داستان ہنوز

اب آچکی بہار اُدہر جا چکی خزان
رکہا ہی شاخ گل پہ پیر آشیان ہنوز

بی التفاتیون مین بہی ایک التفات ہے
ہی نذر نیمناز میری بیجان ہنوز

ٹہوکر سہی اپنی سایہ کی کرتا ہون مین کہ ہے
زور آزمای شوق دل ناتوان ہنوز

کیا صبح ہجر زلزلۂ حشر کی سنون
کانو نمین ہی بہرا ہوا شور اذان ہنوز

اِسوقت مین بہی عشق کا کچہہ کچہہ ظہور ہے
بچہہ سی دور گردہی چاک کتان ہنوز

زندان عجب جگہہ ہی کہ لگتا ہی سبکا ہے
یوسف کا حال دیکہئے ہی میہمان ہنوز

دل سینہ مین نہین تو نہو بیدلی نہین
افسانہ کی لئی تو ہی منہ مین زبان ہنوز

بہر نگاہ راز ہی ہمراہ نغش کے
وہ جالستان ہے دیکہنا کیا دستان ہنوز

گو ذرہ ذرہ ہی میری بربادشت خاک
پر شوق کی نظر مین نہین رایگان ہنوز

مین کیا کہون قلق کی زبانکو کہ سحری
جیتا ہی باری شکر وہ جادو بیان ہنوز

کسیکو چین ہی دور آسمان شب و روز
کہ روز و شب کو بہی فرسودگی ہی یہان شب و روز

کچہہ اعتماد کسی کا نہین محبت مین
نگاہبان کو ہی در کار پاسبان شب و روز

کچہہ اعتبار اقامت نہ اختیار سفر
کہ صبح و شام کا کٹنا لگا ہی یہان شب و روز

پوچہہ چیزہ کشی سپہر صبح و مسا
کہ لحہ لحہ ہی بسمل تو نیمجان شب و روز

عجیب دور ہی میخانہ کا بلا تغیر
کہ شام و صبح کدہر کو گئی کہان شب و روز

کمال نقص ہی بنیاد کائنات مین کچہہ
کہ ذرہ ذرہ کا ہوتا ہی امتحان شب و روز

وہانہ دیکھی کیا کچھہ ملی گا نقدِ مراد
کہ سال و ماہ ہی یہان عمر رائگان شب و روز

جہان کی ہی کوئی آخر تو منزلِ آرام
کہ روز و شب ہین برابر روان و ان شب و روز

نمرتی ہم تو بن آئی زمانہ مرجا تا
ہماری قصہ کی ہر سو ہی داستان شب و روز

ہر ایک جسم مین جان دل نگار کا نتا ہے
کہ فکر زیست مین مرتا ہی ایک جہان شب و روز

خدا ہی جانی محبت مین کیا برائی ہے
وہ روز و شب ہی بدلدیش و بدگمان شب و روز

ہزار گریہ و ہر گریہ لاکھہ طوفان ہے
کہ ایک رنگ پہ ہی چشم خونفشان شب و روز

غم و الم سی ہی خوش ہوتی مین تو ڈرتا ہون
وہ میری رنج سی رہتا ہی شادمان شب و روز

خدا ہی جانی کہ ٹپکا پڑی ہی کیا لب سے
لرزتی رہتی ہی منہ مین میری زبان شب و روز

قلق وداعِ محبت کا وقت آپہنچا
کہ دلسی اوٹھتا ہی اب دو جا ستان شب و روز

ردیف السین المہملہ

اس قدر ہو گئی ہم زیست سی نا چار کہ بس
چارہ ساز و نسی طبیعت ہی بہ بیزار کہ بس

میرا ہر نقطہ پی یہ ذہن پریشان کہ نہ پوچھہ
اوسکو ہر بات پی اس مرتبہ تکرار کہ بس

نہ اسی پاس ہی میرا نہ حیا ہی اوسکی
دلِ خود کام بہی ہی اتنا خود آزار کہ بس

دم آخر میری پرسش کو مگر صبر آیا
ہی یہہ آواز فغان سی میری ہر بار کہ بس

سخت دلگیر قفس دام پریشان خاطر
کیا غضبناک ہی صیاد ستمگار کہ بس

اوسنی تو کام تمام اپنا کیا ہتا لیکن
بول اوٹھی بیچ مین بیہودہ سر غبار کہ بس

لب کی پاس ہی دل مینی کہا جب اسنے
جیب خالی کو دیکھا کہتا ہی عیار کہ بس

دین چھوڑا دینی کو وہ آنکھ یہہ کافر کہ غضب
دل اور ایمنے کو وہ زلف یہہ طرار کہ بس

بی بسی سی دم آخر ہنین چلتا کچھہ بس
اہل ماتم کو وصیت میری نا چار کہ بس

تشنہ قدر عجب گوہر بی قیمت ہون
دور سی دور ہی کہتا ہی خریدار کہ بس

نام عیسی کا کوئی لی کہ نکلجاے دم
تنگ جینی سی ہی ایسا دل بیمار کہ بس

رحم سی تیری وہ دلگیر اجل ہی کہ پناہ
مرگ سی میری وہ شرمندہ ہی آزار کہ بس

موت جسکو نچھوئی چھوڑتا ہی ہوسکو وہ
دلگرفتہ یہہ رہائی سی گرفتار کہ بس

جا اب ای حسرت دیدار ندیکھا کیکیا
بیٹھہ اب ای ہوس شوق دریار کہ بس

کر لیا ساری زمانہ کو خلق فی دشمن
کیا بلا تھی الفت مین ہی سر شار کہ بس

سرکی سیل چشم تر افسوس
نہ بجھے آتش جگر افسوس

خاک دنیا مین جی کسی کا لگے
ہمسے ویران ہین گھر کی گھر افسوس

فرق ظاہر ہی اصل گیہو مین
دل کی پیوند رشتہ پر افسوس

اونکو آتی ہی جب ہنسی مجھہ پر
مجکو آتا ہی کس قدر افسوس

خون حسرت کہان کہان نہوا
کیجیے ماتم کدہ بہ کدہ بہر افسوس

تیری ہی ناز ہم اوٹھائین گے
سخت جانی سی چارہ گر افسوس

دشت و دریا کی خصد ہنین جاتے
ہی میری خاک دربدر افسوس

کیا ہی بھولی ہین دلربائی پر
دیدیا دلکو جانکر افسوس

دعوئی فہم ہی ہی نا فہمے
ہتی خبر دار بیخبر افسوس

کیا امید جواب قاتل سے
آئی ہی جائی نامہ بر افسوس

اوس ستمگر کی التفات پہ ناز
ای قلق تیری حال پر افسوس

یون وصل ہی ہون دور مین گل پیرہن کے پاس
جسطرح قید مین مرغ چمن ہو چمن کے پاس

مر رہی جاکی طاقت رفتار سی پرے
درماندہ وطن ہی نجای وطن کے پاس

پاس حرمتی غیر نہین ہی اگر اوسے
اگر وہ کیون رہا میری بیت الحزن کے پاس

سر پھوڑنا دلیل محبت نہین ہی کچھہ
شیرین نہتی شیشہ تو ہتی کوہکن کے پاس

گر ہمکو کوئی غیر مین مرنا پڑی پرے
مدفن مگر بنی گا تیری انجمن کے پاس

حکم عقیدہ ہی کہ رہین گے بتون سی دور
مسجد نئی بنائین گے دیر کہن کے پاس

اس زم دلپہ سخت نظر شمع اسقدر
پروانونکا ہی دھیر ہمیشہ لگن کے پاس

ایسی اداسی غیر جاہی تیری قریب
جیسے کوئی مغیل لگادی سمن کے پاس

کیا ذکر لطف و مہر کا جور و جفا کی ساتھہ
کیا کام عیش و ناز کا رنج و محن کے پاس

وہ شکل بوسہ پوچھتے ہین عین دو قین
اور طرفہ یہہ کہ اب ہین برابر دہن کے پاس

دلبر لگی کی صدمہ خود فتگی کی ٹھیس
سیماختہ نہ آ تھلے خستہ تن کے پاس

چمن سی کم نہین یاں خوشیٔ عنکاف قفس
جو چھوٹ جاؤن تو کرتا ہون طواف قفس

جو مجکو چھوڑ دی صیاد ٹوٹ جای کمر
بشکل فائے قفس ہوگیا ہون نافِ قفس

جو مین نہون تو نہو کچھ حصولِ فصلِ بہار
میرا غلاف قفس اور چمن غلافِ قفس

ہجومِ شوقِ تماشا ہی جلوۂ حرمان
میری نگاہ سی وابستہ ہی شگافِ قفس

میری سراغ مین صیاد ہی گیا گذرا
کہ لاخر یسی ہون عنقائی کوہِ قافِ قفس

ہوا ہون سرد زمستانِ سردِ مہر یسی
خبر آسمان کو ئی بنتا نہین لحافِ قفس

ہر ایک اسیر کا نالہ ہو تو وہ زیرِ خدنگ
گر اتفاق سی برپا ہوا اختلافِ قفس

فلک کے پنجہ سی کوئی کدہر نکل کر جائے
ظفر نصیب ہے جاندادۂ مصافِ قفس

قلق اسیرِ محبت ہے اور کیا کرتا
قفس کے ساتھہ رہا شل سین وقافِ قفس

ہر آبلہ پا ہی میرا خنگرِ آتش
مین شوق مین ہون شعلۂ آتش سرِ آتش

ہر اشک سرخ جو ہر اجگرِ دامن
ہر نالہ پی باغ میرا صرصرِ آتش

فریادِ دلِ چیخ مین ہی خنجرِ زہراب
اور آہ رگِ سنگ مین ہی نشترِ آتش

ہی سردیٔ الفت تیری خرتائی دریا
اور شعلہ مزاجی ہی تیری خنجرِ آتش

جب دیکھتا ہی شمع کو خندان بر محفل
پروانہ کی لگ جاتی ہین بال و پر آتش

ای شمع پگھلتے ہی مگر شعلہ سی بچکر
ناسورِ جگر اپنا ہی چشم پر آتش

ہی منہ مین زبان تیری اگر ماہی سیماب
دل پہلو مین میری بہی ہی حاد و گر آتش

ہی منہ مین زبان تیری اگر ہائے سیماب
دل پہلو مین میری بہی ہی جادوگر آتش

کچہہ اور نہین اسکا جلانی کی سوا کام
ہی سردئی الفت سی مگر جوہر آتش

دلسوز میرا سوز ہی مین سوز کا دلسوز
آتش میری دلدار ہی مین دلبر آتش

کیا کہئے گداز دل افسردہ کا عالم
ہر اشک خنک بہی ہی میرا ساغر آتش

ہی سینۂ تفتہ مرا آتشکدۂ داغ
ہی دیدۂ خونبار میرا مجمر آتش

وہ صاعقہ غرفہ تصویر مین ہی ہر دم
رہتا ہی میری پیش نظر منظر آتش

اغیار کی ہی گرمئ صحبت کا یہہ سامان
ہی دامن مہتاب مجہی چادر آتش

چل مجہسی ذرا بچکی تو ای باد سحرگاہ
ہی خاک پر اگندہ میری مخبر آتش

کس برق کی جلوہ نی فلق تجہکو جلایا
ہی آہ دل سوختہ جان پرور آتش

آہی ہو عشق سی مدا وای عشق
میری ساتہہ ہی عشق کو بہی آئی عشق

وہ کیون دیکہنے میرا آجاے عشق
کہ پہر حشر تک عشق ہی پر آئی عشق

تمنا کا ماتم ہے چندی ضرور
نکچہہ خوف سکتہ نہ پروای عشق

عجب امتحان غیر کا یہہ کیا
کہ ہر دم ہین خود حیلہ ارای عشق

عدو کو سکہانی ہی الفت ہی ہین
وہ کرتی ہین کیا کیا تمنای عشق

ملی دانہ پانی اسیر ونکو کیون
کہ صیاد کو ہی تماشای عشق

تیری عاشقونکی یہہ نازک دماغ
کہ ہین ہر قدم سایہ آسای عشق

میرا سر ہی اور بیکسی کا ہے دوش
بجز عشق نہین چارہ فرمای عشق

نشور قیامت ہو خار د ماغ
اگر اونکی جاتی ہی اجای عشق

جو تصویر اونکی ہی حیرت طلسم
تو نقشہ ہی میرا سراپای عشق

اوڑیگا میرا ساتھہ بوکے د ماغ
چمن ہی میری واسطے جای عشق

چلی تم کہان خوب رخصت ہوئی
تماشا تمہین ہی تو دکہلای عشق

نہ نکہانی تہی زلف کی بو مجھے
کہ ہر شب ہی وحشت مین سودای عشق

رخ نازنین اپنا دہوتی ہین وہ
تماشا ہی مجھکو گرا جای عشق

قلق ہی تہا یار و نہین کیا نکتہ یاب
وہ رہنا ہر ایک بات پر ہای عشق

ردیف الصاد مہملہ

رہتا ہی وہان حجاب مین شور رباب و قص
یہان جوش ہیچ و تاب مین شور رباب و قص

ای اہل بزم کوئی ہی فرصت شناس ہے
ہی سخت اضطراب مین شور رباب و قص

واعظ تیری زبان ہی مین ہی یہ حور و خلد
یا ہی تیری کتاب مین شور رباب و قص

صوت سرود شیب مین جوش خشوع و خواب
بانگ اذان شباب مین شور رباب و قص

ہم گریہ ناک خوف ملا ہی سی ہون اگر
پیدا ہو موج اب مین شور رباب و قص

لازم ہی آفتاب مین جوش خم شراب
واجب ہی ماہتاب مین شور رباب و قص

ہوتا ہی اوسکی بزم کا افسانہ ہر کہین
رہتا ہی شیخ و شاب مین شور رباب و قص

تنہائی میری کم نہیں کچھ تیری بزم سی — تا لونسی ہی عذاب میں شورِ رباب و رقص
ای آہ و نالہ کونسی تقریب ہی یہہ اور — سنتا ہوں میں ہر خواب میں شورِ رباب و رقص
کیونکر نہ تیری بزم کا مہمان ہو ہر کوئی — کیونکر رہی حجاب میں شورِ رباب و رقص
تنہا جو کہ اہلِ ذوق سی ای محتسب سوال — ہی اوسکی ہی جواب میں شورِ رباب و رقص
ہر نغمہ ہر اصول تغیر پذیر ہے — ہی دورِ انقلاب میں شورِ رباب و رقص
تو ہی فریبِ رقص سی گردشمیں ایہا — ہو گیوں نہ پیچ و تاب میں شورِ رباب و رقص
آج اوسکی بزمِ ناز میں ہنگامہ ہی نیا — ہی شورشِ عتاب میں شورِ رباب و رقص
اخلاص سی میں چپ ہوں قلق کا نہ غم ہو — اس صبر کی ثواب میں شورِ رباب و رقص

ردیف الضاد المعجمہ

اس عہد میں نہیں ہے اثر کو بشر سی فیض — عینِ حجاب ہی ہی نظر کو نظر سی فیض
شامِ فراق کی جو یہہ ہی ہی شبِ دراز — شورِ نشور ہو گا سحر کو سحر سی فیض
کس وقت میں نہ رنگ تھا جوہر کی داد سے — کس دور میں نہ تھا اہلِ ہنر کو ہنر سی فیض
وحشت سی میری درہم و برہم ہوا یہہ گھر — سایہ تلک کا ہی نہیں اب در کو در سے فیض
انجام خود عروجِ بلا ہی پی عروج — آخر کو زخمِ تیغ ہوا سر کو سر سی فیض
ہستی یہاں ہی آفتِ ہستی کی داد سے — ایک سنگ ہی نمودِ ثمر کو ثمر سی فیض
تشنہ لبی ہی ساحلِ جو کو عطائی جو — تابِ جگر ہی آبِ گہر کو گہر سی فیض
دیوانگی ہی جہد و تلاشِ مراد خواہ — ویرانگی ہی اہلِ سفر کو سفر سی فیض

سنگِ زمین نمودِ ثمر کو مثرسی رزق — برقِ فلک بہار شجر کو شجر سی فیض
غفلت جتائین کیونکہ تغافل شعار کو — کیا دیدہ آشنائی خبر کو خبر سی فیض
اسطرح سی ہی دل کی لئی غم تیرا عطا — جسطرح سی کہ لخت جگر کو جگر سی فیض
جبتک نہی نمود تو ایک شکلِ بود ہے — ہر خودگمی فروغِ شرر کو شرر سی فیض
اور دنیہ سونگاہ اور اپنی پی ایک نہین — گویا نہین ہی اہل نظر کو نظر سی فیض
کیون خود نما ہوا تناکہ جائی سہی نمود — آخر ہی داغِ نورِ قمر کو قمر سی فیض

چل ای قلق وہان کہ جہان تو ہو اور نہم
یہان بخل رہگیا ہی بشر کو بشر سی فیض

ردیف الطاء مہملہ

دعوئی ترکِ وفاداری غلط — میری ناچاریکی ناچاری غلط
وہ نگہہ خوشخواب بدمستی دروغ — وہ مژہ مصروفِ بیکاری غلط
خط وہ میرا دیکہہ کر کہتی درست — نامہ بر کی گفتگو ساری غلط
مدعی کی آنکہہ تو پہوٹی نہین — آسمان کی مردم آزاری غلط
عشق کو منظور رسوائی دروغ — حسن کو پاسِ حیاداری غلط
ہر طرف صیاد ہی سی ہی دوچار — صید کو خوفِ گرفتاری غلط
بیکسی کوئی نہین بیکس نواز — بلکہہ ہی خود غم کی غمخواری غلط
مژدہ اور رندونکو دیتی ایگان — جوی صہبا خلد مین جاری غلط

مژدہ اور رندون کو دیتی رائیگان — جوئی صہبا خلد مین جاری غلط
رہگئی ہم آسمان کو دیکھہ کر — اوس کا آشوبِ ستمگاری غلط
دلکو دامن کی اوٹھاتی تک اوٹھائے — مدعی کے ناز بر داری غلط
سہل ہی انجامِ تشویشِ محال — میری دشواریکی دشواری غلط
ہوگئی ہر شکل سے صحت ہمین — ہر طرح رسمِ وفاداری غلط
سر گیا گردنپہ احسان چھوڑ کر — ای شبکدوشی سبکساری غلط
نام لیکر تیرا رویڑنا صحیح — دل کو دیکر گریۂ وزاری غلط

ای قلق اتنی ہمین فکرِ نماز
کچھہ نکچھہ ہی پاس دینداری غلط

ردیف الطا معجمۃ

ہم اور اسطرح سی کرین غیر کا لحاظ — ان بی لحاظیونپہ ہی تیرا رہا لحاظ
جب تک کہ نام حرزِ تغافل کا تھا لحاظ — کیا کیا کہٹتائی حوصلی کیا کیا رہا لحاظ
کیونکر کرون وہ شرم کہ پردہ مین ہی خود ہے — کیونکر نہو پسند کہ ہی خود نما لحاظ
کرتا تھا لاکھہ راہ کہ قیامت کا سامنا — وہ جو ایک اوسکی چشم کی گردش تھا لحاظ
خلوت مین تیری آئی تو کیا قہر ہو گیا — یہان تو ذرا کسیکو کسیکا نہ تھا لحاظ
تمنے نظر چرا کے خبردار کر دیا — یہان جانتا تھا کون کہ ہوتا ہی کیا لحاظ
بسمل کئی ہی دیتا ہی مشتاقِ وصل کو — اوس شرمگین نگاہ مین حسرت فزا لحاظ

جو کچھہ کہو نہین آپ سنی جائی خموش
بیشرم مجھسا کون ہی اور مستا بالحاظ

کیون پوچھتی ہو غیر کا احوال مجھسی تم
یہہ تو کہو کہ آج ہوا تمکو کیا لحاظ

ہمتو وفا کو کرکے بہت ہو گئی ذلیل
کچھہ بہی جفا سی تجکو ہی ای پرجفا لحاظ

اوسنی جدہر نگاہ کی پردی اودہر سے
گردشین اوس نگاہ سی کیا کیا رہا لحاظ

اغیار بلہوس کا ہجوم اور تم خموش
بیشرم ہونکی فکر مین ہی آپ کا لحاظ

جب تو قریب غیر ہوا اور مجھسے دور دور
کیونکر حیا کی پاس ہوای بیحیا لحاظ

جب پاس اعتماد محبت نہین رہا
کیا خویش و اقربا کا اب ای بیوفا لحاظ

کیونکر قلق فغان نکری کیون نچپ رہی
محشر فریب شرم ہی اور فتنہ را لحاظ

ردیف العین مہملہ

چلدئی ہم اے غم عالم وداع
شور ماتم تا کجا ماتم وداع

جاتی ہی تیری ہر ایک کا کوچ ہی
جان وداع و دل وداع و دم وداع

روز میت ہی نہین کم عید سی
پہلے رحلت سی ہوا ہر غم وداع

ہی قیامت ایکدن اسکا قیام
دل کو کرای طرۂ خوش خم وداع

اوسکا رستہ کوئی غیر اور اپنا خلد
وہ اُدہر رخصت ادہر مین ہم وداع

غیر کی خاطر ہی تو جانی ہی دو
کیجئے اوسکو خوش و خورم وداع

ہائی ری عمر روان کا قافلہ
ہر قدم ہر آن ہی ہر دم وداع

کیون نہون آغوشِ حسرت صبح و شام
روز و شب عالم سی ہی عالم وداع

ہی بقدرِ حوصلہ یہان اتفاق
جام سی ہر گز نہو گا جسم وداع

سُن چکا ہون مین تیرا عزمِ سفر
آنکھہ سی میری نہو گا نم وداع

حسرتِ بی اختیاری دیکھنا
تن سی جان ہوتی ہی کیا ہم تم وداع

اب کہان صبر و قرار و تاب و ہوش
ساتھہ ہی اوسکی ہوی پیہم وداع

لا تعیّن بی نشانی نی کیا
کیجئی آرام رخصت رم وداع

مہلتِ رنگِ چمن خون کیون نہو
ہوگئی جیب فرصتِ شبنم وداع

ای قلق چلئی کہ منزل دور ہے
ہو رہین گی یار سب باہم وداع

دیدہ صرفِ انتظار ہی شمع
میری حالت کی یادگار ہی شمع

نہین دلمین کسی کی سوز و گداز
کہ تماشائی روزگار ہی شمع

بی جنبش سدا تڑپتی ہے
تپشِ ناتوان نثار ہی شمع

رخِ روشن ہی تو رہینائی
چشمِ عشاق کا غبار ہی شمع

روزِ تیرہ مین بدنما خورشید
شبِ روشن مین تیرہ کار ہی شمع

یادِ گلرخ سی پھول چہرتی مین
کس نشاست سی نوبہار ہی شمع

خاک ناسور دل سہری اسکا
زخمی گریہ ہای زار ہی شمع

حسن و دیوانہ سب کو کرتا ہے
اپنی ہی آپ پر نثار ہی شمع

صبح ہوتی ہی تمہاتی ہے — آپ کی چشم پر خماری شمع
کیون نہ روئی نکس طرح جلے — کہ فغانی راز دار ہی شمع
نہین بجھنی لگی ہوئی جی کے — شعلۂ جانِ سوگوار ہی شمع
ہی اودہر داغ برقِ پروانہ — اوراد ہر چشمِ ابر بار ہی شمع
حسن بہی ہی مآل کار وبال — بزم در بزم کیا ہی خوار ہی شمع
جہانکنا پردہ سی بڑی جوہے — خود بخود آپ شرمسار ہی شمع

شبِ تنہائی اور تو اور یہہ
ای قلق تیری غمگسار ہے شمع

ردیف الغین معجمہ

اولسی کہا کہ صدق محبت مگر دروغ — کہنے لگی یہہ سچ ہی کہ ہر طرح پر دروغ
درد حنا پی درد ئی جانکاہی اتہام — خونِ دل وجگر سر تیغ نظر دروغ
آنا صباح حشر کا شام فراق جہوٹ — اور جانا شورِ نالہ سی رنگِ سحر دروغ
ہر لحظہ تیغ جانتا ابرو کا افترا — ہر لمحہ ذوقِ قتل مین سر ہاتہہ پر دروغ
سر سنگِ در سی پہوڑنا وحشت مین ناشہوت — گر جانا سیلِ اشک سی دیوار و در دروغ
خونِ جگر بجائی مئی ناب نادرست — آتش زنی شعلہ فشان چشم تر دروغ
جان اور فگار تیر مژہ کس قدر غلط — دل اور اسیر رشتۂ موسر بسر دروغ
بیجان ہوا اور جیتی ہو فرقت مین اخترع — بیدل ہوا اور نیازِ نگہہ ہی جگر دروغ

اٹکی ری نگاہ نازسی دل آپکا دست — وہم نظر سی دور ہماری کمر دروغ
اوڑتا ہی رنگ سا تہہ ہی آواز نا رکے — چین جبین سی آپکو اتنا خطر دروغ
ہی نا سپاس وصل دل ہجر دوست خبط — ہی پاکباز چشم حقیقت نگر دروغ
کوچہ مین میری لیکے صبا ایگے بجا — تم خاک ہوگئی ہو سر رہگذر دروغ
ہمکو تلاش آپ کی اور دربدر محال — جذب دل و جگر سی امید اثر دروغ
ہم اور نقش اوٹھانی کو آتی خلاف عقل — مرگ شب فراق کی ہر سو خبر دروغ

یہہ ضبط وضع نام قلق قصہ مختصر
شاعر ہو ہر طرح ہی تمہارا ہنر دروغ

ساری ہی ساری جسم مین روح رواں ہے داغ — پیرانہ سال مین بہی ترا نوجوان ہی داغ
مرتی ہین اور موت کا حیلہ نہ بن پڑا — صد مرتبہ پوچہی کہ الم سی نہان ہی داغ
کوئی دکہا سکے ہی کہ یہہ درد ہی ترا — کوئی بتا سکے ہی کہ دلمین یہان ہی داغ
دریا کہان نجوم کہان حادثات سی — ناسور جرم خاک ہی اور آسمان ہی داغ
یہہ گرم و سرد دہر کا ادنی طلسم ہے — ہی دجلہ خیز سینہ تو آتش فشان ہی داغ
اللہ رے اپنی کاہش جانکی فزون سرے — کیا دلربا ہی درد تو کیا دلستان ہی داغ
برق تپاک سی کہین اعدا جہلس نجائین — کیا کہئے تیری گرمی صحبت بیان ہی داغ
خواب خیال وصل کی سامان ہوگئے — سب کی عوض فراقمین اب یہان ہی داغ
رنگین ادائیونکی وہ انبوہ ہای ہای — طاؤس کے طرحسی نظر مین تپان ہی داغ

ہر چند جل بجھی ہین مگر بزم یاد مین
مثلِ چراغ صبح ہمارا نشان ہی داغ

ہر دم بہہ شعلہ خیز کہ سوزان برق ہے
سوزِ دلِ برشتہ سی شکلِ فغان ہی داغ

واعظ عذابِ دوزخی بت مین مجال ہے
سینہ مین اہلِ دل کی جہنم نشان ہی داغ

ہر کاہہ ایک فن ہے اکہ ہو خاک ہر خیال
برقِ ادا کا تیری مگر راز دان ہی داغ

کیا ایک ہین کہ سب ہی کو ہی ہو لگی ہوئے
خورشید ہو کی تیرا فلک پر عیان ہے داغ

دیکھا قلق کو رنگ وہی ڈھنگ ہی وہی
پیرانہ سال مین بھی تیرا نوجوان ہی داغ

ردیف الفاء

رہنما کیا ہمین در کار بیابان کی طرف
چاک کیا کم ہی جو بڑہتا چلی دامان کی طرف

کوئی الزام نہین گردشِ دوران کی طرف
اپنا سر جاتا ہی اپنی ہی گریبان کی طرف

شمع سان ٹلگئی ہم خاکمین کشتہ ہوکر
نگیا خون ہمارا کسی دامان کی طرف

کوئی تو دام بچھا ہی کہ ہر ایک جھوکہ مین
لئی جاتی ہی صبا ہمکو گلستان کی طرف

پھر گئی سب نے پھری مردمِ چشمِ ظالم
دیکھنا چاہئی انسان کو تو انسان کی طرف

غنچۂ باغ ہوئی ساری پراگندہ مزاج
ای صبا گذری ہی کس بخت پریشان کی طرف

مصر کی کوچہ و بازار مین حشر انا تہا
کاروان جانی نہ پانا کبھی کنعان کی طرف

مہ و خورشید کو آئینہ بنایا کس نے
رہگئی دیکھہ کی وہ دیدۂ حیران کی طرف

ہائی وہ جان کہ نگہبای نشاطِ دل سے
حیف وہ دل کہ نہ دیکھی الم جان کی طرف

کسکی دامن کی پکڑنی کی پڑی ہی امید
ہاتھہ آجاتا ہی اکثر جو گریبان کی طرف

ہو کی پہرآتی ہین گرمی نظر سی نالی
اشک جاتی ہین اگر دامن مژگان کی طرف

فرش رہ خاک ہماری اسی امید مین ہی
لین قدم اوسکی جو گذری کبھی ہمانکی طرف

نہین وہ دل کہ جو مشت جای تن سانی پر
نہین وہ سر کہ جو مصروف ہو سامانکی طرف

پہرنی چرخ کی بنی کی پڑی ہین انداز
پہر غبار اپنا اوڑا دین جانانکی طرف

دیدنی حسرت مفلس کی ہی آوارہ نگاہ
کبھی سامانکی طرف اور کبھی مہمانکی طرف

ای قلق اپنا بھی وعدہ مگر آپہنچا ہی
کہ نزول آج ملائک کا ہی میدانکی طرف

نہین جسکو خبر دل ہی کی وہ دلبر سی کیا واقف
بغل ہو جسکی بی آئینہ غمار نگر سی کیا واقف

بتو نکا جو نہو ساجد عبادت کو وہ کیا جانے
نہو حیرت کا جو قائل می و ساغر سی کیا واقف

نا لطف مرگ جو سمجھی وہ کیون جینے سی خوش ہووے
نہ خنجر لیت ہو جسکو دل و دلبر سی کیا واقف

تیرا دشمن کی گھر جانا ہی گر دیکھو بہانہ تھا
وگرنہ گردش بجا میری اختر سی کیا واقف

پہرانی کی لئی وعدہ نکا رستہ خوب ہی لیکن
تیری تکمین و رعنائی دل مضطر سی کیا واقف

قیامت ہی پی ایک کیا ہی ہین گے لاکہہ ہنگامے
ابھی ای گردش دوران تو اوس تہور سی کیا واقف

وہ خود نا تجربہ ہی کیا کری درمان میرا عیسے
نہ شربت نہ دلمین داغ خشک و تر سی کیا واقف

یہان پر جو کوئی آیا عدو کی آنی ہی آیا
وگرنہ شورش محشر تہاری در سی کیا واقف

اسیر جان نثاری طرز آزادیکو کیا سمجھے
گرفتار محبت رسم بال و پر سی کیا واقف

نہو دل جسکی پہلو میں وہ کیوں جانکا خطر رکھے
نہو سر دوش پر جسکی وہ بار سر کیا واقف

شہادت کی ہو گر کچھ قدر تو وعظ مری سے
گلوی خشک مغراب دم خنجر کی کیا واقف

نہو سوز شناسا جب تک گداز دل کو کیا سمجھے
نہو جو تشنہ لب یہ چشم تر کی کیا واقف

خضر کیسا قضا ہی سیر منزل میں نہیں آتے
کہ جسکی راہ ہو گم گشتگی رہبر کی کیا واقف

نہیں گر افتراد اعظ بیان تیرا تو پھر کیا ہے
نجائی جو کہ اوس کوچہ میں وہ محشر کی کیا واقف

قلق یہہ معنی یار یک تیری کیا کوئی سمجھے
رگ خواب حریفان کا دش نشتر کی کیا واقف

ردیف القاف

بھی کل ہی سی نہیں بیکلی کچھہ آج ہی سے رہا قلق
تیری عمری ساری یونہی کٹی ہمیشہ یونہی جا قلق

ہوا دلکی جانی کا یقین کہ وہ در بر میں ہی نہیں
نہ وہ اضطراب قضا کمین نہ وہ حشر خیز بلا قلق

مجھے حشر کر دیا بیٹھنا بھی تہر ہو گیا شہر نا
ہی بساط صبر گریز پا نہیں غمگسار ذرا قلق

اوہنی نالہ کر نیکا رنج کیا اوہنی آہ بہر کا رنج کیا
اوہنی میری مرنیکا رنج کیا اوہنے میری جا بیکا کیا قلق

یہہ شک نے دی مشوری کہی دیوانگی نہو نے
میری جی ہی جی میں رہ گئی میری دل ہی دل میں رہا قلق

تو روی غیر نگہہ بھی نہ شب فراق میں مرر ہے
نہ وفا کری نہ ستم سہی نہ جفا ہوئی نہو قلق

نہ وہ میں رہا نہ وہ تو رہا نہ وہ آرزو نہ وہ مدعا
ہوا زندگی کا بھی فیصلہ مگر ایک تیرا رہا قلق

رہی لاکہہ صدمے نفس جی کوئی کیونکہ اوہنی نہیں
شب وصل مرنی کی تہی ہوس شب ہجر جینی کا تہا قلق

نہیں جین اوسکو بھی یکدم کہ ہی فکر جور کا غم سا غم
ہوئی مجھہ پہ ذرئی ستم رہا اوسکو ذرہ نہ قلق

کری لطف کوئی کسی سی کیا کہ اوٹھا طریق نباہ کا
نکریگی تجھسے فاجفا نکری گا مجھسے وفا قلق

مین جلا تو شعلہ مین جز تپش تہا جو ہوا مین خاک بہی نہی
مین ہزار شکل مین جا گیا پہ کسیطرح نہ چھپا قلق

نہین تیری مہر پہ یکا گلہ کہ زمانہ سارا بدل گیا
جو شب وصال مین جین تہا وہی فرجھر بنا قلق

وہ ہی التفات دمبدم کہ زیادہ اس سے نہین کرم
میری حال پہ دل کا رفوالم میری دوجاکے وفا قلق

گئی وہان بہی پگہٹا الم جہتی سب سے پچہٹا الم
میری پاس بہی نہ ٹہا الم میری ساتہ بہی نہا قلق

ابہی تہا صلای کن سبق ابہی تہی کتاب ورق ورق
کبہی مدرسہ مین تہا قلق کبہی میکدہ مین تہا قلق

ہر عداوت کی ابتدا ہی عشق
کہ محبت کی انتہا ہی عشق

نور لیخا کو کب ہوای عشق
کس قدر طاقت آزما ہی عشق

فلک و مدعی و یار و اجل
سب بہلی ہین مگر برای عشق

دیکہئی اسکا ہوگا کیا انجام
اب خدا سی ہین ہوای عشق

ہو چکا ہمسے کچہہ جو ہونا تہا
تو نی یہہ حال کیا کیا ہی عشق

دامن و جیب کو ہکن کیا ہی
اجل و آفت و بلا ہے عشق

دیکہنا شوق و شرم کا شیوہ
حسن خود بین ہی خود نمای عشق

کون جانی تہا اسکا نام و نمود
میری بربادی ہی بنا ہی عشق

دل کرو خون تو کیا ہی دلداری
جان جانی رہی تو کیا ہی عشق

عمر دامی مین غم فزا کیا کچہہ
دلربا یا نہ جانربا ہی عشق

بادفادہ ہین بیوفاہی حسن
بیوفا ہم ہین بادفاہی عشق

غمزہ سا غمزہ غم ہین کرتا ہی
کچھہ ہنسی کچھہ ابتو ہوگیا ہی عشق

کیسی کیسونکی ہنسی لی ہی جان
دیکھنا کیا ہی خوش ادا ہی عشق

کیونکہ ماتم نہ اب وفا کا رہی
میری مرقی ہی مرثیاہی عشق

دیکھنا مرگ فجیست کی جھگڑی
جانفزا حسن و جانگزا ہی عشق

دلیا ہی ہی فرشتہ جیسے روح
ای قلق تیرا آشنا ہی عشق

ہو جدا ای چارہ گر ہی محبوب آزار فراق
بی وصال ایجہا ہوا ہی کوئی بیمار فراق

شوخی بردہ شین کی عشوہ سازی دیکھنا
دل ہی بدست و صال اور دیدہ بیدار فراق

ایک نالہ مین پہر رکا مہر مہ کو دہونڈہتا
ای فلک مت چہیڑ مجکو ہون غمخوار فراق

وصل بہی میری سزا ہجر انتقام غیر تہا
کب ہوا خوگر دہ ہجران گرفتار فراق

کوئی کرتا ہی خطا اور کوئی پاتا ہی سزا
غیر گستاخ وصال اور مین سزاوار فراق

دم بدم بجلی گری یا نہر خون جاری ہی
الغیاث اوس سینہ کا کیا جوہی افگار فراق

آنکہہ نہ لگتی ہی حیلہ سی جو تجہسے لگ گئے
داستان وصل کب سنتا ہی بیدرد فراق

دام مین صیاد کی کیونکہ نہ بلبل مرہی
دامن ہر برگ گل مین تہا نہان خار فراق

سو بہار ای مگر جاتا ہی کوئی داغ دل
لالہ و گل کا نہین مشتاق خوبہار فراق

اب قلق تہوکری تیری جی چکا مرنی کی
آشنای وصل کب ہے ناز بردار فراق

ردیف کاف تازی

نہ پہنچی ہاتھہ جسکا ضعف سے تا زیست دامن تک
سراغ خون اب اوسکا مرے جای خاک گردن تک

سر و سامان سی ہین یہہ بیسر و سامانیان اپنے
کہ ہی جوش جنون میرا گریبان گیر دامن تک

نکی غفلت سی قدر دل عبث الزام لیہ پر ہے
متاع خفتہ کی جانی کی سو رستی ہین رہزن تک

یہہ حیلہ یہی نہین کم موت کے آنی کو گر آئے
نہ آئی جو کہ بالیں پر وہ کیا جاہی گا مدفن تک

کچھہ ایسا اختلاط اوس سے اوٹھایا اس زمانہ مین
نہ قاتل آہی ہی مجھہ تک نجای موت دشمن تک

میری محنت کا ضایع ہونا ہی تو ایک قباحت ہے
کہ باد و برق آفت مین ہینگے میری خرمن تک

وفا کی قدر ہی میری ہی جان حسرت آلودہ
اثر کی قدر ہی میری ہی آہ قافلہ زن تک

غنا ہر دل کئی ہے سی نہ قاتل کا ہوا تا بہ
کہ صاف اوسکی ہوا کی تیغ مجھسے میری کشتین تک

مین اپنی حوصلہ سی لوٹ آیا جامہ ہی باہر
نخجر کا اوسی کہسکا نہان صرفہ ہی گی دن تک

نہین ہونا رفو چاک گریبان فنا ہرگز
منگائین خرچ چارم سی اگر عیسی کے سوزن تک

گرانجانی چمن مین یہی نشانہ ہوگئی آخر
کہ بار دوش گلبن ہے میری شاخ نشیمن تک

قلق مرتا ہی اور ہوتا ہی ماتم کا یہہ ہنگامہ
مگر رونا ہی اسکا تو نہ آیا بزم شیون تک

ناصح کی بات بات مین ہی کیا بلا نمک
زخم دل و جگر مین مری بہر دیا نمک

دل ہی نہو بریشتہ تو باتو نہین کیا نمک
سچ ہی کہ بی کباب ہی کس کام کا نمک

دشنام کی سوا نکین لب پہ کچھہ نہین
لو زہر بخت تلخ کی دولت ہوا نمک

ای تندخو کہان نکین لب وہ خوش مزہ — یعنی کہ تیز تیری زبان سی ہوا نمک

تہا زیر لب جو خندۂ شیرین شب وصال — زخم جگر مین صبح جدائی بنا نمک

ہی تلخ اپنی زیست سی تیرا جگر فگار — کافور دو نو ہوگئی کیا مشک کیا نمک

جنوا ی گا فلک اسی پلکو نسی عاقبت — ہر جای اشک شور نی پہیلا دیا نمک

کب تک نہ زخم خوردۂ لب ہر کہا ئین گے — یہہ محط ہی کہ مشک کی قیمت بکا نمک

بہر مذاق خلق کیا خود کو آب آب — میری گداز دل ہی ہی شاید بنا نمک

اہل مذاق کی لئی لذت ضرور ہے — شبنم نی چاک سینہ گل مین بہرا نمک

بسمل ہون دی بیاض دل و دیدہ سی ملون
ہی ای قلق سخن مین تیری کیا بلا نمک

جی سی ہی اپنی جاون آتا ہی کون بہان تک — رونا ہی آخر آوی فرمائی کہان تک

کیونکر نہ سرکشی کی تہمت ہماری سر ہو — فریاد عجز تک پہنچی ہی آسمان تک

راہ عدم کی سختی بتلائی کوئی کیونکر — واماندگی ہی یہان تک ہلتی نہین زبان تک

بجلی کا ذرگرنا ہر لحہ ابر گہرنا — صرصر کا گرد پہرنا ایک میری اشتان تک

دامن پکڑ ہی لینگی آخر کو رفتہ رفتہ — مرکر تو خاک اپنی پہنچی گی آستان تک

رہنی دی ہکو چپ ہی ای داور قیامت — کیا حال دل کہینگی افگار ہی زبان تک

واعظ تہارا حیلہ کیا خوب بن پڑا ہی — یہہ شکر کی جگہہ ہی آئی در مغان تک

دشوار یہان تحمل اور وہان وہی تغافل — جینی کی تاب کسکو مرنی کی امتحان تک

ناصح کی غمگساری مجکو ہی دیکھنی ہے
یہجائی کوئی اسکو اوس وقت جہان تک

ناچار صبر ٹہیرا اب دردِ ناصبوری
ہیتاب ہیچکی ہین ہم طاقت و توان تک

مجبور ہی بشر گو برای قلق نجو کو
اپنی ہی کر ہی گزرو جو مسے ہو جہانتک

ہی اوسکی بزم مین رندِ خراب ایک پے ایک
چہرک رہا ہی شراب و گلاب ایک پے ایک

گہٹتا ہی جائی گا تا چند ماہ و مہر کو تو
بڑہا ہی جائیگا کب تک نقاب ایک پے ایک

اوٹہائی جاتی ہی سوائی پردہ پردہ کو
کہ ڈالی جاتی ہی غفلت حجاب ایک پے ایک

یہہ اتفاق یہہ صحبت کہان کہان جنت
یہہ دیر ہی مین ہی مست خراب ایک پے ایک

دل و جگر کی تو ہی پارہ پارہ ہی فریاد
کہ خوردہ گیر ہی روزِ حساب ایک پے ایک

کرشمہ سنجی مستی سی بدمزہ ہے ادا
کہ چشم و زلف ہین ہیچ و تاب ایک پے ایک

نچہیرا اوٹہائی واعظ قلق سی چپ رہی
دہری رہیگی ورنہ کتاب ایک پے ایک

نجائی گا سر و سودا میرا زنہار گردن تک
رہی گا خم بچم گیسو گلی کا ہار گردن تک

سرِ اہل نظر کیون بار ہوتا دوشِ عالم پر
بی ہوتی اگر گہر کی تیری دیوار گردن تک

ہمین نیچا دکہایا آسمان نے کس قرینہ سی
کہ ظالم فی بنایا ہی قدِ دلدار گردن تک

بجای خلد میخانہ بنانا تہا کہ کیا حاصل
اگر شیر و شکر مین غرق ہو منجوار گردن تک

تمہین کیا کیا نہ آیا پر نہ آیا کامِ ناکامی
نہ آیا ایکدن بہی خنجر خونخوار گردن تک

ہوئین جب تک نہ بند آنکھین نگاہونسی رہا — اوہیا یا اتہام سرکشی سو بار گردن تک
مین خود ہو جاؤن اپنا طوق گردن اے گرانجانی — نہون گر باتہہ اوٹھنی ضعف سی دشوار گردن تک
مخالف اور موافق کاہی مجمع میری ہستی پر — کہ ہی تیغ و رسن کی گرمی بازار گردن تک
جو سر ادتری تو بار ناتوان اوتری تری دسے — مجھے درکار تو خنجر تجھی درکار گردن تک

لیا تونی قلق کیون سر پی خون اپنی طبیعت کا
نہ سر مارا اس زمین مین سخت ہی گفتار گردن تک

ای ستم آزما جفا کب تک — کشتۂ زندگی وفا کب تک
گرمی کوشش جفا کب تک — دعوی شہرت وفا کب تک
ای دل زہد خوریا کب تک — نامرادانہ مدعا کب تک
ایک مین مل گیا خدا مارا — یون نباہی گا دوسرا کب تک
امتحان پر یہہ امتحان تا چند — آزما آزمای گا کب تک
حسرت آہنگی دم مین سو سو بار — ای ہوس شور مرحبا کب تک
قدرت صبر عاقبت کتنے — جرأت طاقت آزما کب تک
تم سمجھہ جاؤ میری خاموشی — نکہون کہیئی مدعا کب تک
کیجئی اب میری بناہ کی فکر — یار صبر گریز پا کب تک
خواب مین ہی وہ آئین گی تا چند — مین ملا ہی تو یون ملا کب تک
دل مین کب تک تمہاری کہکونگا — چشم دشمن مین میری جا کب تک

تندرستی دل ہی بچا نی — درد بید رد کی دوا کب تک
ترک کی صاف اسنی گویائی — نرگسِ سرمہ ساخفا کب تک
ای دلِ بیقرار او بی آرام — نالہ تا چند تا کجا کب تک

ای قلق وصل مین ہی ہون نا شاد
طالع نارسا رسا کب تک

ردیف الگاف فارسی

اتنی بیحسی کہ دی ہوسِ خشک و تر مین آگ — تا صورِ دل مین شعلی ہین داغِ جگر مین آگ
کیا کیا بہرک رہی ہی دلِ پر شرر مین آگ — ای شعلہ خو لگا تا ہی تو کسکی گہر مین آگ
حرفِ مرادِ غیر کا نقشہ نکیون سجے — تو لمحہ بہر مین موم ہی اور لمحہ بہر مین آگ
ای شرمِ ضبط اب ہی نہین ہی تو آب آب — لگتی ہی خود بخود میری دیوار و در مین آگ
اوس شعلہ خو سی آتشِ دل خاک جل بجھی — لگتی ہنین شرار سی جیبِ شرر مین آگ
کب تک دلِ غریب کو بہندا کروگی تم — اور کب تلک رہیگی دبی میری بین آگ
ای شمع جل بجھی گی بہرک کر تو ہی اخیر — لگتی کسی طرح ہنین جزبِ سحر مین آگ
یون حشر داغ ماتمِ احباب سی ہو نمین — جیسے نشانِ قافلہ ہی رہگذر مین آگ
لی ای فلک تمک دلِ اغیار ہی کو کہہ — دی ای فغانِ یاس امید اثر مین آگ
ای چرخ مت جلا شبِ ہجرا نمین سحر کر — ای جوشِ ما ہتاب ہے میری گہر مین آگ
جل جل کی ای قلق تو ہوا دہیر را کہہ کا — کب ہی سلگ رہی ہی دلِ بیخبر مین آگ

ردیف اللام

کس قدر دل ربا نما ہی دل
خانۂ غیر ہو گیا ہے دل

ہر گہڑی کیون نہ زار لیتے ہین
مشہدِ حسرت و وفا ہی دل

موت ہی سہل کچھ نہین اپنے
کس لئے طاقت آزما ہی دل

مصلحت ہمین ہو کوئی کام
دشمنِ جان ہو گیا ہی دل

سب ہی لاگ چلنی کی ہوئی ہی خو
کس قدر صرفِ آشنا ہی دل

شیخ صنعان کا یاد ہی قصہ
سخت کافر بُری بلا ہی دل

اپنی حالت مین مبتلا ہون آپ
دلربا جان ہی جانتا ہی دل

بیکسی و اماندگی کی تیز روئے
جیسے جانی پی آگیا ہی دل

کس جفا کار کی وفا ہی جان
کس ستمگر کا مدعا ہی دل

تیری الفت کا نقد دانغ جگر
میری حسرت کا خونبہا ہی دل

کہی کس سی لگا لیا لگا
ای قلق کیونکہ لگ چلا ہی دل

جز موجِ پیچ و تاب نہین ماجرائی دل
گرداب رستخیز ہی پیکر نمائی دل

آزار ہی جو عشق تو آزار ہے سہی
اتنا کسی دماغ جو کیجی دوائی دل

ایک ربط ہر کسی سی مگر مجھسے سو عناد
جو طور انکی ہین وہی ہی ادائی دل

تیرا فسانہ ہی میری نوحہ کی ساتھہ ساتھہ
لب پر ہی ہائی جان تو زیر ہائی دل

ایسی پڑی ہی کچھہ کہ اٹھی حوصلہ کی بانو
جی بیٹھہ ہی گیا ہی کہاں تک اوٹھای دل

چلتا ہی ہو گیا وہ چورا کر نگاہ کو
کہتا ہی رہ گیا مین کھڑا ہای ہای دل

یہہ ہی ہی وہ مکان جسے کہتی ہین لامکان
ہی انتہای ہر دو جہان ابتدای دل

غمازی سی ضبط نہ ہمرازی ہی ربط
مطلب سی آشنا ہی نہین مدعای دل

عالم کی بازگشت ہی مقصود کی خلاف
عشرت برای غم ہی تو غم ہی برای دل

رکھتی ہی آدمی کو مروت شریک درد
دلبر کا ہی خیال نہین ہی سوای دل

نالہ سکوت غیر سی رکتا نہین قلق
تحسین و آفرین نہین کچھہ مدعای دل

کوئی بھی مرحلہ نہین تسکین فزای دل
کیون خستگی سعی ہی زنجیر پای دل

بنتا ہی بعد گرنی کی قصر خراب عشق
مٹتا ہی پہلی کھینچے سی نقش وفای دل

واماندگی ہی قافلہ عشق کا نشان
برجستگی رنگ ہی شور درای دل

دم بھر جو چین جراب مین ہی آی کیا مجال
جیسے نگاہ ناز ہی صبر آزمای دل

لگتا ہی بیدلی سی پتا کچھہ تو دل بھی تھا
ہر جزو دل پکارتا ہی ہای ہای دل

کثرت ہجوم شوق ہی وحدت ادای حسن
ہی نفی ماسوا سی غرض ماورای دل

جب مدعی کو تیری عداوت کا ہو یقین
میری طرح سے کاشکی تجھہ پر ہی آی دل

بزم فراغ اپنی ہی آشوب گاہ غم
عشرتکدہ تمہارا ہی ماتم سرای دل

نیرنگی خیال و طلسم وبال ہون
کس اعتماد پر کوئی مجھسے لگای دل

ظاہر ہی میری اہلِ دلی بیکسی مین بہی
ہر جزوِ دل پکارتا ہی ہای ہای دل

یکتائی کا فریب ہی بہر ہجومِ شوق
تا بعد ازین کسی کا کسی پر نہ آئی دل

کیا جائی قلق کی تقاہت کو کیا ہوا
سینہ پی اوس کا ہاتہہ تہا اور لبِ ہای دل

بلبل نہ کس طرح ہو نثارِ ادائی گل
ہر گریہ کی جواب مین ہو خندہ ہائی گل

فطرت پہ کر نگاہ نہ سوئی عروج دیکہہ
ہر فرقِ شاخ ہی پی پا مالِ پائی گل

رنگِ چمن ہی گریۂ بلبل پی خندہ زن
پا مالِ اضطراب ہی ہر گل قبائی گل

اوٹہتی ہی اک نگاہ کی سو رنگ اوڑ گئے
جز داغِ لالہ کوئی نہین آشنائی گل

ہر برگ زرد رنگ ہی ہر غنچہ لعل منہ
کیجی تو کس نشاط پی کیجی ہوائی گل

ہر بزم بعدِ بزم ہی شیون کا اہتمام
داغِ بہارِ رفتہ ہی ہر گل بجائی گل

ایک عمر سی تیری لاکہہ خوشی کی لگا مین
داغِ جگر سی اپنی ہی نشو و نمائی گل

ردیف المیم

زور آزمائی کرتی ہین بیطاقتی سی ہم
اپنی ہی بارِ دوش ہین درماندگی سی ہم

ملتی ہین تیری وسطی اب مدعی سی ہم
پہرتی ہین کیسی کیسی خوشی ناخوشی سی ہم

کیا ایسی ہی ذلیل تہی پہلی ہی چاہ سی
احوال اپنا پوچہتی ہین آپ ہی سی ہم

یاد آگئین جو شب کو تیری بیحجابیان
سایہ مین اپنی چہپ گئی شرمندگی سی ہم

ای بختِ ہرزہ گرد سفر مین ہی کیا ہرا
پہرتی ہین اپنی شہر مین بہی اجنبی سی ہم

ڈالو بھی خاک غیر کی صورت پی تم کہین — مرجا ہین تاکہ رشک ہین دیکر اسی سی ہم
کہتی ہین بیخبر ہین احباب و اقربا — کیا ہمپہ اب گذرتی ہی پوچہین کسی سی ہم
تم ہو نہ اپنی بسمین نہ ہم اپنی ضبط مین — مجبور تم ہو غیر سی نا چار جی سی ہم
ہی رحم کی جگہہ جو کچہہ انصاف دلمین ہو — دامن تیرا پکڑتی ہین کس سادگی سی ہم
ہر پائمال نالہ کنان ہوگا ساتہہ ساتہہ — لیکر اوٹہین گی حشر کو تیری گلی سی ہم
کس نی سنگہایا عطر کہ گیسو ہوی بلا — اب ہوش مین نہ آینگی ہرگز غشی سی ہم

رستہ مین عمر رفتہ گئی چہوڑ کر قلق
اب اپنی بار دوش مین واماندگی سی ہم

ای خار خار حسرت کیا کیا نگار مین ہم — کیا حال ہوگا اوسکا جس دلمین خار مین ہم
ہر چند دلمین تیری ظالم غبار مین ہم — کتنی دبی ہوئی ہین کیا خاکسار مین ہم
کیا جانی کیا دکہای کمبخت راز دشمن — بی اختیار ہو تم اور بیقرار مین ہم
وہان شوخیون نی ماری ناکام کیسی کیسے — یہان سادگی سی کیا کیا امیدوار مین ہم
فی رحمت میکدہ مین فی کعبہ کا ارادہ — ہین دل لگی کے بندی یار و نکی یار مین ہم
وہان سرگذشت دشمن وہ کہہ رہی ہین منہ پر — یہان بیخودی ہی اسپر کیا رازدار مین ہم
ساقی تیری نگاہین کب تک رہینگی پلٹی — ہی نشہ زاہد و نکو اور بادہ خوار مین ہم
کعبہ ہے سنگ بالین تو خشت خانقہ دل کا — اور میکدہ کی اندر شب زندہ دار مین ہم
اللہ رہی طرف دل کا سب کے جگہہ ہی یکسین — بسمین رہی ہی دشمن کیا غمگسار مین ہم

ای حشر بچکے چلنا ای چرخ ہشکے گرنا
ہے برق سایہ جگا وہ خار زار ہین ہم

اتنی خلش مزہ کی اب بڑہ گیے کہ گویا
زخم دل عدو مین خنجر گذار ہین ہم

کب تک رہیگا دشمن جامہ سی اپنی باہر
ہوا گ آگ جس سی تم وہ شرار ہین ہم

دشمن کے جیب مین تم صبر و شکیب مین ہم
تم دست کوہتی ہو پای نگار ہین ہم

وادی جستجو سے گذرین تو کیا عجب ہے
وارفتہ کیسے کیسے لیل و نہار ہین ہم

کیا بادۂ جوانی مرد آزمانتا تہا
اب ای قلق وبال خواب خمار ہین ہم

اسپر مٹی ہوی ہین تجہپر نثار ہین ہم
گر باد تند ہے تو مشت غبار ہین ہم

دشمن کے مصلحت سے خود راز دار ہین ہم
تا امتحان ہو کتنے بے اعتبار ہین ہم

خواب وصال گہٹکر آخر خیال ہوگا
ای شوق بڑہ نہ اتنا ناکردہ کار ہین ہم

مانند سرمہ پسکر ہر چشم مین جگہہ کے
پر ہیچ ہر نظر مین کیا خاکسار ہین ہم

گرتے ہین خاکپر ہم سایہ سی اپنی پہلے
ناوک رسیدہ کسکے لاغر شکار ہین ہم

یک لمحہ جسنی دیکہا دل تہام تہام دیکہا
کس نخل ماتمی کے یارب بہار ہین ہم

کیون تم ستا ستا کر ایذا اوٹہا رہی ہو
آنکہون مین خار ہین ہم دلمین غبار ہین ہم

کیا بوالعجب ہی دنیا ہر بات پر عجب ہے
خاموشیون سی شور شہر و دیار ہین ہم

ہر لمحہ سینہ کوبی ہے زندگے ہمارے
دریا کے بیچ و ذی مین موج کنار ہین ہم

پیتے ہو می دمادم غیرون کی سات وہان تم
اور یہان صدائے قلقل سی سنگسار ہین ہم

مایہ دل و جگر کا ہے کا پنجر پنجر کر
سختی جان سی گویا مشتِ قفس ہمین ہم

ہی زندگی ہماری گویا فریبِ عمزہ
مایوس چارہ گر ہین امید ہین ہم

ہم تجھپہ مر رہی ہین جیتی ہین اس سی ورنہ
جان تک ہے بار اتو ایسی نزار ہین ہم

مقدور تک تو رو کا صبر گریز پا کو
کیا اختیارِ خود پہ بی اختیار ہین ہم

اوہنی قلق بس اوہنی کوچہ کو اوسکی چلیے
کیا سوچ ہی اجل پر اتو سوار ہین ہم

کیا آکے جہان مین کر گئے ہم
اک داغِ جگر پی دھر گئے ہم

مہمانِ جہان تہی ایک شب کے
شام ائی تہی اور سحر گئے ہم

جون شمع تمام عمر روئی
ہر بزم سے چشم تر گئے ہم

اپنی ہی نظر نہین وگرنہ
تو ہی تہا اودہر جدہر گئے ہم

نالہ مین اثر تو کیون نہوتا
پر تیرا لحاظ کر گئے ہم

ہم جانتی ہین کہ تو ہی ہم مین
گو ڈہونڈنے در بدر گئے ہم

جہگڑا تہا دل پہ اوسکو چہوڑا
کچہہ سوچ کے صلح کر گئے ہم

اس دشت کی خار و خس ہی بہتر
جون باد سبک گزر گئے ہم

تہین لطف سی ظلم جرأتین کچہہ
پر تیری غضب سی ڈر گئے ہم

حسرت ہی سی ہم بنی تہی گویا
آنکہہ اوہنی ہی اوہنی مر گئے ہم

دیرینہ رفیق تہا قلق کا
وہ کیا ہی ہوا کہ مر گئے ہم

خدا سی ڈرتی تو خوفِ خدا نکرتے ہم
کہ یادِ بت سی حرم مین بکا نکرتے ہم

جو رنگِ ذوق کو پہلی سی جانتی ہوتے
نگاہِ شوق کو یون آشنا نکرتے ہم

جہان ہی شکرِ عداوت نکرتی پر شکوہ
وہان پی غیر کا کیونکر گلا نکرتے ہم

جفا کو اب وہ کری کیونکہ اوسنی جان لیا
خوشی مرگ مین سنج وفا نکرتے ہم

دریغ ظلم مین کیونکر پہلا نکرتے تم
نشاطِ جور مین جان اور فدا نکرتے ہم

کبھی نباہ نکرتے جفا ہی کو کرتے
کہ جان دیکی بھی ترک وفا نکرتے ہم

اگر نصیب مین ہوتا شریکِ درد کوئی
تو کس طرح سی ہمتین آپ سا نکرتے ہم

یقین نتھا کہ کسی سی بھی وہ وفا کرتا
پھر اسپہ جان بھی نذرِ جفا نکرتے ہم

جو عمرِ خضر بھی دیتی تو رایگان جاتی
تمہاری زلف کا کیا کیا فسانہ کرتے ہم

کسی کو حشر مین گر دیکھتا کوئی تو ضرور
دلِ فگار دکھاتی حیا نکرتے ہم

قلق وہ دل مین گر آتی تو یہہ چھپاتی راز
کہ کوئی کام کبھی دلکشا نکرتے ہم

آپ کی محرمِ اسرار رہتے اغیار کہ ہم
دلِ غمناک کی تم رہتی ہی غمخوار کہ ہم

شکوہ اور نصیحت ہنین ابھی ناصح
آپ ہین کشتہ بیداد ستمگار کہ ہم

حشر اگر کہوی مددگار ہمارا ہی کون
بول اوٹھی صاف تیرا فتہ رفتار کہ ہم

آپ کی شان کا سامان کہان سی آیا
یوسفِ حسن کی ہتی آپ خریدار کہ ہم

ہم برا غیر سی ملنی کہ کہتے ہے کہ تم
اپنی مطلب کے ہین اغیار طلبگار کہ ہم

ہای بیرحمیٔ دلدار سی بیقدریٔ جان — زیست سی آپ ہمارے ہوی بیزار کہ ہم
جانتی ہم ہین بُرا ربط جہانی کو کہ غیر — ہونگے مشہور ہوسناک تیری یار کہ ہم
قتل کیا ہو کوئی خنجر ہین نہین طرز نگاہ — دادای عشق ہی جلاد گنہگار کہ ہم
نہ محبت کی خبر اوسکو نہ ہم کو اوسکے — سادگی کہہ تو سہے یار ہی عیار کہ ہم
روز و شب میری پہرانی کو پہری جانتا ہے — چرخ ہے گردش بیکار سی ناچار کہ ہم
ہو کے پامال ٹہکانی سی لگی خاک اپنی — تو ہی آشفتہ سر کوچہ و بازار کہ ہم
اونکو تم چاہتے ہو آپکو ہم چاہتی ہین — لائق رحم ہین فرمائیے اغیار کہ ہم

ای قلق پانو زمین پر نہین رکہتا مغرور
چرخ ہے خاک درِ حیدرِ کرار کہ ہم

نقش بر آب نام ہے سیل فنا مقام — اس خانمان خراب کا کیا نام کیا مقام
ہر روز تازہ منزل و ہر شب نیا مقام — مہلت نہین قیام کی دنیا ہی کیا مقام
جا مل گیے جسے ترے دیوار کے تلے — ہے اوسکو گور تنگ ہی ایک دلکشا مقام
ڈرتے ہین ہمتو نام بہی لیتے ہوی ترا — تو ہی بتا کہ پوچہئے کیونکر تیرا مقام
انسان کی سرشت مین ہی عذر لنگ ضعف — ثابت ہوا کہ دور ہے مجہسے سرا مقام
اندازہ ہی غلط تہا مگر امتیاز کا — یعنے محل غیر ہے تہا آپ کا مقام
کہلتا ہی کبہی نہ کبہی صاف ہی رہے — اک طرح ہو ثبوت کہ دل ہی میرا مقام
واعظ منازعت کا سبب مجمین تجہین کیا — مسجد تیرا محل ہے میرا سیکدہ مقام

یہاں وہاں اِدھر اُدھر یونہیں گرپڑے کے بسر
مثلِ غبارِ راہ رہا جا بجا مقام

اے اہلِ دیر ذکرِ حرم سے تمہیں کیا کرین
پوچھو بتون ہی سے کہیں کعبہ بھی تھا مقام

کیا کیا بیان جہانگے کرین اُن چین کو
اوسکے بھے در پہ اپنا تو مدت رہا مقام

کیا جانیئے **قلق** کہ ارادہ ہی اپنا کیا
مطلب سی کچھہ سفر نہ سر مدعا مقام

ردیف النون

طرزِ نگاہ یہہ جامہ سے باہر نقاب مین
رسوائیان حجاب طلب ہین حجاب مین

ہی زلزلہ مین گاہ گہے اضطراب مین
اوسکے بلا رہی دل خانہ خراب مین

ناصور جتنے ہین دلِ پر اضطراب مین
اوتنی ہی رخنہ ہونگے تمہارے نقاب مین

آنا ہی اونکا آتی ہی جانے کے واسطے
درماندہ حشر ہی کشش و اضطراب مین

ہے آتشِ قدم سے میرے دشت فرقِ طور
سایہ سی میرے آگ لگے ماہتاب مین

غمخوار آسمان بہی سہی پر ہی جاے شک
پہرتا ہے ساتہ ساتہ میرے پیچ و تاب مین

کیونکر نہ اپنا سر رہی اپنے ہے پانو پر
سنتے ہین اوسکا گہر دلِ خانہ خراب مین

غیرون کو ہونٹ چاٹتے ہم دیکہتے کبہے
ہوتا مزہ جو تیرے دہن کی لعاب مین

ساقی ہی آب آب ہے برگشتہ بخت سے
دریا ہمیشہ خشک ہے جامِ حباب مین

عالم مگر فریب کی اندر فریب ہے
ہر تشنہ غرقِ آب ہی موجِ سراب مین

حالِ زبون فی اوسکی بہی اوسکو لکہو دیے
اغیار سی سوال ہی خط کی جواب مین

کسنی او نہین فسانۂ یوسف سنا دیا
اب بھول کر بھی وہ نہین اسکی خواب مین

خالی ہر رقیب نہ پیمانہ میرا پر
حسرت بھری کہان سی جہان شراب مین

واعظ کر اہل زہد کا تو بھی تو امتحان
سب کا عیار کھلتا ہی بزم شراب مین

بی پردگی کے واسطے پردہ ہی آپ کا
یعنے کہ کچھہ حجاب نہین ہی حجاب مین

بیچتا رہا ہون مین بت و بتخانہ چھوڑ کر
امید خلد نی مجھے والا عذاب مین

یہہ انتظار مین میری صورت بدل گئے
قاصد ہی خط کو دیکھی مجھی اضطراب مین

اڑتی ہین سا ہہ رنگ کے میری حرخ اس طرح
ہی انقلاب سی میری حرخ انقلاب مین

طرز ادای نازہی ہر شیوۂ ستم
مین محو التفات وہ بیخود عتاب مین

یاران نکتہ یاب سی چل کر ملو قلق
ہین دقتون سی لفظ و معانی عذاب مین

جیتا ہون ذوق دل ہی سری تنہین جان نہین
انبار شکوہ لب پہ ہی لیکن فغان نہین

تلتی کا میری سر سی کبھی آسمان نہین
کس کس کا سد راہ ترا آسمان نہین

گو ہی جنونکا جوش ادب کا مگر ہی ہوش
سر کو بیان وہان ہین جہان بتان نہین

ممکن نہین کہ حشر اوٹھا کر بھی بیٹھہ جائے
دل کا غبار گرد پس کاروان نہین

مین رازدان ہون یہہ کہ جہان نہان ہا
تو بدگمان ہی وہ کہ جہان وہان نہین

اپنا ہی یہہ جگر ہی کہ تہا می ہوئی ہین ہم
ان بیقراریون پی بھی بیتابیان نہین

کیونکر کہون کہ محفل اعدا سی وہ اوٹھی
قد مونپہ اب تلک تو گرا آسمان نہین

مصروف میری قتل کی ساماں ہین وہان
اور یہان نوید قتل عدو کی بھی جان نہین

ہی یہہ ستم سی گنبد گردون بہر اہوا
جا ہی صدای الحذر و الامان نہین

ہر کوئی سرد ہی نفس سرد سی میری
اوسکی نگاہ قہر وہ آتش فشان نہین

ناکامیون پہ تیری ہی ایخضر روی
وامانگی سی جنبش عمر روان نہین

ہی وصل مین خدنگ جگر ہر ادا کے ناز
آرام دل تلافی آزار جان نہین

وہ اوسکا ہی نشان جو عزادار نام ہے
وہ اپنا نام ہی جو رہین نشان نہین

ہوتا نہین نوازش ظالم سی ظلم کم
بلبل کا دوش برق پی کب آشیان نہین

ہی جان خراش پرسش غمخوار کس قدر
وہ مہربان ہے مجھپہ کہ جو مہربان نہین

بیداد کار و اج ہی انصاف کی سبب
حبس جا و جو و سر نہین و ہان تغیران نہین

میرے تہہ مین ہی قلق تو مگر بلبل غریب
افسوس ہی کہ تیرا کوی ہمزبان نہین

جیتے بجان ہین اور مرنی کو جان کہتی ہین
کیا ہی بیتاب و تواں تاب و توان کہتی ہین

کیا خیال کمر و فکر دہان کہتی ہین
اپنی محرومی قسمت کا نشان کہتی ہین

لب اظہار کہان گو کہ زبان کہتی ہین
شمع سان سوز بیان ساز بیان کہتی ہین

بار زندان ہوئی ہر دم یہہ فغان کہتی ہین
طوق زنجیر کو ای وای گران کہتی ہین

ہی محبت وہ بری شی کہ خدا سی پہچی
یہہ ہمارا ہی جگر ہی کہ نہان کہتی ہین

وصل مین ہی تو کیا اوسسے جفا کا شکوہ
کیا ہی آزار طلب ہم دل و جان کہتی ہین

بات تو کہیئے یہ کیا بات ہی سارکمشوق
بیدماغی کا نشان ہی کردہان رکھتی ہین

داد محشر کو دکھلائین گی کیا حال اپنا
کہ عم پردہ نشین دلمین نہان رکھتی ہین

تیز خنجر کو کرے تو کہ وضو ہم لیکن
اتنی وقفہ کے بہے ہم جان کہان رکھتی ہین

ہی یقین ہمکو جو مرتا ہے نہین موت اوسکو
ہم شب ہجر مین جینی کا گمان رکھتی ہین

کون اب ای ادب عشق سنبہالے ہمکو
ہاتہ مین ناقہ لیلے کے عنان رکھتی ہین

کیا بہار آئی کہ ایک جنبش بیرنگے ہے
آخر اندیش وہی سوگ خزان رکھتی ہین

حیلۂ سجدہ سے ایک سر کو سہارا تو ملا
بار احسان کرمہائی مغان رکھتی ہین

آستین تیری بہی دکہلائینگے تجکو رنگین
دیکہہ ہم دیدۂ خونابہ فشان رکھتی ہین

مجہسے کیون چہپتے ہین جب آئینہ سی وہ پنجہے
خود کو خود دیکہتے ہین شرم کہان رکھتی ہین

ناتوانونکو جتاتی ہین نزاکت کیا کیا
رنگ اوڑنی پی بہی بہتان فغان رکھتی ہین

خار اغیار رہین ہم پا نو جدہر دہرتے ہین
کوچہ یار رہی ہم سر کو جہان رکھتی ہین

چارہ سازی سی میری ہاتہ ہی سبکا دلیر
چارہ گر فضل اہے خفقان رکھتی ہین

خاک ہوکر بہے ترا داغ تمنا نہ گیا
دل ہر ذرہ مین خورشید نہان رکھتی ہین

رخنہ آہمکا جو پنہان تہا تیری دلمین عبث
ہم سیہ بخت تیری خط کا گمان رکھتی ہین

نگیا پر نگیا جو رش دل آخر پس مرگ
عوض اشک روان ریگ روان رکھتی ہین

امی خودی کو نسی سامان پی اپنی ہیجود
رنگ بیرنگے تصویر گمان رکھتی ہین

غیر پر اوسکے نظر اور وہ ہماری بر مین
اوس سی ہم رابطۂ تیر و کمان رکھتی ہین

جیسے ای زندگی گہبراہی چلے تہے ہمتو
پر تشفے ہے کہ ایک دشمن جان کہتی ہین

ای قلق داد حسینون نی کسیکو دی ہے
یہ وہ کافر ہین زبان زیر زبان کہتی ہین

نالہ کیا نہین ہے کہ وہ بیقرار ہین
بی اعتباریونکے بڑے اعتبار ہین

ناصح خفا سپہر غضب بخت بدسلوک
انجام دیکھیئے جو یہ ہے راز دار ہین

اس سادگی پی رحم کہ مرتے ہین تجھپہ ہم
ہے جائے التفات کہ تجھپر نثار ہین

گرتی ہین ابتو اپنی نظر سے بہی بار بار
کیسے سبک ہوی ہین کہ ہر دلپہ بار ہین

ہنگامے ہم تو لاکہہ اوٹہائین گی حشر کیا
یہ ہی خرام ناز کے گر انتظار ہین

وہان وہ خیال غیر سے مضطر کہ ہای ہای
یہان یہ غرور ضبط کہ وہ بیقرار ہین

چبہتی ہوی جگر ہی مین نکلی ہی منہ سی بات
دلمین تیری شکایت دشمن کے خار ہین

آئینہ ہزار فلک ہوے گے مشت خاک
دلمین کہٹی ہوی میری کیا کیا غبار ہین

کیونکر نہ سانس سانس مین ہو دل شکن صدا
دلمین ہمارے عہد تیرے دشنہ کار ہین

اک تیر کیا گلہ کہ سبے ہین عدو ی عشق
تجھپر ہے کیا مدار کہ دشمن ہزار ہین

کیون خاک اوڑاتی پہرتے ہو کوچہ مین غیر کے
مانا کہ آپ رشک نسیم بہار ہین

انداز حسن مین ہی نہ شوخی مین رنگ ہے
کس سادگی سے غیر کے امیدوار ہین

میکش سبہی فرشتہ ہین پر حضرت قلق
کیا دوستونکے دوست ہین یارونکی یار ہین

دیکھہ ہم جیسے اک امید وفا رکھتی ہین
سہو کو تیری بجہے یاد ادا رکھتی ہین

سر کو پٹہو کر سہی تیری ہم ہی لگا رکھتی ہین
فتنہائی دو جہان و بقفا رکھتی ہین

تو نی دیکہا ہی نہین تجہمین جو دیکہا ہمنے
اجتک تجہکو بہی ہم تجہسے چہپا رکھتی ہین

لیکی یہہ جائی کہان خاک گرانجانونکی
دامن باد صبا کو بہی دبا رکھتی ہین

اوسکی خنجر کا کبہی خون ہی ہماری سر پر
ہم اسی دہم مین سر تن سی جدا رکھتی ہین

خود بخود غیر سی اک ربط بڑہا جاتا ہے
یہہ مقرر کہ وہ دلمین میری جا رکھتی ہین

دیر مین دیکہئے انجام ہمارا کیا ہو
کہ حریف دل و جان خوف خدا رکھتی ہین

ہو شب وصل اگر روز جزا تو بہی ہی کم
تیری ناکام وہ امید بڑہا رکھتی ہین

زندگی اپنی اک انداز غلط تہیری ہے
کہ نظر سی تیری وابستہ قضا رکھتی ہین

دل رمیدون سے نکر ذکر قیامت وعظ
ایسی ہنگامی تو یہہ گرکی ادہا رکھتی ہین

ایک ہم ہین کہ تیری نام کا لینا آفت
ایک وہ ہین کہ تجہی گہر مین ہنا رکھتی ہین

سرد وہ چشم مین میری اونہین ہنا تہا ام
ہی عجب شرم وہ گوشہ سی حیا رکھتی ہین

کاروان اپنا ہی وا ماند گمیون مین حالک
جستن رنگ سی آواز درا رکھتی ہین

صدمہ ہجر کسی سی نہین ملنی دیتا
خاک مین کیونکہ وہ عاشق کو ملا رکھتی ہین

اپنی انجام سی اغاز مین ہم در گذرے
نارسائی مین وہ انداز رسا رکھتی ہین

داغ رفتار ہی بابال قدم کا ہونا
دار ہستی ہی سفر شل صدا رکھتی ہین

ہم قلق کو میری خاطر سی بڑہا رہنی دو
ایک شاعر کو بہی محفل مین لگا رکھتی ہین

تیری وعدہ کا اختتام نہین
کہ قیامت بی یہی قیام نہین

بیوفائی تہاری عام ہوئی
اب کسیکو کسی سی کام نہین

کس لئے دعوئ زلیخائی
غیر یوسف نہین غلام نہین

وصل کی بعد ہجر کا کیا کام
دور گردن کا انتظام نہین

کون سنتا ہی نالہ و فریاد
چرخ کو خوف انتقام نہین

خال لب دیکہہ کر ہوا معلوم
کوئی دانہ بغیر دام نہین

آپ مین کیونکہ آؤن جیکہ تو آئے
خلوت خاص بزم عام نہین

نالہ کرتا ہون لوگ سنتی ہین
آپ سی کچہہ میرا کلام نہین

جس جگہہ ہی وہان یہی ہستان
کہ کسی جا ترا مقام نہین

روز فرقت کو روز حشر نجان
شام پر ہی تو اختتام نہین

ہی خدا ہی قلق جو آج بچی
صبح ہوتی نہین کہ شام نہین

جانی جاتی ہین کہان عزم کہ ہر کہتی ہین
دور رفتار سی جن شمع سفر کہتی ہین

کب میری حال کی غمخوار خبر کہتے ہین
کہ نظر تجہہ پی سب اہل نظر کہتی ہین

کل کی کیا فکر ہی رحمت پی نظر کہتی ہین
دامن تر ترا کل آج تو تر کہتی ہین

مہلت وصل تہی اک اوسکی جبین کا پرتو
کہ سر شام سی آغاز سحر کہتی ہین

تیغ ابرو کی تصور مین کٹی ساری عمر
اب اس ارمان سی ہی ہم قطع نظر کہتی ہین

دیکھنا تجھکو بھی دکھلائین گے آخر آخر
غیر ہے تیرے طرح تجھسے حذر رکھتے ہین

شمع ہے رشک مین کیونکر نہ میری سات جلے
پر پروانہ سے وہ باش پر رکھتی ہے

ماتم غیر مین ساتھ آپکے جانا ہوگا
بخت واژون سی ہم امید اثر رکھتی ہین

وہ نہین کہتی تو کب سنتی ہین ہم غیرون کے
وہان زبان گنگ ہی یہان گوش بھی کر رکھتی ہین

آمد و رفت سی اعدا کے مٹے جاتے ہین
جیسے نظرون مین تیری راہگذر رکھتی ہین

جھوٹے قسمون سے کیا قتل عجب معجز کہ ہی
مجھسے لڑتے ہین بیر سر کے سپر رکھتی ہین

کس لیئے قصۂ بلقیس کیا تمنے شروع
اپنے انجام پے ہم بھی تو نظر رکھتی ہین

عہد فرقت مین تیری گردش دورانسی چھٹے
شام رکھتی ہین ہم اپنی نہ سحر رکھتی ہین

ہو محبت کی خبر کچھ تو خبر پھر کیون ہو
یہ بھی اک بیخبری ہی کہ خبر رکھتی ہین

ناز ہی ہی کہ اوٹھاتا ہے ستمہای نیاز
دل کے لینے کا یہ دلیر ہے جگر رکھتی ہین

اُف ری آتش زنی شعلۂ جانسوز کہ ہم
اپنے بستر مین خسک مثل شرر رکھتی ہین

ای قلق سادہ مزاجی کے تمہارے صدقہ
بے ہنر وہ ہین جو دعوای ہنر رکھتی ہین

دل بُری چیز ہی تو ہم بھی دیئے بیٹھے ہین
کون بیتاب بھری دم کو لیئے بیٹھے ہین

میرے ہر بات پی ہوتی ہین غضبناک ایسے
گویا وہ خون عدو آج کیئے بیٹھے ہین

چاک دل مکڑے جگر جیب پہ سو طرح کے چیڑ
تو سمجھتا ہے کہ ہم منہ کو سیئے بیٹھے ہین

ادب وعظ تو دیکھو کہ یکے جاتے ہین
کیا مسلمان ہین مسجد مین پیئے بیٹھے ہین

پوچھہ مت حسرت ہجران کو کہ ہر شب کیا گیا
تجکو آغوشین ہم اپنی لیئے بیٹھے ہین

عادت نالہ و فریاد کو کیا پوچھتے ہو
چرخ کے جانکو ہم صبر کیئے بیٹھے ہین

یہ نیا معرکہ دیکھو کہ گذاری شب ہجر
چل کی پوچھو تو قلق کیونکہ جی بیٹھے ہین

ہم تشنہ کام بادہ گساری اگر کرین
تو شعلہ و شرار کو دامان تر کرین

اب شرط ہی کہ ہم بھی پریشان بسر کرین
کاکل کو تیرے اور بھی آشفتہ تر کرین

کہتا ہے غم نہ کسی کا تو اس لیئے
تا بی معاش آپکے عاشق بسر کرین

اوڑ جاہی ہو کی صاعقہ چہرہ کا تیرے رنگ
بیتابیون مین گر تیری رخ پہ نظر کرین

ہو تلخ کامیون سی ہماری وہ آب شور
آب حیات تک بھی اگر ہم گذر کرین

مہر اوسکے رخکی شرم سی ہوتا نہین بلند
کیونکر شب فراق ہم اپنے سحر کرین

آخر تو ذبح ہو دیگے اوس کو چہ مین کہیے
ای آرزو وصل تجھی نامہ بر کرین

مدت تلک رہا ہے دل مدعی مین پہ
غمزہ سے تیرے کیونکہ نہ ظالم حذر کرین

بڑہتا ہی جائیگا میری سینہ مین خون گرم
رگ رگ مین لاکھہ لاکھہ فرو نیشتر کرین

حیرت سی تجھپہ بزم مین پڑتے نہین نگاہ
غیرونکو تیری شوقتین کیونکہ نظر کرین

فرقت مین سہو ہو گئے ارمان و آرزو
شکوہ کرین وصال مین یا نالہ سر کرین

آتا ہے کچھہ یہہ ہمکو مزہ چھیڑ چھاڑ مین
جسم آشنا ہو یار تو بیداد گر کرین

اب چرخ پانو پر ہے کہ نالہ ہے چرخ پر
دل کی ہوس نکال لین ہم بھی جگر کرین

شہر والوں کی واسطے ہی جو رہتی ہین تجھسی دور
گہر اونکا بہر کہان جو تیری دلمین گہر کرین
سیر ہونی کی واسطے بہتر ہزار ہین
کیون نالہائی دل تیری دلمین اثر کرین

سب دقیقین قلق نی سخن مین پسند کین
بے فکر اپنی عمر کو حاسد بسر کرین

ای کیا تیرا تصور دہان مین
یہ کچھہ سی کچھہ ہی آن ہی کی آن مین
یہان اشارات غلط پہ زندگی
وہان ادا ہی اور ہی سامان مین
تیغ قاتل ہی رگ گردن میرے
آپ پیکان دم تن بیجان مین
یا تو قاتل ہو گیا رحم آشنا
یا پڑی ہونگی کہین میدان مین
اشک اپنی بہر بہر اکر ہر طرف
ای آخر تیری ہی دامان مین
ہائے کیسے کیسے وارستہ مزاج
سرنگون دم بند ہین زندان مین
کعبہ آنکھون مین سماتا ہی نہین
کیا بتون نی کہدیا کچھہ کان مین
انکھہ کی اوٹھتی ہی اوٹھتی کچھہ نہتا
ہم چلے ارمان ہی ارمان مین
دیر و کعبہ پر نہین موقوف کچھہ
اور ہی کچھہ شان ہی ہر شان مین
گریہ صد سیر ہا اور ہم کم حوصلہ
کشتی اپنی اگئی طوفان مین
جنت و دوزخ سی کیا امید و بیم
حسرتین سی حسرتین ہین جان مین
خود پرستی اور سلام آفرین
کعبہ عاشق ہی کفرستان مین
ای قلق کل تک گدای دیر تہے
آج دعوی ہو گئے ایمان مین

اپنا گواہ کسکو مین تیری سوا کرون
حرفِ ستم کو طرزِ نگہہ ہی ادا کرون

پہر امتحان مین دیدہ و دل کا ذرا کرون
نا آشنا یونکو تیری آشنا کرون

توڑین گی قہر اور تیری بدگمانیان
کیونکر غمِ رقیب کی سینہ مین جا کرون

ہی اپنا اپنا حوصلہ اور اپنا اپنا ظرف
تو مستعد جفا ہی ہو اور مین وفا کرون

تم تاب کیونکی لاوگی گرمی حسن کے
مین جنبشِ جگر ہی سی پنکہا جہلا کرون

آتش کو پنجہ پر پروانہ سی کرون
وہ شمع سی جلی تو مین اوس سے جلا کرون

یہہ آشیان ہی خارِ دلِ باغبان ہے
جون بوی گل مین دورِ چمن سی ہوا کرون

دل مین ہی سوچ لی ہے مین کہان تک ہون جونژ
نظرون ہی مین سمجہہ کہ مین کیا کیا کہا کرون

کیا جانی اگلی سال کو کیسی ہوا چلے
جی کہول کہول ابکی چمن مین نوا کرون

برہم کئی ہین میری تمنائی دو جہان
کیون مدعی ہون تلف مدعا کرون

جوشِ جنون مین خضر کو ڈہونڈون کہان قلق
مین پارہ ہائی جیب ہی کو پیشوا کرون

نالہ تو لب تک آہی گیا کہی کیا کرون
اپنی حیا کرون کہ تمہاری حیا کرون

یوسف نہین تو پہر ہی نکلنی کی قید کیون
گر لب میرا جلی تو تجہے آپ سا کرون

فکرِ ستم مین آپ بہی پابند ہو گئے
تم مجکو چہوڑ دو تو مین تمکو رہا کرون

تمنے تو کہیل تیغ زنی کو سمجہہ لیا
سر کٹ کی مثل تاک کہان تک بڑہا کرون

رنجِ فراقِ یار کی تدبیر ہائی ہائی
کیا بنگئی یہہ جان پی یار نہین کیا کرون

گر داغ ہو تو درد کو مین اوسکی جیل لون
گر درد ہو تو داغ سے اوسکے دوا کرون

صیاد ہی کی گہر مین بناؤن اب آشیان
اوسکو ہے برق و باد کا برگ و نوا کرون

مقتول ہون نگاہ کا شمشیر کا نہین
روز جزا مین کیا طلب خونبہا کرون

بیمن کیا خلیل کو آخر اس آگ نے
جل کر جفا سے اوسکی کہانتک وفا کرون

قطع نظر تلافیٔ مافات سے ہے فرض
جیمین ہے تیرے تیغ سے کسب صفا کرون

علم و ہنر مین مجکو نشانہ کیا قلق
بدلے فلک کے اہل زمین سی لیا کرون

تیرے در پر مقام رکھتے ہین
قصد دار السلام رکھتے ہین

ابتدا اپنے انتہا سے پرے
نا تمامے تمام رکھتے ہین

آسمان سے کسے امید نجات
آشیان زیر دام رکھتے ہین

ایک یوسف کہ ساتہ غربت مین
ایسے لاکہون غلام رکھتے ہین

بے بہا شے ہون مین کہ وہ مجکو
ناخریدہ غلام رکھتے ہین

سبکے سنتے ہین کرتے ہین جیکے
کام سے اپنے کام رکھتے ہین

وصل معشوق ہے سلیمانی
وہی جم ہین جو جام رکھتے ہین

کچہ تیرے دوستے کے قدر نہین
دشمنے خاص و عام رکھتے ہین

قیس و فرہاد کہتے ہین وہ مجھے
کیسے گن گن کی نام رکھتے ہین

نالون کو روک روک لیتی ہین
دلکو ہم تہام رکھتے ہین

کعبہ مین اکیدم کے مہمانے
میکدہ مین مدام رکھتے ہین

دلربا کہنے سے وہ چونک اوہٹی
گویا ہم اہتمام رکھتے ہین

چشم بد دور عیش عہدِ شباب
صبح ہمرنگِ شام رکھتے ہین

اے قلق بیٹھئے سرِ خم مے
آپ عالے مقام رکھتے ہین

کیا ہے برہم و درہم جہانکو ایک ٹھوکر مین
ہزارون بال آئی سیکڑون کے کاسہ سر مین

شبِ فرقت یہ کی شوخیان ہین جانِ مضطر مین
پلک کی مارتی آنکھون مین ہے ہونٹونپہ دم بھر مین

یہہ کیا پردہ پڑا ہمپر یہ کیا ظاہر ہی صورت سے
یہ حالت دل کی کیسی ہے یہ کیا ہی جانِ مضطر مین

سیہ مستی مین رازِ دل مغان سی کہہ دیا شاید
کہ صہبا مین ہی تلخابی تو روتا بی ہی ساغر مین

کلیجہ ہاتہ سی پکڑون تو دلکو کسطرح تہامون
کہ خط کو باندہ کر پہنچا یا ہون بال کبوتر مین

دلِ بیتاب سی شاید بنا ہے جوہرِ آتش
وہی ہی رنگ شعلہ مین وہی ہی ڈہنگ انگر مین

برنگ سایہ گر آمادہ جنبش ہے ہوتا ہون
تو ٹھوکر کہا کی گر پڑتا ہون نقشِ پا ہی رہبر مین

میرا روزِ سیہ میری ہی نظر دنمین سمایا ہے
وگرنہ دلکشے اور اسقدر زلفِ معنبر مین

جنون اوبجہاؤ تہے تیرے مگر تارِ گریبان تک
کہ مشتِ خاک میری اور گرہ دامان صرصر مین

تہارے سر پہری سے مین ہر محفل مین رسوا ہون
نگاہِ گرم بنجاتی ہی آنسو دیدۂ تر مین

ہمارا قافلہ لٹ کر نہ سامان مین کہے آیا
رہا دل کوئی دشمن مین رہی جان کوئی دلبر مین

مین اوسکی خاطرِ نازک سی اپنا رنج اوٹہواتا
دمِ آخر بولاتا اوسکو کیونکر حال ابتر مین

یہہ کس فرصت مین تونے انتخاب دل کیا کافر
شکن بر شکن تیرے بل پیہن بل در بل مغبچین

اوٹھی کمین آستین مالیدہ و برچیدہ دامان تھی
وصال ناگہان لکہا ہی یہہ کسکی مقدر مین

زمانہ کجروی بہولا ہی ورنہ کیون نہ آجاتے
وفا جرخ غضب خو مین حیا چشم ستمگر مین

دم آخر وہ جب آیا تو مجہسے کچہہ نہ بن آیا
نہ آیا اشک شادی تک بہی میرے دیدہ تر مین

رہی گاتا گجا پردہ نہونگی تا بکی رسوا
نہ اب وہ آدمی مین باہر نہ ہم جاتے ہین اب گہر مین

نقاب اوٹھتی ہی پردی پڑ گئی آنکہون پہ یکبارگی
یہہ کس سی چشم پوشی تہی تجہی میدان محشر مین

کدائی کی تجمل کی نیوجہو حیرت افزائی
کہ آہ بی نیازی کا ہما کی سایہ ہی پر مین

عجب سامان سی کچہہ آتا ہی مرغ نامہ بر اپنا
ہزارون تیر ہر پر مین تو لاکہون تیغ شہپر مین

قلق ہنگامہ ہی سی داد دل بہی کیا کم ہی
کہ مخبر بال بال اپنا ہی دور زلف کافر مین

اوہنین پہر امتحان یاد آگیا میدان محشر مین
مگر داد ستم بیداد تہی میری مقدر مین

نصیبہ بی نصیبی ہی میرا شاید مقدر مین
کہ وا ژونی لبالب ہی ازل سی کاسہ سر مین

بغل مین ہاتہہ دیکر لائی ہین نالی تیری در تک
نکل ای فتنہ گر باہر غنیمت آتی ہی گہر مین

اوری صبر و خرد یہان جنبش پر واز سے پہلے
یہہ کیا پر لگ گئے خط باندہ کر بال کبوتر مین

شب ہجران سی شوق جنون انداز توسن پر
نہفتہ دشنہ پر دشنہ کیا ہر چین بستر مین

مغان کو ارمغان کیا دیجی میخانہ مین جاکر
کہ دی بیٹہی ہین ہم اپنا نکو امید ساغر مین

نگر تو نجل ساقی دیکہہ تو دریا دلی میری
کہ جنت سا مکان اور رہتے ہون ایک ساغر مین

نہ ہم مین حرص کی سیرت نکچہہ اغیار کی صورت
سمائین کسطرح سی ہم تیری چشم فسونگر مین

قیامت پانونکی رکہتی ہی استقبال کو دوڑے
پی دیدار جانکلی جو ہم کوئی ستمگر مین

فلک نے آہ و نالہ خاک کر ڈالی مین کسکی
کہ ہی اک جوش سا صحرا مین بو رطوفان ہی صرصر مین

پڑی کیا کچہہ آفت لی ہی یہہ بیتابی عاجز کی
نہین طاقت ذرا دہنی کی اب فریاد مضطر مین

وہ خود مین ہی ازل سی آج آئینہ کا کیا شکوہ
نہو نا رخنہ گر ای چشم تر سد سکندر مین

عجب کیا ہی اگر ہمدم رہی تا زندگی میرا
کہ ایک طرز وفا یا تا ہون دردینہ پرور مین

وفا سی سکو بیزاری ہی ای مانی وحشت سی
نہین جمنی کا کوئی رنگ میری نقش پیکر مین

تیری دیوانی کی انداز پر غش اک زمانہ ہی
زمین حیرت مین رہتی ہی فلک رہتا ہی چکر مین

یہہ عنائی یہہ خودرائی یہہ حالا کی یہہ بیباکی
خدا جانی کہ ہوگی صرف کسکی جان مضطر مین

وہ نور دیدہ دل آنسو نہین ملکی آتا ہی
کہ شعلہ کو سرشتہ کر کیا ہی آب گوہر مین

میری فریاد سی شاید کسی کا نگ اوڑتا ہی
وگرنہ کیون شب فرقت ترقی نور اختر مین

شب ہجران قلق یہہ بیکسی جھیلی کہ توبہ ہی
نہ وہ مہ تہا مقابل مین نہ خنجر تہا برابر مین

غیر شایان رسم و راہ نہین
کب وہ عاشق ہی جو تباہ نہین

ای فلک دور حسن مین اوس کی
تجہکو کچہہ فکر مہر و ماہ نہین

ربط دشمن سی ہی وہ بد بر ہی
اب کسی طرح سے نباہ نہین

کم نگاہی کو اونکی دیکہتی ہون
اونپہ ہی اب ہمین نگاہ نہین

پردہ کب تک رہی گا ای ظالم — اختر مدعی سیاہ نہین
ظلم کے قدر کے لیئے ہے رحم — داد کچھہ بہر داد خواہ نہین
حیف قزاقیٔ زمانہ حیف — رسم و رہ بہر رسم و راہ نہین
ہے گدا شاہ بلکہ شاہنشاہ — سطوتِ قہر بادشاہ نہین
الفت اور تمسے ہای ہای نہم — لبِ دشمن پہ آہ آہ نہین
پستیٔ طالع بہر خوبیٔ فن — کیا وہ یوسف جو غرق چاہ نہین
عرصۂ نیستی و ہستی سے — بچکے چلنے کے کوئی راہ نہین

ای قلق کیا ہوا بڑہا پے مین
عشق کچھہ سیرِ صبحگاہ نہین

مطلع ثانی

ہمتو یہان مرتی ہین وہان اوسکو خبر کچھہ بھی نہین — ای وہ سب کچھہ ہی سہی عشق مگر کچھہ بھی نہین
تسکو فریادِ ستمکش کا خطر کچھہ بھی نہین — کچھہ تو الفت کا اثر ہے کہ اثر کچھہ بھی نہین
عافیت ایک اور آزار ہزارون اوسمین — جسکو کچھہ سود نہین اوسکو ضرر کچھہ بھی نہین
خلوتِ راز مین کیا کام ہے ہنگامہ کا — ہی خبردار وہی جسکو خبر کچھہ ہے نہین
تو اور ایک شان کہ عالم کے نظر مین کیا کچھہ — مین اور ایک جان کہ پھرتی ہی نظر کچھہ بھی نہین
رحم ہی اوسکا ہی آشوبِ قیامت کی دلیل — جس سے بیزار ہی وہ اوسکو خطر کچھہ بھی نہین
ہمکو اس حوصلہ پے کیونکہ فلک دے ساماں — شکوہ بار ہے اور منتِ سر کچھہ بھی نہین

راہی ملکِ عدم ہین نہین فکرِ منزل
قصد کہتے ہین اودہر کا کہ جدہر کچھہ بھی نہین

زیست افسونِ تماشا ہے توہّم کے لیئے
ہوتی ہی جلوہ نما مثلِ شرر کچھہ بھی نہین

خود پرستی کی سبب شیخ و برہمن کو نہی خبط
سب اودہر ہی کی بناوٹ ہی اودہر کچھہ بھی نہین

عاقبت ہین کو ہی ہر بزم کی شادی کا ماتم
شمع روتے ہے کہ ہوتے ہی سحر کچھہ بھی نہین

روزِ فرقت کے دراز ایسے ندیکھے شبِ ہجر
حسرتِ شام ہین تشویشِ سحر کچھہ بھی نہین

جانتے ہین کہ نہ بہلے گا جہان کیا کیا کچھہ
دیکھتے ہین کہ اونہین مدِّ نظر کچھہ بھی نہین

ای قتیل بیتی ہی مجد مین جلی آتی ہو
بیخبر کہتے ہو تم بھی کہ خبر کچھہ بھی نہین

دوستی مدعی کس کس کے نقشِ دل نہین
جسکو تم چاہو مٹے یہ وہ خطِ باطل نہین

کر حصولِ آرزو امید لاحاصل نہین
خوابگاہِ سعیِ نایابی میری منزل نہین

جستجو در کار دلبر سے جدا کچھہ دل نہین
مستمندِ سعی جو مشکل ہے وہ مشکل نہین

بلبلہ خونِ تمنا کا ہی بر مین دل نہین
داغ اشکِ گرم کا ہی مردمک مین تل نہین

روئی لیلے کے لیئے پردہ کوئے حائل نہین
کونسے غنچہ کے ہے آغوش جو محمل نہین

اقربا دیتی ہین طعنے گالیان دیتا ہی وہ
یہہ نہ کہہ ناصح کہ دل دہنی مین کچھہ حاصل نہین

حشر کا کیا ڈر ہو قاتل کو کہ ہی خونریز عام
کون جائیگا وہان تک کونسا گھائل نہین

سخت جانیکے پشیمانی نی مارا ہے مجھے
خونبہا گردن پی ہی کیر سرِ قاتل نہین

آسمان بصرف سامانِ وصال غیر ہے
سر بجیبِ غور ہے کچھہ نیند مین غافل نہین

زاہد اک تک تجھ پر مگر سبی ہوگا فدا
کعبہ کیون جاتا ہی تو بوسہ کا گر سائل نہین

فی کدورت غیر سی فی گریہ اپنی حال پر
تنگ اتنا زیست سی ہون دل آب و گل نہین

آنسو نہین کل تو دل آیا تہا آج انکھین گئین
اس محیط بیکرانکا فقط ایک ساحل نہین

ہر جگہہ کعبہ ہی لیکن سجدہ کی مہلت کہان
ہر قدم منزل ہی لیکن فرصت منزل نہین

حسرت و ارمان آوے آتی کیون رکے
یہہ ہمارا قافلہ وہ ہی اوسکی کچھہ محفل نہین

ہی دلیل انصاف کے ظاہر کیا دل کو دو نیم
ای ستمگر کس طرح کہئے کہ تو عادل نہین

اب نہین پر پا تو کیون کہی گا وہ تیغ آزما
کونسی جا ہی جہان بسمل سر بسمل نہین

کیا سنائی اپ کو کوئی کہ راہ عشق مین
وہ رواج نقص ہے نقصان ہے کامل نہین

یہہ کسیکا بہی نہین اور اسکا ہی سارا جہان
دلربا کو بہی تو ہی ہی اختیار دل نہین

خاک ہمسی آسمان سو سو طرح چہنوای گا
ای ہجوم آرزو تو خاکمین بہی مل نہین

کیا ہی وہ ارمان جو تیری رحم مین داخل نہو
کیا ہی وہ ارمان جو میری نامین شامل نہین

خوف مجہسی کہتا ہی محفل سی اوسکی اٹہہ گہین
اور جرأت دلسی کہتی ہی تو ہر محفل نہین

عاقبت آتا ہی دور وصل ہی ایکروز پر
گردش ایام مین فرقت کی دن داخل نہین

ایک نظر دیکہا تو دیکہا اسمین کیا تو گہس گیا
ای فلک دشمن نہو تجھپر کوئی مائل نہین

ایکدن تو بول اوٹہا تنگ ہوکر ہو فا
ای قلق ہم اس خموشی کی تیری قائل نہین

کیون کرین حق وفا سی پی انکار نہین
ہان بہی اسطرح سی کرتی ہین اقرار نہین

رحم کر رحم کہ تعذیر سزاوار نہین — ہو سزا جسکی سزامین وہ گنہگار نہین

بارِ حسرت سی چراتی ہی اجل بہی کاندہا — تیری درماندہ کا کوئی بہی مددگار نہین

آستان اوسکا کسی جا بی نہین ہی تو نہو — چین لینی کہین دیتا دلِ بیزار نہین

ناروا دلسی کوئی چیز نہین دنیا مین — کوئے دلبر کی سوا جسکا خریدار نہین

اپنی ہی حال مین کچہہ سر بگریبان ہی نگاہ — چشم بیمار کا گویا کوئی تیمار نہین

ناز و انداز و ادا چشم و نگاہ و غمزہ — سبہی دلدار ہین اور کوئی دلآزار نہین

سازگاری مقدر میری سبحان اللہ — آپ جب قتل کی درپی ہین تغلو ار نہین

ربط بیغیر کی باندہی ہین خیالات نے — کوئی بہی ہمسا محبت مین خود آزار نہین

بیٹہی دل کو پکڑ کر کہین کس حیلہ سی — ہم ہین اوس دشت مین یا دہ جہان خار نہین

غیر کی دہیان مین ہیچین ہے کیا کچہہ شب و روز — تم ہی ہو پہلو مین میری دل افگار نہین

کونسی رات نہ آنکہو نمین رہا روز سیاہ — کونسی روز نگاہو نمین شب تار نہین

پاس بیٹہی ہین تو اسطرح سے بیٹہی ہین وہ — اونسی گویا کہ ہمین کچہہ بہی سروکار نہین

وای تقدیر کہ صیاد ملا بی پروا — وہ گرفتار زبون ہون کہ گرفتار نہین

ای قلق پیر کہن سال ابہی سی تو ہوا
کسی نوعمر کو پہہ شعر کا آزار نہین

تکالو ہمکو زندانسی کہ آبادی ہو زندانمین — ہم ای کنج زندانمین بہار اگلستان مین

شب وصل عدو فی تفرقہ ذالادل و جانمین — رہا دل گہر مین دشمن کی ہی ہم کوئی جانمین

ہماری بیسر و سامانیان آئین ہین سامانی
ہوا انبوہِ ویرانی بیابان ہی بیابان ہین

دکھاؤن دلکی زخمونکو بٹھاکر چشمِ حیرانمین
ذرا انگشتِ قاتل بھی رہی یک لخطہ دندانمین

کہین ایک شبکے شب یو نہین گذر جاتی رہی دونی
فراہم خار و خس کرنی سی کیا حاصل بہارانمین

دکھاکر زخمِ دل آیا ہی کیا کیا یاد کیا کہیئے
رہا جو وصل مین صدمہ نہا وہ دردِ ہجرانمین

بنایا مٹ مٹاکر نالہ و گریہ کا وہ سامان
غبار اپنا ہوا ہے سرمہ چشمِ بادِ دورانمین

یہہ سرمایہ دلِ دیدہ کا اور پاؤنمین دشمن کے
امیدِ خون نشین ہی مرغِ بسمل کوئی جانان مین

سمایا آخر آخر جانمین شوقِ ہمکناری یہہ
رہی پیچیدگی ہوکر تمہاری زلفِ پیچان مین

وہ صیاد آیا ابر آیا وہ کوندی برقِ ناشدنے
بنایا آشیان اور آفتین ٹوٹین گلستان مین

دمِ آخر ہے جمعیت نہین کیا لذتِ ایذا
ہمارا سر ہے زیرِ تیغ اور جان ہی نکلدان مین

کرین کیا داد خواہی دامنِ قاتل کو کیا پکڑین
کہ ہی فریاد ایک موجِ تبسم زخمِ خندان مین

تیرا وحشی نہوگا سیر ہے یہہ بسمل لذت
گر آبِ تیغ ہو لبریز ہر خارِ مغیلان مین

طبیعت گرتے گرتے لی ہی بیٹھی عاقبت جی کو
مگر ایک بیخودی رقصِ بسمل رنگ پران مین

سہارا چارہ گر مت دی تو سر زانو پی رہنے دے
نہ لا بیٹھے بٹھائے زلزلہ دیوارِ زندان مین

جو دیکھا زخم دلکو نیچہ گر کے ہلگئے ٹانکے
ندامت سی ہی سر اوسکا میرے چاکِ گریبان مین

لبون پر آتی ہی کیون تلخکامی ہوگئی ایسی
محبت نی ملایا زہر کیا شیرینیٔ جان مین

غبارِ کاروانِ عشق نی کیا رنگ بدلی ہین
کہ یہان برقِ نگہ وہان سر مہ ہے دامانِ مژگان مین

امیدین توڑنی دل خون کرنا بدگمان رہنا
تیری اندازسے ہین ہمارے یاس و حرمان مین

صبا خاطر کو میری دانکر ناہو لکر ہی تو
وگرنہ آگئے ہوگے خزان فصل بہاران مین

قلق سے سیکھہ جاہی عشق اخفا ہے محبت کو
نہین معلوم دلکو درد کیا ہی داغ پنہان مین

اوڑاؤن نہ کیون تار تار گریبان
کہ پردہ درے ہے شعار گریبان

ہر ایک تار ہی دستگیر تماشا
کیا ضعف نے شرمسار گریبان

کتان و گل و سینہ اہل حسرت
بہت چیز ہین یادگار گریبان

اگر دشمنے بخیہ گر کو نہین
تو کیون اسقدر دوستدار گریبان

نہین قید رسم خلایق پسند
ہر ایک سانس ہی خارخار گریبان

وفا ہے میرے پیشدست سلاسل
ترا پردہ ہے پیشکار گریبان

یہہ اوڑنے مین چالاک ہر پارہ ہے
رم دشت وحشت شکار گریبان

کبھی کوہ مین دشت مین ہی کبھی
نہین کچھہ گلو پر مدار گریبان

قلق کیونکہ پردہ نہ اوٹھتا ہمارا
کہ ہے بخیہ گر راز دار گریبان

بیگانہ ادائی ہی ستم جور و ستم مین
ہم چھپنے نہ پائی کہ چھپا آپ وہ ہم مین

کچھہ علم و خرد پر نہین تقدیر کے مقدار
اندازہ پیمان نہ زیادہ مین نہ کم مین

ہی طرز محبت ہی دل آشوب وگرنہ
کچھہ بات عداوت کی نہ تم مین ہی نہ ہم مین

ہر قافلہ درد رسیدہ کے ہے منزل
کیا جانیے آرام ہے کیا ملک عدم مین

یارب ہو برا اس ہوس دل کا نہین جی مین
افلاس ہی کھو یا طلب جاہ و حشم مین

بیحس ہو وصل مین ایسی تو ہوی ہین
لذت ہی انوبت مین حلاوت نہی سم مین

افسانۂ میخانہ ہی واعظ کی زبان پر
اندازۂ پیمانہ ہی قندیل حرم مین

مجکو ہی نہین بیخود و بیہوش کیا کچھہ
دیوانی نبی آپ بھی تشویش ستم مین

اس زہد لباسی کی قلق تیری ہین قائل
کس ڈہنگ سے لایا پسر شیخ کو دم مین

دل اوسپہ ہی نثار مین دلبر نثار ہون
حیرت کا اپنی آپ ہی آئینہ وار ہون

مین کس حساب مین ہون کہ داغ شمار ہون
ای سہو روزگار تیرا یادگار ہون

امید جتنی کہتی ہی بڑہتی ہی آرزو
کس دردمند کا دل امیدوار ہون

ہی دوست بد دماغ تو دشمن ہی شکن
اب ہر طرح سی چشم تمنا مین خار ہون

مین غیر تو نہین کہ ندون جان ہجر مین
ای مرگ آ تیرا ہدف انتظار ہون

محشر کی ٹکری ٹکری اوڑی ایک آہ مین
کیا پا بمال فتنۂ رفتار یار ہون

کیون دل بھی دیا اوسی کیون دلربا کہا
کیا جبر ہی کہ متہم اختیار ہون

ہان جنج بہی گریگا اور اوہی گلی حسرت ہے
تیری گلی مین بیٹہہ کی ہر دلیہ بار ہون

آسان ہی بسکے سرمۂ مکی خون ابہی
مشکل کہ آستان بتانکا غبار ہون

میری ہی عجز سی ہی تیری ظلم کا گناہ
جب تک تو ہی عزیز مین جبتک ہی خوار ہون

باہم رکہو سلوک قلق دوستونکو چہوڑ
تم مجہپہ ہو نثار مین تمپر نثار ہون

مرنی اونسی فرشتی بہی باکرتی ہین — عمر پڑہتی ہی جو مرینکی دعا کرتی ہین
ہائی الفت کی ولا ویزا شارات کہہ ہم — سر فروشی کی لئی جان فدا کرتی ہین
وقت غم صبر و خرد تاب و توانکا کیا کام — یہہ وہ احباب ہین جو ملکی دعا کرتی ہین
اب وہ ہم نہ وہ تم اور نہ وہ حالت اپنی — ہی تقاضائی مروت جو گلا کرتی ہین
ایک محشر کہ لگاوٹ کی ہین ساماں لاکہون — اونکا پردہ نہین اوہتا جو ملا کرتی ہین
اللہ اللہ جوانی مین لگانا جی کا — مرگ کو جانکی عوض مول لیا کرتی ہین
قتل عاشق کی ذرا گہات کسی سی سیکہو — سیکڑون تیغ بکف ورنہ پہرا کرتی ہین
اہل الفت کا ہی ابرام عقوبت کا سبب — یہہ وہ کمبخت ہین مرمر کی جیا کرتی ہین
کیونکہ غیرونکی نہو قدر کہ یہ جہہ نہین — اپنی کی نام تو سایہ سی بجا کرتی ہین
مہر و مہ کیونکہ نہ ہجر انمین جہپائین موہنکو — رخ روشن سی تیری کسب صفا کرتی ہین

ای قلق رسم محبت مین شکایت ہے کفر
بی وفائی کی لئی ہمتو وفا کرتی ہین

اس ستمگر پر تو خیرہ کشی کچہہ ستم نہین — اوسکی جبین بی ہی میری آنکہون مین ہم نہین
عمر دراز خضر سی معلوم ہو گیا — کوتاہی وصال کسی طرح کم نہین
سب سرگرانہوی میری تعذیر دیکہکر — وقت قتال تیغ ستم تک علم نہین
معذور ہین وہ آپ کہ فرصت ہی اب نہین — یہہ لطف غیر پر ہی کہ مجہپر ستم نہین
موہنہ پہیرتی ہی کس لئی تلوار دمبدم — ظاہر تو التفات ستمگار کم نہین

یہان اک قدم اوٹھے تو جھکے سر ہزار یان — کچھ سیرِ دیر دورۂ طوفِ حرم نہین
کب کے فقیرِ دیر نے توقیرِ سلطنت — کم ساغرِ سفال سی کیون جامِ جم نہین
ہے وعدۂ وصال مسلّم بے وفا — پیکِ اجل کو حاجتِ قول و قسم نہین
صبحِ وصال غیر نہین آج ہے تو کیون — تم مین وہ شرم اور وہ نگاہون مین رم نہین
اللہ رے طلسمِ محبت کے دلبرے — رنج و الم مین کاہشِ رنج و الم نہین
کیا پوچھتے ہو وصل کی بے التفاتیان — اتنا ہوا ہون خوش کہ جدائی کا غم نہین
جیتے ہین اس غرا مین کہ مرتی ہین بیقراریان — مرتے ہین اس غرا مین کہ مرنیکے ہم نہین
وہان خلد دی تو یہان نامی و شوق دی ہین — بی لذتِ گناہ نشاطِ کرم نہین
کیا اوسکا پائمال کہین داد خواہ ہو — جو ناز سے زمین پہ رکہتا قدم نہین
شرمندہ ہے مسیح تری ناتوان سے — ہرگز تحمّلِ نفسِ قم کا دم نہین
امیدِ زیست قطع کچھہ ایسی ہوئی ہی اب — وہ سانس کون سی ہی جو شمشیرِ دم نہین

اوسکی نگاہ مین ہی رقیبونکی دل مین ہے
تجھسے قلق زیادہ کوئی محترم نہین

نامۂ شوق اوسی حضد مین رقم کرتی ہین — گویا ہم شاخِ کتابت کو قلم کرتے ہین
لطف مین لطف نہین کچھہ کہ ہے بہر عنایا — ظلم ہی ظلم نہین ہی وہ کرم کرتے ہین
فارغ البال ستمگر ہے تو ہم شکر گزار — اونکے الطاف ہین ہمپر جو ستم کرتے ہین
بلبلون کو ہے نظر آب و ہوائی گل پر — آشیانہ کے لیئے خار بہم کرتے ہین

مدد ای گردشِ برگشتگیٔ چرخ کہ ہم
اوسکے آنیکے تمنا شبِ غم کرتے ہین

اور کیا جرم کیا ہے کہ اوٹھیگا محشر
ایک امید ہی تیری سبھی ہم کرتے ہین

اوجِ اقبال ہی حصہ مین اوسی کشتہ کے
سرِ میدان سبھی نیزہ پہ علم کرتے ہین

حشر تک پھر نظر آتی نہین وہ لوگ کبھی
حالتِ وصل مین جو قول و قسم کرتے ہین

ای زمین ہٹ کہ غمین چشم کو نم کرتے ہین
ای فلک بیچ کہ فغان جو شین ہم کرتے ہین

ای **قلق** کیونکہ پسند آئین گی حور رضوان
نہ عداوت نہ شرارت نہ ستم کرتے ہین

خوشی مین بھی ہے نوا سنجِ فغان ہون
زمین و آسمان کا طرز دان ہون

نہین اپنی بی نشانی کا نشان ہون
ہجومِ ماتمِ عمرِ روان ہون

تیرے جاتے ہے میرے زیست تہمت
نہین ملتا پتا اپنا کہان ہون

غبارِ کاروانِ مور ہے زیست
یہہ خطِ یار سے آشفتہ جان ہون

نہین کچھہ کام بختِ آسمان سے
مین ناکامی مین اپنے کامران ہون

نہین دم مارنی کا دم اور اسپر
سراپا شمع سان شکلِ زبان ہون

خدا ہے گرنہ سے معشوق وسے کو
تو کیون نہ ہر محلہ سے سرگران ہون

وہان کا رنگِ پیران آسمان ہے
مین جس عالم کے تصویرِ گمان ہون

کوئی آوارہ ملجائے تو پوچھون
کدہر سے آیا ہون جاتا کہان ہون

نکلجاتا ہے ہر آرزو پر
پئے خونِ جوانی مین جوان ہون

میرا غم عشرتِ رفتہ کا نغمہ
کہ مثلِ گردبادی کاروان ہون
کواکب ہائی قسمت آسمان پر
نہون کیون نکتہ چین نکتہ دان ہون

قلق بی رونقی رونق ہی میری
بہارِ عمرِ ہستی کی خزان ہون

او ہنے مین دردِ متصل ہونمین
گردباد غبارِ دل ہون مین
کعبہ تک ساتہ آیا شوقِ صنم
ہائی تنہا نہ گیا مجل ہون مین
حیف کس مدعی کی جان ہی تو
ہائی کس آشنا کا دل ہون مین
شکوہ دون کیا جواب ای داور
اپنی ہی آپ منفعل ہون مین
تیری نازک تنی پی غور نکے
اپنی امید سی مخجل ہون مین
نہ ہلا اوسکی در سے تا محشر
ہر قدم آرزو کی سل ہون مین
خاکِ ہستی کو گر دِ باد ہی تو
آتشِ دل کی آب و گل ہون مین
جدہ مین کوئی اپنی جلالت کے
کہ نگاہون مین منتقل ہون مین
چہا گیا ہہ تصور اوس بت کا
نقشِ چین اور بت چگل ہون مین
ذرہ سی زندگی بہاڑ ہوئے
آنکہہ کا اپنی آپ تل ہون مین

ای قلق کیونکہ چہوڑ دون وحشت
وضع مین اپنی مستقل ہون مین

پہری ہی بکمی دنیا کہ ہر کو دیکہتے ہین
کہ باب اجنبی ہر ہی نظر کو دیکہتے ہین

جگر کی زخم کو اور چارہ گر کو دیکھتی ہین
جو دیکھتی ہین ہم اونکی جگر کو دیکھتی ہین

جنون ہین ہی سہی پر کسیکی گہر ہوئین
تمہاری شان کو اور اس گہر کو دیکھتی ہین

چراغ دور ہی خورشید کو دکہاتی ہین
ہم اپنی شب کا تماشا سحر کو دیکھتی ہین

ہوئی محال اونہی اور مہی سبکدوشی
ہین اونکی تیغ کو وہ بے سر کو دیکھتی ہین

الٰہی ٹوٹ پڑی برق یا ہو باران بر
یہہ کون ہین جو میری چشم تر کو دیکھتی ہین

حجاب ہی ہین گئی اپنی جان ہزار دریغ
ہم اونکو دیکھتی ہین جو اودھر کو دیکھتی ہین

دریغ و داغ ہی میرا ابھی مدنی ہی ہے
ہزار حیف وہ مجھہ بیخبر کو دیکھتی ہین

جہان مین رحم کی امید ہی تو بس اتنے
کہ ذبح کرکی بڑی بال و پر کو دیکھتی ہین

تیری نوید مین ہر دستانکو سنتی ہین
تیری امید مین ہر رہگذر کو دیکھتی ہین

خوشا وہ لوگ کہ دیر و حرم مین جاتے ہین
نہ ایک ہم کہ کہڑی تیری در کو دیکھتی ہین

ذرا تو نقش کو بالین گور رہنے دو
یہان تلک بہی وہ نامہ بر کو دیکھتی ہین

پسند اہل نظر ہو گئی وبال حسن
کہ تیری زلف سی پر خم کمر کو دیکھتی ہین

یہہ کس غضب کے ہی بی اعتباریٔ التفات
ہم اونکو اور وہ ہماری نظر کو دیکھتی ہین

اس اتفاق کو اس استاد کو دیکھو
تلاش غیر مین وہ میری گہر کو دیکھتی ہین

نرہنی دیگا ہین شہر مین ہی اب کوئی
کہ تیری شوخ مین دیوار و در کو دیکھتی ہین

شراب پیکی قلق ناچتی ہین کیا کیا لوگ
ہم اونکی شکل کو اور اس ہنر کو دیکھتی ہین

ردیف الواو

ہے برق دیدۂ چشمِ تماشا جو تو نہو
سب سامنے ہون اور کوئی روبرو نہو

غوغائی حسن و ناز کا کیونکر غلو نہو
غماز اک جہان ہو اور جسمین تو نہو

ہے کس جگہہ رقیب پریشان کہ تو نہو
یہ شامتِ وفا کہین مرگِ عدو نہو

شوخی کی لاکہہ شیوی ہین پر یہ ادا ہی کیا
جسمین کہ تو ہے تو ہو وہی آرزو نہو

ہر شکل مین ظریف و تنک ظرف کا ہی فرق
جو شکل رہنِ جام ہے ہرگز سبو نہو

ہے ہے خیالِ پار دلِ تنگ مین بنا ہا
گہٹ گہٹ کی دوسرا یہ دل تند خو نہو

دیوانگی ورشک ہے دیوانگی رشک
دامن کو پہاڑے تو گریبان رفو نہو

خبط نیازہی سی ہی مختل دماغِ ناز
بلبل جو رنگ فہم ہو تو گل مین بو نہو

یہ جام جم ہے تہا کہ بہرا اور چہلک گیا
ہرگز فقیرِ دیر کا سرکش کدو نہو

وہ کیا کریگا کوثر و حورانِ خلد کو
جسکو کہ ذوقِ بادہ و روئی نکو نہو

بیعقل ہے جو داد ندی تیری جور کے
بیہودہ ہے جسے ادبِ گفتگو نہو

محتاج کش بہر جہان بیغرض تلاش
وہ کامیاب ہے جو کہیے کا مجو نہو

آتی اگر وہ طور پے بہتے ہے نہر خون
اتنی کہان ہے تاب کہ پتہر لہو نہو

کیونکر قلق فلک سی نہی گا یہہ اتفاق
بس مین جو یار آئے تو قابو مین تو نہو

مشتِ غبار اپنا اگر کو بکو نہو
طوفانِ برق و باد شکارِ نمو نہو

ممکن کہ حرف راز فشار گلو نہو
اور طرز خامشے ہدف گفتگو نہو

امید کچھہ گھٹے تو بڑہا دون تیرا خیال
آغوش تنگ غیر مین جاہی کہو نہو

کسطرح بزم وعظ مین مستونکا جی لگے
خم تو بہرا ہوا ہو جو سیلاب جو نہو

کیا جانیے غبار ہون کس دل کا مین کسر
گر جای دوش سی بہی تو ہرگز فرو نہو

کیا شانہ گرد گرد جو تکیہ نہ سر کا ہو
کیا زلف پیچ پیچ جو بند گلو نہو

دل ہو ہزار پارہ و ہر پارہ لاکھہ شان
کیا خاک ہم مٹی جو تمہارے منو نہو

کس کسکو مین بتاؤن کہ تو نی چہوڑ دیا
شامت بہی میری آئی تو ہمدم کہو نہو

محفل مین اوسکی ہون پس دیوار ہای ہای
کچھہ شرم عشق ہو تو خیال عدو نہو

تو دیکہہ تو ادہر کہ جو دیکہا نچائے پھر
تو گفتگو کرے تو کہے گفتگو نہو

اوٹہہ جا رسم بخشش باہم جہان سے
ہر گہر مین ذکر تیرا اگر کو بکو نہو

ہر رنگ مین نیا ہی تماشا ئیو نکا جوش
گل کیونکہ پائمال تہ رنگ و بو نہو

حیران ہی وہ آپ ہی اپنی تلاش مین
کیونکر نگاہ ناز غلط سو بسو نہو

مے سے عروج نشہ ہی اور نشہ سی عروج
تحت الثرے وہ خاک کہ جس سے سبو نہو

کم بینیٔ زمانہ ہے سنگ ہر آئینہ
ہے حفظ آبرو جو سر آبرو نہو

بڑہتے ہے یاد خندۂ زخم دل قلق
اتنی بہلے نسیم سحر مشکبو نہو

ہکو اگر خیال خم مو بمو نہو
نالہ لبون تک آتی ہی طوق گلو نہو

بدخو کبھو نہو جو کوئے خوب رو نہو
یکتائی کا خیال نہو دو بدو نہو

لے تختہ بند در ہو نہ دیوار ہو بلند
شوخی سی تو ہر ایک کی اگر رو برو نہو

ولکا اگر سراغ نہو زلف یار مین
اتنی شکستگی و شکن مو بمو نہو

اپنا صفای دل رخ مہ پارہ بنگیا
یکدل کوئی رقیب نہین جو دو رو نہو

اندازہ آدمی کا کہان گر نہو شراب
پیمانہ زندگی کا نہین گر سبو نہو

افسردہ طبع دور ہے گرمی سعی سے
تار شعاع مہر سے دامن رفو نہو

کتنا غلط ہے نامۂ اعمال کا سواد
ثابت اگر نماز ہو قائم وضو نہو

اشک تپ فراق جو دریا مین جا پڑے
تا حشر بھرہ یاب کبھی نم سے جو نہو

کیون ہر ستارہ چرخ کا اخگر بنے اگر
منظور چشم مہر رخ ماہرو نہو

جو زخم بے نمک ہے وہ کیا زخم ای قلق
کیا لطف دوستی مین جو وہی عدو نہو

فرط گریہ نی کیا قطرۂ سرگم مجکو
ڈھونڈتا پھرتا ہی اب جوش تلاطم مجکو

یاد آجاتا ہے اوسکا ہے تکلم مجکو
مار ڈالے گی مسیحا کی کبھی قم مجکو

رنج اغیار نے ہمدرد بنایا تجکو
تیری صورت سی ہوا اپنا تو ہم مجکو

ہائی کس خاطر نازک کو غضب مین ڈالا
قہر پر آپ کی آتا ہے ترحم مجکو

شیون بت نہین کعبہ مین تو کیا کرتے ہے
چشکیون مین نہ اوڑا گرد تیمم مجکو

خلد مین بہی تو ٹہکانی نہ لگی خاک اپنے
میکدہ مین نکیا خشت سر خم مجکو

شعلۂ نار غضب ہے ہم مژگان تمکو
جوشِ طوفانِ قضا موجِ تبسم مجکو

بعد مردن بھی گذارہ نہین اوس چیز مین
یعنے کہتا ہے مسیحا بھی تو قم قم مجکو

رحمتِ جنتِ ساقی کی کرم کی کیا حد
قطرہ قطرہ مین ملا شارِ قلزم مجکو

بزم کو آپکے جنت نہ کہین گے کیونکر
غم اغیار ہوا دانۂ گندم مجکو

رنج اعدا نے کیا مجکو بھی گستاخ و دلیر
ذلتِ عجز ہے اب تیرا تحکم مجکو

مردمی کا ہی ازل ہی سے یہان پر تم
کالی آتی ہے نظر صورتِ مردم مجکو

آپ سی دور بُرا حال ہے ابتو اپنا
غیر سے ملکے سمجھتا ہون ملے تم مجکو

بادہ کش ہو نہ جوانی مین نہ ہو قلق
جامِ جم سے نہین کم خاکِ تہ خم مجکو

نہ پوچھو نا توانیٔ رفتان کو
گرایا سر پہ میرے آسمان کو

چھوڑا یا ہمسے اوس آشوبِ جان کو
نہ جانا پھر ہے قدرِ آسمان کو

ہوئی ہے خاک کسکے حسرتِ وصل
کہ اوڑ کر لپٹے ہے ہر کارروان کو

ہر ایک سودا ہے سامان سے ہمارے
کہ سر سے جا ملے بارِ گران کو

نہ بڑھ جاوے کہین آگے وفا سے
روانے روک لی عمرِ روان کو

ہجومِ شوق کے کیا حد معین
کہ منزل سی ہی ضد اِس کارروان کو

وہ کافر خو ہے میلان طبیعت
کیا پامال جسنے آسمان کو

توانائے فزا ہے نا توانے
کہ فرصت تو ملے تابِ توان کو

نکالے اونکے پر آسنی ہی مجھہ تک
لپٹ جا مدعی تیغ روان کو
مروت آسمان کے دیدنی ہے
کہ باران مین جلایا آشیان کو

نزاکت ہے قلق اوسکے ستم مین
کیا پامال مجھسے نیمجان کو

تہک تہک گئی ہین عاشق درماندہ فغان ہو
یارب کہین وہ غفلت فریاد بیکسان ہو
یا قہر ہے وہ شوخے یا پردہ ہے نظر کا
دلمین تو اوسکا گھر ہو اور آنکھسے نہان ہو
یہ شور بہر رہا ہے فریاد کا جہان مین
جو بات لب پی آئی اولٹی بہری فغان ہو
کس کس دعا کو مانگین کیا کیا ہوس نکالین
اک جان کدہر کدہر ہو اک دل کہان کہان ہو
برگشتگی قسمت یہہ چہیڑ کیا نکالے
جو مدعای دل ہو وہ مدعی جان ہو
مقدور تک تو اپنی تجھسے بنا ہین گی ہم
بیجان و دل ہین حاضر گر قصد امتحان ہو
صیاد مین نہین ہون گم کردہ آشیان ہون
ای ہمصفیر و بو لو کس جا ہوا و کہان ہو
ای آہ دلسی اوٹھکر لب پر ہی کیا تامل
جا شور شی زمین ہو آشوب آسمان ہو
مٹ مٹ کی بہی ہمارا اک بن رہیگا نشان
اوجڑے اگر بہاران آبادی خزان ہو
جب بیٹھنے پے آئے اے ضعف بیمہر ہے
پہر کیا ہے یہ تکلف اوسکا ہی آستان ہو
تو ہی رہیگی بلبل یا مین ہی اس چمن مین
یا تیرا ہی ہو قصہ یا میری داستان ہو
میری سخن مین کیا ہی کچھہ خال و خط بیان ہے
پر دل سی اوسکی پوچھی جو کوئی نکتہ دان ہو
میرا سلام کہنا جہانگیر قلق وہی ہے
اوسکی گلی مین بیٹھا منورؔ سا جو جوان ہو

دلکو نظرون مین لیگیا دیکھو
اسکو کہتے ہین دلربا دیکھو

میرے الفت کو آزما دیکھو
تم بھی دلکو کہین لگا دیکھو

خندہ ہائے نمک فشان سبھو
لطفہائے ستم فزا دیکھو

موت میری اونہین ہی اب منظور
مجھکو کہتے ہین بیوفا دیکھو

اونکے منہ پھیرنے کو کیجے غور
میرا حسرت سی دیکھنا دیکھو

تمپہ مرتے ہین تمپہ مرتے ہین
آزماؤ تو آزما دیکھو

اونکے زانو پے اور سر بے مغز
مرگ دشمن کا حوصلہ دیکھو

نکمرو قطع دستِ حیرت کو
نکمرو پردہ رخ سے وا دیکھو

قدر ذکرِ جفا نہین بھی نہین
شکوہ وہ لب پے آگیا دیکھو

قتلِ عالم اگر نہین دیکھا
برقع رخ سے ذرا اوٹھا دیکھو

دل لگانی کا امتحان کرلو
آگ گھر مین ذرا لگا دیکھو

قلق اس زندگے سے میٹھا ہی
زہر ساغر مین تم ملا دیکھو

قطعہ بند

اچھی سی میری جان چلی دل کا بُرا ہو
دیدون ابھی صدقہ مین جو مٹھی مین زر ہو

بالین پی قضا سر بگریبان کھڑی ہے
حیرت سی وہ مونہہ دیکھتا ہی دیکھی کیا ہے

بیہات وہ نالہ جو سرِ عرش رہی تھا
پھوٹے کی طرح سینہ بسمل مین اڑا ہے

در دالفس سحر ادا معجزہ انداز — آغشتہ خونناب ہوا اور صرف بکا ہو
افسوس وہ ایجاد بیان جان مسیحا — ایمائے فغان ستم مرگ صدا ہو
ہے ہے وہ اشارہ جو لگا لائی تہا اوسکو — یون در د فراحادثہ زا مرگ نما ہو
وہ آنکہہ جو مستے مین نہ کہلتے تہی سر بزم — جون دیدۂ بسمل الم نزع سے وا ہو
وہ حرف تمنا کہ دم روح روان تہا — کج مج ہو کچہہ اسطرح کہ پیغام قضا ہو

افسوس ہے افسوس ہے افسوس ہے افسوس
کہتے تہے قلق تمکو حسینونکو نہ چاہو

دیکہون تجہے مگر تیرے جانب نظر نہو — کیا خوف مدعی کا مجہے رشک اگر نہو
صحرا نورد عشق کو کیونکر خطر نہو — ہوتی ہے شام وہان کہ جہان پر سحر نہو
بیداد کی بہے چشم مروت اگر نہو — اتنا رہے نگاہ کہ ہمپر نظر نہو
سر اوسکے دوش پر جو حریف خطر نہو — دل اوسکی بر مین پہلو مین جسکے جگر نہو
کیونکر جنون علاج سی ای چارہ گر نہو — کب تک خیال رخنۂ ہر نیشتر نہو
نازل ہو آسمان سی بلا یا اس اگر نہو — یہ وہ دعا نہین ہے کہ کچہہ بہی اثر نہو
بسمل کبہی نظر نہو ٹکڑے جگر نہو — تیری نگاہ مہر او دہر ہے جدہر نہو
کیون آفتین اوٹہین کہ چلی اوسکی گلی سے ہم — کیا کیجے در پہ بیٹہہ کے جب وہ ہی گہر نہو
دلسے تیرے اوٹہے تو کرے عرش پایمال — اپنا ہے یہ غبار تیرے خاک در نہو
وعدے پہ یاد آئین نہ بیتاب ہون اگر — روز و شب فراق مین شام و سحر نہو

آجای اپنی ظرف پہ گر تیر اور دمند — دریا مین بہی ڈبوئیے تو چشم تو نہو

ایسے ہی نرم نرم یہ نوکِ مژہ تیرے — سخت اسقدر کبہی جگر نیشتر نہو

طولِ شبِ فراق کا شکوہ نکیون کرین — زلفِ دراز اور بہے آشفتہ تر نہو

ناصح ہی کو بلاؤ بٹے درد دل تو کچہہ — دلکوب کوئے بات ہو پتہر اگر نہو

مرنے سے پہلے وصل ہوا شوق جب بہی لطف — وہ بات ہے خیال مین جو عمر بہر نہو

رحمت کا جوش العطش بادہ خوار ہے — نہر جنان ہو خشک جو دامانِ تر نہو

عیسے کا خون اوس لبِ جان بخش نے کیا — کیونکر سیاہ دامنِ آبِ حضر نہو

منظور قدسیون نے بنانا نہین رقیب — ورنہ ہمارا نالۂ دل کارگر نہو

مین اجنبے نہین کہ رہون کوئی یار مین — قدرِ وطن نہین جسے رنجِ سفر نہو

قاتل بہی گر کہے کہ ہو قتل منت مین — تو بہے تو کچہہ صفائی پیغامبر نہو

جنبش محال ہے تیرے رفتارِ ناز سے — یہ دل ہی مدعی کا تیر اسنگ در نہو

تو غیر سے وبال مین مین تجسے نالہ کش — دونون کا ایک حال ہے الفت اگر نہو

وہی عدو کے چاہ ہی وہی ہے چہرہ فق — سو رنگ سے ملون جو وہ ایک وضع پر نہو

کیون دیر مین بتون سی ملی کعبہ چہوڑکر — گہر مین خدا کی خوف بہی ہو تو خطر نہو

واماندہ سبکو قیدِ تعلق نے کر دیا — کیون غرق ہو خدنگ جسے پا مالِ پر نہو

چپ رہنی کا مقام ہے خاموش ای قلق
اوسکو بہی کچہہ خبر ہے جسے کچہہ خبر نہو

کھلا ہے پھر کے در میکدہ مبارک ہو
معاشرون کو نوید صلا مبارک ہو

سنا ہے روز خوشی شام غم کے بعد مین ہے
دل غمین کو نزول بلا مبارک ہو

اسی شعار سی بدنام ہو گئے ہمتو
تمہین عدو سی سلوک و فا مبارک ہو

عنان گسستہ ہین یہان بوئی گل سی پھرتے ہم
چمن کی سیر تجھے کو صبا مبارک ہو

نظر لگے ہوی ہی اسپہ سر فروشون کے
کہین یہ زیب کمر نیمچا مبارک ہو

تمام عمر پیا ہے یہان فشردۂ دل
خضر تجھے کو یہہ آب بقا مبارک ہو

نکال دی میری جو جو کہ دلمین ارمان ہین
یہ تیر انجکو ہے خلوتکدہ مبارک ہو

وہ بدگمان ساہی بدگمان ای اسان
خدا کرے کہین آنا تیرا مبارک ہو

قلق سخوست الفت سی مین نہین خائف
تیرے بلا سے مبارک کہ نا مبارک ہو

تقدیر کا معارضہ تدبیر سے نہو
جو خاک سی ہو وہ کبھی اکسیر سی نہو

ای صبر دل جدا دل دلگیر سے نہو
وہ کام آپڑا ہے جو تقدیر سے نہو

شان و شکوہ کے نہین پرسش گدا کی ہان
ذلت کا میرے سامنا توقیر سے نہو

کیا داغ دل بجھے گا تجلئے طور سے
خورشید خیرہ ماہ کے تنویر سے نہو

غفلت کا میرے حال اونہین سی نہو چہ لو
یوسف کو عذر خواب کی تعبیر سے نہو

صیاد سنگدل کو اسیرون پہ رحم کیا
فولاد نرم نالۂ زنجیر سے نہو

دشمن سی جو لگی ہی اوچھٹ جائیگی وہ انکھ
بیچین میرے نالۂ شبگیر سے نہو

جس جا ہی حسن رنج کا وہان کام ہی نہین
تصویر نالہ کش کبھی تصویر سے نہو

وہ درد زد فرد جو بڑھے جانکے ساتھ
بڑھیو وہ زخم دل کہ جدا تیر سے نہو

گرد و جہان ہون خاک تو دامن سی دی جھٹک
پر نرم دل وہ آہ کی تاثیر سے نہو

چل ای **قلق** منا کی اوسی ہم ہی لائینگے
وہ کام آپڑا ہے جو تقدیر سے نہو

بہری ہی ساتہ میری جو گردون داد خواہی کو
تباہی سی تباہی ہی میری شامل تباہی کو

نکینو کر لطف الفت کا سمجھیے کینہ خواہی کو
نگاہ بی محابا کر دیا ہی کم نگاہی کو

ہماری پرسش اعمال اور ہین فرشتون سے
ملی ہین کیا ہی اہل دل محبت کی گواہی کو

کوئین مین ایک کیا یوسف کا گرنا مصر مین تہا
لگا لاتی ہین لاکہون راہ پر گم گشتہ راہی کو

مغان کا شعبدہ دیکہو اوٹہا کر پردہ وحدت
کیا دربان بتخانہ حریم قبلہ گاہی کو

ادہر ہے دیر تیرہ دل ادہر اسود ہی تیرہ رو
کرون کس جا پشیمان یارب اپنی روسیاہی کو

نہ چہوے عمر فرقت کی حقیقت ہر نفس ہر دم
قضا سو بار آئی زندگی کی عذر خواہی کو

کرنا رحم بہے کتنا برا ہی کوئی ہو آئین
کیا ہی عصمت یوسف نی رسوا سینگنا ہی کو

ہجوم چشم حیران دزہ دزہ سی صف آرا ہے
دکہایا آسمان نی کس تجمل سے تباہی کو

کہانکہ جائی بیدست و پائی کی سہار پر
کدہر لیجائیے کوچہ سی تیرے بی پناہی کو

خلش جاتی تو کیا جائی کہ خلجان اور باقی ہے
بچایا آبلہ پائی سی میرے خار ما ہی کو

وہ مارا حسن نی ہمکو طرف داری کی ہو کر ہین
وہ رو کا تیغ ابرو پر خدنگ کجکلاہی کو

قلق کیون چھوڑتا دہلی کو کیون میرٹھہ مین رہتا
گدائے کے بہروسے پر لوٹا یا بادشاہے کو

گر شرم چشم یار مین دامن کشان نہو — خیرہ کشئے ناز کسے پر عیان نہو
کچھہ بھی نہو تلاش اگر آسمان نہو — کیا سعی سے حصول جہان ایگان نہو
ولمین کچھہ آرزو ہو تو سینہ مین زبان نہو — کیا شرح سے حصول جوہر گریبان نہو
تسکین کسیطرح نہین ہوتی کہے بغیر — غماز جب تلک کہ میرا راز دان نہو
اب کیا اوٹہار کہین گے جو مرنے پے جی ہرا — ہو امتحان جو قاعدۂ امتحان نہو
ای چرخ گر ہمین کو کیا تو نے انتخاب — کردہ ستم پسند کہ پھر جاودان نہو
ہر ایک خبط رکھتا ہے سو شکل دلفریب — کیا شی ہی دلربا جو دل مدعان نہو
طرز فروتنی ہی بد آموز سرکشے — کیون تیز برق ہو جو میر آشیان نہو
کافی ہی ہمکو ایک ہی جھونکا نسیم کا — ای رنگ و بوی گل ستم باغبان نہو
ای ذوق قدر لذت آزار چاہیئے — دل ہو جگر ہو زخم ہو اور جسم جان نہو
کیا سرگذشت راہ بتائی کوئی یہان — منزل جہان ہو حیف وہین کاروان نہو
کیا تاب ہی عدو کے جو بیباختہ کہے — احوال میرا آپکا راز نہان نہو
اپنا ہی سنگ کعبہ سہی ٹکرا یا ہی تہا — گر پای ناز نین صنم درمیان نہو

قلق جنت مین ہجر یار نہین ہی تو ای قلق
تیرہ وہی زمین ہے جہان و مکان نہو

طوفان کشاہی گریۂ دم آتشین کے ساتہ
خیر آسمان کی بہی نہین اب زمین کے ساتہ

لیونکر نہی گی یون دلِ رشک آفرین کے ساتہ
یاد اوسکے لب گزا ہے دمِ واپسین کے ساتہ

آسان اونہین شکایتِ اخلاصِ مدعی
مشکل ہین نباہ دلِ خشمگین کے ساتہ

ای چرخ تو نے کیا نکیا پر نہین کیا
رسوائی بزمِ ناز کسے نازنین کے ساتہ

وہان ساحر ہی عشوۂ پُرکار کے شریک
یہان سادگی ہی شوقِ فریب آفرین کے ساتہ

ارمان یہان اخیر وہان ابتدا ای حشر
ای حرص کیون خراب ہی دنیا دین کے ساتہ

ناصح کی منہ کو سیتا ہون جوشِ جنون مین
دامن کو اپنی ٹانکتا ہون آستین کے ساتہ

شیوہ ہی بیوفائی کا تمکو اگر پسند
ہرگز نہونگے ہم بہی تمہارے نہین کے ساتہ

پامال تیرا شوئے اختر سے کیا لڑے
کیا خاک کا معارضہ چرخ برین کے ساتہ

کسکو پڑی ہی نعش اوٹہانیکے میرے بہر
جب تو روانہ ہوگا دمِ واپسین کے ساتہ

کیا کیا ہے نامرادیِ عاشق سی شادشاد
ظاہر ہے رنج عشوۂ جادو کمین کے ساتہ

غمخوار ہے تو یہان غمِ ہجرانین سا نہ دے
اے پند گو وہانکے رفاقت ہین کی ساتہ

اس ضعف مین **قلق** یہہ تعدیِ انتظار
دم جائی گا نکل نگہہ دوربین کے ساتہ

قاتل نے میری لکو جو دیکہا لگا کے ہاتہہ
آخر کو تیغ چہوٹ گئی تہرا کے ہاتہہ

صانع نہ کیونکہ چومتا اوس پر جفا کی ہاتہہ
قدرت کو اپنی ہاتہہ سی کہویا نا کے ہاتہہ

ثابت قدم نہ یہہ ہی تہے وہ قول کا درست
اغیار کے نہ پاؤن نہ اوسنے وفا کے ہاتہہ

ہمدوش تجھسے رہتی ہین اغیار بوالہوس
رکھہ دور زخم دلسے میرے جا بجا کے ہاتھہ

آخر تو بردباری خون تیرے سر پہ ہے
ہلکا ہو تو تیغ کا اوچھا لگا کے ہاتھہ

مرنا پڑا نہ ہجر مین آخر کہ وقت وصل
ہر بار روکتے تھے وہ مجھکو چھڑا کے ہاتھہ

خود رفتہ مجھکو کہتے ہین وہ بار بار کیون
اپنی خبر منگائین کسی آشنا کے ہاتھہ

یہ تیز ہے جنون کہ رکھون جہان ہشا کے پانو
کرتا ہون چاک جیب کو لیکن بچا کے ہاتھہ

مین اور بزم غیر مین آنا ترے لئے
اندھا ہوا ہون شوق مین لینا بڑھا کے ہاتھہ

آخر وبال زیست ہوئی تہمت وصال
لو دشنۂ فراق نے کاٹی قضا کے ہاتھہ

اوسکے گلی مین بیٹھہ کے کیا کم ہی عرش سے
ایسے تو خاک اوڑھی کہ نہ آئی صبا کے ہاتھہ

آخر کو مٹ مٹا کے ہوی صاف اسقدر
آئینہ غرور لگا خود نما کے ہاتھہ

ناصح نہ اتنا کہلیئے تکلف اسی مین ہے
بستہ ہی رہنے دیجے میری التجا کے ہاتھہ

سودائے مفت فرط مروت سی ہوگیا
اس دلکو ابتو ڈال قلق بیوفا کے ہاتھہ

نہ انتظار مسافت نہ فکر بار مجھے
جہان قدم نہ لو ٹھہادہ ہی کوئی یار مجھے

ادا ادا سے جو کرتے ہین بیقرار مجھے
وہ جانتے نہین شاید وفا شعار مجھے

یہ مٹتے مٹتے ملے شکل اعتبار مجھے
کہ اوسکے دلکا فلک نے کیا غبار مجھے

جیون گا خاک حد وعدہ تک کہ کہتے ہین
مین انتظار کو اور تاب انتظار مجھے

سڑ گیے خوب شراب طہور جنت مین
ملا نہ کوئی بھی کعبہ مین بادہ خوار مجھے

ہزار شان سی وہ کیون نہ جلوہ فرما ہو
کہ ایک شکل سی رہتا نہین قرار مجھے

نگاہِ مہر کا حائل نہ کسطرح سے رہون
کہ پائمالِ فلک نے کیا غبار مجھے

یہہ ہی ادا ملک الموت یہہ ہی عیسے ہے
وہ بات بات پی کہتی ہین جان نثار مجھے

بتون کی پانوسی اب سر اوٹھیگا کیا میرا
کیا ہی ناصح نادان نی شرمسار مجھے

عدو سی آج بگڑ کر وہ سرنگون کیون ہین
حیا و شرم سی ایسی ہی ننگ و عار مجھے

اوڑ گیے خاک جہنم کے بہے بُرا کیا ہی
اگر سمجھتا ہے زاہد تباہ کار مجھے

بجا بجا سخنون بات بات پر کیونکر
کہ کچھہ نہین ہے محبت کا اعتبار مجھے

تمام عمر یہہ گذری ہی کاوشون مین کلیس
ہر ایک نقشِ قدم تھا میرا مزار مجھے

نہ اتحاد اوسی اور نہ اعتماد اوسے
اِک اپنی دل ہی پی ہی جبرِ اختیار مجھے

بسِ فنا ہے تو خمیازہ کش ہے میرا غبار
مئی وصال کا یہان تک رہا خمار مجھے

ہزار زلزلہ حشر و یک نقاہتِ دل
اوٹھانی آتی ہین اوس دمسی بار بار مجھے

خودی سی تا بخدائی سہی تو بہول گیے
بنایا کسکے تغافل کا یادگار مجھے

خزان مین برق نہ کسطرح دم بدم گرے
کہ خوب یاد ہے رعنائی بہار مجھے

قدم قدم پہ لرزتا ہے میرا توا یمان
کیا ہے توبہ نی کیسا گناہگار مجھے

یہ پردہ دارِ حیرت دمِ وصال ہوئے
مین اوسکو دیکھتا تھا اور وہ بار بار مجھے

یہ دردمند رہا سحر نرگسِ فتان
ہزار یاس مین رکھا امیدوار مجھے

چھٹے سے چھٹ نہین سکتا حقیقتِ مین سہنا
نہ اختیار تہین ہو نہ اختیار مجھے

قلق کہانسی مین لاؤن تیرے لیئے آرام
ابہی تو خلد کو لیلون جو دین اودنا مجھے

کیا سرکشے پسند ہمارا نیاز ہے
لو شرمسار سبکے نگاہو نہین ناز ہے

شوخیٔ ناز دیکہیے کیا حیلہ ساز ہے
آنکہو نہین اشک لب پہ فغان و نہین نیاز ہے

دیکہا جو مجکو بزم مین کٹ کٹ گئی رقیب
میری نگاہ شوق ہی کیا دشنہ باز ہے

بیدل ہوئی وہ اور بہی افسانہ سی میرے
جو حرف درد خیز ہے سو دل گداز ہے

دامن ہمارے ہاتہ مین اور اوسکا حشر کو
کوتاہیٔ خیال ہے دست دراز ہے

سر لیکے بہے تو دیر مین کرتی نہین قبول
سجدہ سی جو ادا ہو وہ کیسے نماز ہے

سرکش کا ہی سدا ادب آموز خاکسار
خورشید اس جلال پہ ذرہ نواز ہے

اوسکی جفا و مہر سے پریم رحم و قہر
دشوار وصل و ہجر مین اب امتیاز ہے

مجنون و کوہکن ہی نوآموز راہ تہے
ہموار اک قدم مین نشیب و فراز ہے

بیچین اوسکا دل ہی نہ شمن کا گہر ہی خاک
کیا نارسا ہی آہ سدا چرخ تاز ہے

جہکتے ہوئی نظر ہے تو دیتے ہوئی حیا
کیا ناز کا گلہ کہ سراپا نیاز ہے

امید کی ہی منزل مقصود وہان **قلق**
بیچارگیئے یاس جہان چارہ ساز ہے

پڑا ہی پیر و کعبہ مین یہ کیسا غل خدا جانے
کہ وہ پردہ نشین باہر نہ آجانے نجا جانے

وہی ہی راز دان دل جفا کو جو وفا جانے
اوسی ہی قدر یوسف ہے جو تہمت کو لگا جانے

وفا پر میرے غش رہوی جو وہ طرز جفا جانے
گری ٹھوکر کے ساتھ اپنی جو کچھ دلسی لگا جانے

نکیو نکر دیدۂ نم شوخ بوئیگا مجھے اخسر
ہوا جو راز دان اوسکو نہ ہرگز آشنا جانے

اوٹھی امید جو دلسی وہی ہی ناز اگر سمجھے
جو ابھی شکل موت آئی اشارات ادا جانے

پی ذکر عدو موج تبسم لب مین پھر تی ہے
دم عیسے کو کیونکر ہوگیا رشک خدا جانے

نہین کچھ مستی بزم عدو کی جب خبر تجکو
یہہ بکھری زلف کیا شی ہی ہمارے بہکے جانے

کہان یہ خضر مین جرات کہ در تک اوسکی جا پہنچے
جو پہلے جانکو دی بیٹھے وہی دلکو چلا جانے

تکلف آدمی کا عاشقی مین بھی نہین جاتا
وگرنہ جس جگے مرجائے کوئی دلربا جانے

چھوڑا دیگی یہ صحبت غیر کے سب سے تجھے آخر
تیری باتون سی چھٹنا ور نہ کیا رنگ لا جانے

اسیری حیف اوس نخچیر کے جسکے یہ بقیدے
اسیر دام ہوا ور آپکو ہر دم رہا جانے

تکلف کیا ہی مرجانے مین ایسی بی تکلف
نہ رسم پردہ کو سمجھے نہ آئین حیا جانے

بنیگا آدمی کس دن الٰہی وہ بت سرکش
جو خود کو کبریائی سی معاذ اللہ خدا جانے

نہین برگشتہ قسمت کا میری چارہ کہ یہ چارہ
سفارش جو کرے میرے اوسیکو وہ گلا جانے

اگر سمجھے کوئے اہل زمانہ کی صفائی کو
کدورت جس جگہہ دیکھے اوسی بزم صفا جانے

نہ جائی حج کعبہ کو جو رمز دیر کو سمجھے
نہ چومے سنگ اسود کو جو طرز نقش پا جانے

قلق دل اور فرده ہوا قصہ تیرا سنکر
رولائے وہ ہمین جو آگ پانی مین لگا جانے

کوئی کینہ کی نایت ہو طبیعت آہی جاتی ہے
خدا جانی یہ کیا آفت ہی آفت آہی جاتی ہے

وہ کیسی چلیں ہم تم قیامت آہی جاتی ہے
بجے کوئی کسی سے پہ شامت آئی جاتی ہے

ستم کر کے ستمگر کے نظر نیچے ہی رہتی ہے
بُرائی پر بُرائی ہے ندامت آہی جاتی ہے

زلیخا بیخود آوارہ لیلےٰ بدمزہ شیریں
سبھی مجبور ہیں دل سے محبت آہی جاتی ہے

چراغ و شمع بزم یار کر کے غیر کو پھونکا
دلِ افسردہ میں آخر حرارت آہی جاتی ہے

ہوا نظروں ہی نظر وہ محشر برقِ صد خرمن
محبت کی نگاہوں سے شرارت آہی جاتی ہے

پسینا آگیا اونکو کیا وعدہ جو آنے کا
بُری ہی ہو نازبرداری نزاکت آہی جاتی ہے

ہر ایک سے اب وہ کہتی ہیں کہ لو ہم پر مرتی ہیں
جئیں گے اسطرح کب تک کہ غیرت آہی جاتی ہے

نہیں کچھ دل لگا پھرنا عہد دشمن سی تیرا پھرنا
مگر کچھ سوچ کر آخر مروت آہی جاتی ہے

نہ ہوتی گر نوید مرگ کیونکر ہجر میں جیتے
محبت میں بھی آسائش بے نیت آہی جاتی ہے

وصالِ غیر کے قصہ کو سنکر کیا تڑپتا ہوں
یہ ارمان کوئی جاسکتا ہی حسرت آہی جاتی ہے

اگر عمد سال کیجے شکرِ الفت کیجے لیکن
یہ وہ جو ہی بدظن پھر شکایت آہی جاتی ہے

قاصد خط غیر کا کیونکر نہ آتا کیوں نہ تم پڑھتے
قضا لکھی ہوئی حضرت سلامت آہی جاتی ہے

دل کی ہر جزو میں جدائی ہے
کیا بلا وصل کی سمائی ہے

نارسائی سے رسائی ہے
ضعف کی طاقت آزمائی ہے

جام و مینا پے نور برسے ہے
کیا گھٹا میکدہ پے چھائی ہے

یوں تو وہ عالم آشنا ہے مگر
اک مجھی سے ذرا لڑائی ہے

تو ملا غیر سے کہ خاک مین ہم
عاقبت ہر طرح صفائی ہے

تم جدا غیر سے ہوئے تھے کب
واجبی طعن بیوفائی ہے

ای قلق ہمسے تو ملا کر یار
خالص اُلفت مین کیا برائی ہے

وہی عُدہی وہی آرزو وہ ہی اپنی عمر تمام ہے
وہی چشم ہی وہی آہ ہی وہی صبح ہی وہی شام ہے

وہی خستہ حال خراب ہی وہی خواب کشتہ خراب ہے
وہی زندگی کو جواب ہی نہ سلام ہی نہ پیام ہے

وہی جوش نالہ و آہ مین وہی شعلہ جانِ تباہ مین
وہی برقِ یاس نگاہ مین جو خیال ہے سو وہ خام ہے

وہی خواب خور کی تلاش ہے وہی جان و دل مین خراش ہے
وہی رنج غیر معاش ہے مجھے زندگی بھی حرام ہے

وہی ہجر و شمن وصل ہی وہی گرد و پیش مین فصل ہے
وہی اپنی شغل سی شغل ہی وہی اپنی کام سی کام ہے

وہی شق جگر نسیو سی وہی زیست ہی نجبو جیو
وہی خونِ دل نہ پیو پیو وہی یادہ ہے وہی جام ہے

وہی شوق راہ ہی رہنما وہی جلوہ گاہ ہی رخ کشا
وہی بزم ناز ہی جا بجا وہی ہر قدم پہ مقام ہے

وہی نیم جان و دم واپسین وہی نالہ کش سخن حزین
وہی یاس زیست دلنشین کہ زبانپہ آپکا نام ہے

وہی رنج ہی تو یون ہی ہے وہ قلق ہی تنہا کہ یون نہین ہے
میرے آپکو بہے ہی بندگی میرا عشق کو بہی سلام ہے

مجھکو مارا ہے مروت نی و فا سے پہلے
صدمہ انگیز ہے جان طرز جفا سی پہلے

فیصلہ اپنا ہوا روز جزا سے پہلے
بیخطائی نے کیا قتل خطا سے پہلے

میری تقدیر مسلم ہے خطا سے پہلے
ہوش جاتی ہین میری ہوش بجا سے پہلے

لطفِ حق کی سزا ہے کہ پہری ہی مارا
تجھسے تھے اور ہے اے خضر پیاسی پہلے

ہائے ایذائی محبت کہ ترا کوئی نہیں
عیش و آرام چھٹے رنج و بلا سی پہلے

مجکو اس جرم پہ مارا کہ گنہگار تھا
اوسنی یہہ لطف کیا مجھپہ جفا سی پہلے

ہائے بیقدریٔ اندازِ پسِ خلق کشی
وای آوارگیٔ ناز اداسی پہلے

رحم بیرحمیٔ معشوق پہ کس کو نہیں
کہ قضا آتی ہی بیکس کے قضا سی پہلے

قیدِ آدم کی ہمیں یاد ہی حوّا کی لیئے
سلسلہ کوئی نہیں زلفِ رسا سی پہلے

اتنا ہی ہوش کہ تھا ہوش ہی ہمدم کو گئے
ناز سے عشوہ سی ایما سے ادا سی پہلے

پرسشِ حشر ہے بیدردیٔ داور کی دلیل
ہوں وہ فریاد جو اٹھی تھی صدا سی پہلے

تیری مایوس کی تشویش مٹانی کی لیئے
فتنۂ حشر اوٹھا دستِ دعا سی پہلے

خلق ہوتی نہ اکہٹی بقیامت ہوتی
پہنچتا حسرتِ ہنگامہ فزا سی پہلے

تابِ نظارہ ہو کیا غیر ہو جب آئینہ
کہ نظر خیرہ ہی یہاں رخِ خلقی صفا سی پہلے

ای قلق تیری طبیعت پی تو ایمان آیا
صدقہ ہو جاتی ہین ہم صلِ علیٰ سی پہلے

درسی تیری گذر کر گذری ہم اپنی جان سے
کیا جانیئے کدہر کو اب قصد ہو یہان سے

کیا آپکو علاقہ اس نالہ و فغان سے
قصہ ہی اپنی دلسی جھگڑا ہی اپنی جان سے

ٹھہریگے تا قیامت ای برق تیری شامت
کیون دل جلونکی الجھی خاشاکِ آشیان سے

ایک شبکی شبکار رہنا ہی اس چمن کی اندر
گلچین سی کیا عداوت کیا صلح باغبان سے

دلکی ہر ایک حسرت ہی لاکھ لاکھ سا بان
صد سال و نیم لحظہ کیا شکوہ آسمان سے

جو آہ دلسی اوٹھی خونناب ہو کی اوٹھی
صد ابر غرق آتش اک چشم خونفشان سے

تصویر اوسکی کیونکر کھچوائین بہر تسکین
شاید کچھ اور کھنچ جاکیا دور بدگمان سے

کیا تفرقہ پڑا ہے فرقت مین ہے اوسکی
کہتا ہون جو زبان سی باہر ہی وہ بیان سے

اٹھکھیلیان تمہارے لائین گی حشر آخر
عشاق بنکی فتنی اوٹھنی لگی جہان سے

کعبہ مین جو ہین بیٹھی وہ دیر کی ہین مہمان
دلمین مکین پہری ہی آرامش مکان سے

مانند گرد جستہ بیٹھی ہین پاشکستہ
منزل کی پاس ہین ہم پر دور کاروان سے

سر پر بہار آئی اور آشیان کو توڑا
یہان بیٹھنے کی فرصت لائینگے ہم کہان سے

دل بیٹھنا ہمارا ستونمین نہ دگے ہے
کعبہ مین جا مرینگے بچھڑے اگر مغان سے

وہ شوخیونمین اپنی گنتی نہین کسیکو
کیونکر نہی گے اونکی میری دل تپان سے

اک وقت تہا قفس مین مرنی پہ مر رہی ہے
اب انس وہ کہان ہی گلزار و بوستان سے

فرہاد و قیس ٹہیری مجنون و کوہکن یہان
کیا کیا لرز رہی ہین ہم اپنی امتحان سے

گر سخنیہ کو سنیئے چلکر قلق سی سنیئے
تیغ کشیدہ ہی وہ نکلی ہی جو زبان سے

جو دلبر کے محبت دل سی نکلے
تو لون امید لا حاصل سی بدلے

محال عقل کوئی شی نہین ہے
جو آسانی میری مشکل سی بدلے

جہان ہی کو اور خورشید محجوب
کہان تک شمع ہر محفل سی بدلے

تہیدستِ محبت تو یہی سمجھو — جو جم ساغر کو جامِ گل سی بدلے
ہر ایک کو جان دینی کی خوشی ہو — اجل گر ناوکِ قاتل سی بدلے
اگر ہو چین جبین قاتلِ دہر قتل — قیامت قامتِ قاتل سی بدلے
ابھی ہمتو عدو سی بھی بدل لین — جو غمکو غمسے دلکو دل سی بدلے
کہلے احوالِ دل جب ناصحون سے — تہِ دریا اگر ساحل سی بدلے
شستان چھوڑ کر لیلے ہو مجنون — میری آغوش گر محمل سی بدلے
نہ جنبش اک قدم ہو آسمان سے — میری منزل اگر منزل سی بدلے
بتون کا جلوہ کعبہ مین دکھادین — ذرا تقوی دلِ مائل سی بدلے

قلق اس ظلم کا پھر کیا ٹھکانا
اگر مقتول لی قاتل سے بدلے

سامانِ عیش و ناز ہے آزارِ جان مجھی — لایا ہی تیرا شوق کہان سی کہان مجھے
دلمین ہی درد درد مین آرام کیا مجھی — کیا جانی کس ادا کی لئی دی ہی جان مجھے
کیونکر بجای چھوڑ کی عمرِ روان مجھی — دشوار جبکہ آپ ہوا اپنا زہان مجھے
چبھتے ہے تیری ذوقِ نظر کا اوٹھا حجاب — تڑپا رہی ہی میرے نگاہِ نہان مجھے
صرفہ نکچھہ اوسی نہ تجھی ظلم مین دریغ — اغیار کا نہ بخ دی ای آسمان مجھے
کیون حرص دی کہ سارے عطا بخل ہو گئے — کچھہ بھی نہین دیا جو دیئی دو جہان مجھے
دشنام ہے گداختہ لذتِ غضب — بہرِ فریبِ ذوق ہوا رنگِ پان مجھے

دل تک وجودِ درد ہے اور درد تک دوا — سودائے سود ہی ہی سراپا زیان مجھے

حاشا کہ بت پرست ہی خود صورت آفرین — آخر کو حسن ظن نی کیا بدگمان مجھے

کر فکرِ انتقام اب ای غیرتِ وفا — دلبر خود آئی یاد دلِ آی جہان مجھے

شاہد تراش ہو گئے آخر نگاہ شوق — ملتا ہی بی تلاش وہ اب ناگہان مجھے

مُنہ دیکھتے ہین دور سے ڈر ڈر کے مہرو کین — کیا فتنہ ہی نہان کہ نہو گا عیان مجھے

لطف و غضب کے واسطے ہے مشورت ضرور — گر غیر ہے ندیم تو کر رازدان مجھے

گلشن مین کیون نہ چشمکِ گل برق کا رہو — مین باغبان کو خار ہون اور باغبان مجھے

یہہ بہے نکالا جائگا اس جرم پر ضرور — رکھتا ہی اب نظر مین تیرا پاسبان مجھے

الفت کو آفرین کہ پشیمان کردن تجھے — کیون ہو خدا نکردہ سرِ امتحان مجھے

مہر و وفا و آرزو و شوق حیف حیف — پامال کر رہا ہے میرا کاروان مجھے

آخر معاشِ عشق کہان تک وفا کرے — ایک لمحہ کا ہی عیش غمِ جاودان مجھے

ہر شکل مین ہی جلوہ نما پیکرِ تلاش — تسکین فزا ہے جنبشِ ریگِ روان مجھے

ہی انبساطِ خلد سے بہتر فشارِ گور — آتی ہے یاد خوابگہہ دوستان مجھے

ہے ہے کہ ہو گا داورِ محشر بہی غرقِ خواب — کہنے پڑیگے سارے تیرے داستان مجھے

ایسا وہ منہ کو موڑ کے سب سے گیا قلق
مین آسمان کو دیکھتا ہون آسمان مجھے

کیون سر بگریبان ستم آرا میری آگے — تہا قول جو ناصح کا سو آیا میری آگے

جب غیر ہو غمزہ کا نشانا میری آگے
ہو ذبح نکیوں میری تمنا میری آگے

گر داغِ دلِ مردہ ہی مجنوں تیری نزدیک
تو خال رخِ سوگ ہی لیلیٰ میری آگے

ہاں پردہ نشینی کا بھی دہیان ہی اوسکے
پردہ ہی میرا شوقِ تماشا میری آگے

کسطرح خیالاتِ محبت کو چھپاؤں
پھرتا ہی بتِ آئینہ سیما میری آگے

آب آب ہو پیکر اسی جتنا کہ تنکظرف
ہی غرقِ عرق اوتنی ہی صہبا میری آگے

اک سنگ سیہ سو بھی وہ بوسیدہ دکھنہ
کعبہ سی مقدس ہی کلیسا میری آگے

سنتے ہین کہ محشر مین نقاب اوسکا اٹھیگا
ہوگا سحرِ حشر کا تڑکا میری آگے

اس تشنہ لبی پر میری رحمت کو ہو کیا رحم
اور ہو وی تو پھر خشک ہے دریا میری آگے

واعظ مجھے سوائے توبہ کی ضرورت
مصحف ہی بغل مین میری مینا میری آگے

سر دیکی بھی ہرگز مین فدا ہو نہین سکتا
یعنے کہ دمِ قتل تو آیا میری آگے

آہستہ رو کوچہ جانان ہو نہین ایسا
تھک جاتا ہی ہر بادیہ پیما میری آگے

فریاد کی اپنی مجھے فریاد ہی کیا کیا
غیر ونکا بڑا بول اور آیا میری آگے

تھا ہوس دمِ جلوہ گری کسکو پر اتنا
خورشید لبِ بام گرا تھا میری آگے

کیا دادِ محشر سی چکی دیکھیے چل کر
محشر مری پیچھی ہی وہ فتنا میری آگے

آئی ہی قیامت بھی پسِ مرگ مقرر
سوتا ہے وہ فتنہ جو نہ اوٹھا میری آگے

وحشت سی مری پشتِ ازل روی ہے
جو قافلہ پیچھے تھا وہ آیا میری آگے

کوچہ سی تری بچکے کوئی جائی کدہر کو
چل پھر کے وہ ہی آتا ہی رستا میری آگے

یون حادثی لاکھوں ہی میرے سامنے آئے
تو ہی کبھی بے پردہ نہ آیا میرے آگے

شرمای **قلق** کو کوئی کسطرح سے کہیئے
کمبخت نی سر ہے نہ اوٹھایا میرے آگے

وہ بعدِ مرگ دی دشمن کو یہ توقیر مٹے کے
نویدای خاکساران کہلگئے تقدیر مٹی کے

یہ جوشِ گریہ ہمکو تہ پہ لی بیٹھی گا آخر کو
کہ موجِ سیل سی بچتی نہین تعمیر مٹی کے

کدورت اوسکی الفت کے دلِ روشنین یون ظاہر
پسِ آئینہ ہی رکھی ہوئی تصویر مٹی کے

کوئی کہا نہین ذلت کا باقی مرتبہ اسنے
بنانی سی غرض انسانکی تہی تشہیر مٹی کے

یہ کسکا خون ہوا زیرِ زمین گلشن کے ارشاد
سرِ ہر فصل ہے قائم وہی تاثیر مٹی کے

غبارِ ناتوان پڑ کر کے اوسکی در پی جا پہنچا
الٰہی مجھسے بہتر تہے مگر تقدیر مٹی کے

تغافل وہان کہچا اتنا کہ بہولی خاکسارونکو
کدورت یہان بڑہی ایسی کی مت بہر مٹی کے

اگر مقتول کا تیری ذرا خون جوش مین آئے
برنگِ خونِ رنگت ہو ہزارون تیر مٹی کے

کہان بسمل تمنای نمک مین ہم ہوئی آکر
کہ قدرِ کیمیا ہی ای دلِ دلگیر مٹی کے

رہی گر خاکساری مین بہی حرصِ دو جہان باقی
تو ای ناقدردان خاصیتِ اکسیر مٹی کے

کہین شیشہ کہین ساغر کہین ساقی کہین ہم ہین
بہا کر سیم سارے بزم ای گلگیر مٹی کے

کیا پامال مرقد کو اوڑائی خاکِ آسودہ
قلق سی بیر تہا تمکو تو کیا تقصیر مٹی کے

بندِ نقاب اوسکا ہر دم کہلا رہا ہے
پر عقل پہ ہمارے پردہ پڑا رہا ہے

رازِ نہفتہ اپنا اب کیا چھپا رہا ہے
سرمایہ سارا دل کا داغن پی آ رہا ہے

ان بی نیازیون پر دامن کشی ہے کب تک
دل بھی ہمارا مدت بی مدعا رہا ہے

ہے مشتِ خاک اپنی رنجش دلِ جگر کی
کچھہ یہہ جلا رہا ہے کچھہ وہ بہا رہا ہے

اتنی بڑھی کدورت تنگ آ گئی خرابے
کیا کیا غبار اپنا خارِ صبا رہا ہے

کیا آرزو نکالین جی ہی نہین نکلتے
باقی سوا تمہاری اب دلمین کیا رہا ہے

گردام سے چھٹے تو آئے قفس کے اندر
کیا آب و دانہ ہمسے گردشمین آ رہا ہے

وہ پنجۂ نگارین یاد آ گیا ہی جس رات
ماہِ منیر درد رنگِ حنا رہا ہے

الزام ڈھونڈتی ہین دامن کشی کو دلمین
اور یہان دراز شب بہر دستِ دعا رہا ہے

تیزاب آبلہ نی دریا بہائے کیا کیا
خارون کی برزبان کچھہ یہہ ہا جرا رہا ہے

شوقِ گریز پا نی کیا کیا نہ رہزنی کی
واپس ہمیشہ ہمسے شورِ درا رہا ہے

بیٹھون تو داغِ منزل اٹھون تو دردِ سر ہے
سر پر اداسی وانی والا اک آبلہ رہا ہے

فرصت نہین دادم می نوشیو نسی اوسکو
ای ابر تو بہی شاید وہان پر گہرا رہا ہے

خود کو کبہے ندیکہا آئینہ ہے کو دیکہا
ہمسے تو کیا کہ خود سے نا آشنا رہا ہے

ہی سرنگون جو اتنا اب تک سپہر بیمہر
کیا جانئے کہ کسکا پاس حیا رہا ہے

جی کی کہانیان کچھہ جیمین ہی ہو رہی ہین
دلمین میری مقرر کوئی تو آ رہا ہے

کیونکر نہ ابر روئے بجلے نہ کیسے تڑپے
کوئی کہین ہی باقی خونین نوا رہا ہے

فکرِ کشود جب کی شرمندگی اداسی
عقدہ ہماری دلکا بندِ قبا رہا ہے

پھرتے ہین ہمنوا سب جنگل مین بھٹکے بھٹکے
صیاد کے سوا اب گلشن مین کیا رہا ہے

وہ دل کہ تھا ہمیشہ تارا جگاہِ ترکان
جسپر رہے بیحجا با دل ہی مین آرہا ہے

یہ ناتوان ہوی ہین ہی ضعفِ عین حالن اب
بر رنگِ چہرہ ہمکو کوسون اوڑا رہا ہے

کیا کیا نہین ہوا ہی وحشت کا اپنی چارہ
صحرا ہر ایک جانب زنجیر پا رہا ہے

فرقت کی شبکو ظالم کیا کم سجھ رکھا ہے
ای دل جو حسرتین تو اتنی بڑھا رہا ہے

دلبر نے اسکو حاشا ایسا نہین ستایا
ہمکو دلِ جفا جو جیسا ستا رہا ہے

جب سی سنا کہ پردہ ہے جلوہ گاہ تیرے
دم تیرے عاشقون کا آنکھون نین آرہا ہے

اللہ رے جوشِ اشک و بیتابیٔ جدائے
بجلے سے کوندتے ہے بادل سلگا رہا ہے

کہتے ہین اوس طرف کو ہی اب شریف مکہ
میخانہ کے جو در پر مدت پڑا رہا ہے

مٹ مٹ کی خاکِ طالبِ دیدار ہوگئی
گردِ شعاعِ روزنِ دیوار ہوگئے

پروانے شمعرو کے خریدار ہوگئی
ہم جل کے داغِ گرمیٔ بازار ہوگئے

بے نور خط کے آتے ہے رخسار ہوگئی
آتش کی ٹکڑے رزقِ خس و خار ہوگئی

کس کو دون جواب کیون مر رہا ہون مین
ہے ہے فرشتے قبر کے غمخوار ہوگئے

مجبور بیوفا تمہین سنتے ہین کیا کرین
سب اختیارِ غیر سے ناچار ہوگئے

پامال کا خیال خنا بند ہے وہان
اوس گل کی ہم نگاہ مین کیا خار ہوگئے

ای ماہرو کہین نہین جاتا ہے تو مگر
نقشِ قدم کو اکبِ سیار ہو گئے

وہ بیوفا نہین ہین کہ ہی غیر تک گواہ
کیون اونکو جان کہا تہا جو بیزار ہو گئے

مرنے سے اپنے خوش ہی نجینی سی اپنی شاد
دل دیکی ہمتو سخت گنہگار ہو گئے

ساقی نی کس ادا سی بہرا جام مدعی
پیمانہائے دوستی سرشار ہو گئے

سر پھوڑنی کو خاک اوٹہائین وہ ضعف سے
جو سنگسارِ سایۂ دیوار ہو گئے

مرتی نہین ہین قتل سی ہیجان آپکے
کہا کہا کی زخم اور بہی جاندار ہو گئے

کیا پائی بوس شکل زلیخا تہی خواب مین
کیون سوتی سوتی چونک کے بیدار ہو گئے

ساقی تری نگہ مین ہی مرد آزما شراب
آخر کو مست جتنے تہے ہشیار ہو گئے

رہتا ہی ایک شکل پی کوئی نہی ہے قلق
وہ بہی مجہی سے عاقبت کار ہو گئے

غضب ہتی آنکہہ لگنے اک نظر کے
کہ جسنے نیند کہوئی عمر بہر کے

نپوچہو سجدۂ وحشت اثر کے
عدو تک کی گلی پامالِ سر کے

اوٹہا کر لاش لائے نامہ بر کے
ہوئی تسکین جانِ بیخطر کے

غضب تہا خندۂ چاکِ کفن بہی
کہ قاتل نی بہت نیچی نظر کے

دمِ آخر اثر نے آس توڑے
کہ اوسنے آہ مجکو دیکہہ کر کے

گلی سی اوسکے تو نے اے قیامت
ہماری گور تک کیونکر گذر کے

مری کیا خاک کوئی یہان کہ غیبا
لیئے جاتے ہین مٹی تیری در کے

بغل مین اوسکے دشمن ہے مقرر
نہین چلون مین گنجایش نظر کے

نہین دل ہے کہ مرہے دل پہ باپر
نہین سر ہے کہ خو ہو در دسر کے

اوسینی آپ کو حیرت سے دیکھا
کہ جسنے حال پر میرے نظر کے

محبت مین کہان شرکت گوارا
اوٹھای نالہ کیون تہمت اثر کے

سبہی پر کہل گئی بیدست و پائی
کہ سر سے راہ تیری ہمنے سر کے

قیامت لائے گے آخر کسے دن
خموشون پر یہہ تہمت شور و شر کے

غبار آخر کو چھایا دلپر اوسکے
اوڑائی خاک اتنی دربدر کے

کفن کو پہاڑ کر دامن پکڑنا
ادا ادنے ہے شوق پردہ در کے

تمہارا امتحان کسنے کیا تہا
جفا ناحق وفا سے بیشتر کے

نہین دل سا کوئے ہمسنگامہ پرداز
لگائی وہان ادہر کی یہان اودہر کے

ضعیفون کے اگر اوٹہی بہی فریاد
تو تاب آور کہان بار اثر کے

فلک تہم تھم گیا پہر پہر شب ہجر
صدا رک رک گئی مرغ سحر کے

ملین گی تجہسے ہے ہے صلح فرما
صفائی ہے صفائی بہی اگر کے

حکایت کیا ہے جان سی بیوفا کی
شکایت کیا ہے دلسے بے خبر کے

ہمین تو لطف ہی نے اوسکے مارا
جفا اورون پہ ہمسے بیشتر کے

کلیجہ چہانتا ہے اے قلق تو
کہ ہین آہین بری آہون پہر کے

سدا الفت مین مر مر کر بسر کے
کہ ہی کوشش ہمین بتسے حذر کے

خرابی نی میرے بتعمیر بہر کے
اوٹھائی سیل نی دیوار گھر کے

کہان اب آرزو مین عرض مطلب
نہین امید کو وحشت خطر کے

ستمگر شام وعدہ تو تو بھولا
رقیبون نے میرے در پر سحر کے

نہین اب آئینہ کو دیکھتے تم
نظر بتنے میرے جانب مگر کے

ہمیشہ دام تازہ ہے نشیمن
کہون کیا کیا سلوک بال و پر کے

اوڑین کس کس طرفکو دلکے ٹکرے
کہان ڈالے نظر بتنے کہ در کے

عداوت کا گمان کب تک نہوگا
ہوئی ہے غیر صورت چارہ گر کے

ستم تو دیکھہ لطف آمیز اوسکے
کہ قسمین غیر سے ہین میری سر کے

غبار صبح دہو ڈالی گی بیشک
شب فرقت مین سیل اس چشم تر کے

قلق ہنسکر رولاتا ہے وہ مجکو
جفا ہے ہر ادا مین فتنہ گر کے

کیا کہین تجسے ہم وفا کیا ہے
سوچ کچھہ دل مین پوچھتا کیا ہے

دل ہی یہ یا کہ آبلہ کیا ہے
کیون ہے اتنا بہرا ہوا کیا ہے

کیسے کیسے جوان کیئے برباد
عشق کیا شے ہے یہ بلا کیا ہے

دلکو دینا تہا دید یا ظالم
اور ہمنے تیرا لیا کیا ہے

گر رقابت تمہین نہین مجھسے
پھر یہہ آئینہ دیکھنا کیا ہے

پہلے رکھہ لے تو اپنے دل پر ہاتھ
پھر میرے خط کو پڑھہ لکھا کیا ہے

اب وہ آنکھین نہین ہین پہلی سی — سچ کہو تمکو ہو گیا کیا ہے
شوقِ عاشق کسی بہلا ہی سہی — رحم کرنا بھی پر بُرا کیا ہے
کیا کہین ہم بُرا کہ خو ہی نہین — پر کہو تم ہے یہ جفا کیا ہے
جبکہ گردن پی خون رہا اوسکی — نام مت لو کہ خونبہا کیا ہے
میرے اور آرزو کو تو پوچھی — سوچتا ہون کہ مدعا کیا ہے
جانی کیا کیا ہوا ہے رزقِ خاک — گل و لالہ کو دیکھتا کیا ہے
دل عجب چیز ہے تو تم سے عزیز — رہنے بہے دو معاملہ کیا ہے
آگی آگی ہین پارہ ہای حبیب — مجکو در کارِ رہنما کیا ہے
کم نگاہی بھی شرطِ حسن ہی پر — دیکھہ تو ہم مین اب رہا کیا ہے
قتل ہوتی رہی ہین ہمسے چھوا — لیکے شمشیر سوچتا کیا ہے
پی گئی خون زمین ہزارون کے — مفت پہر شوخیِ حنا کیا ہے
دونو عالم کو کیون کیا پامال — نقش پا پر یہ نقش پا کیا ہے

ای قلق کیون قلندری چھوڑی
یہ عبا کیا ہے یہہ قبا کیا ہے

جس جگہہ لیکے چشم تر بیٹھے — اوٹھتے ہی اوٹھتے گہر کے گہر بیٹھے
کسکو پامال آج کر بیٹھے — ہو جو تہلے ہوی جگر بیٹھے
دیکھیے کیا بنی گی اب جان کی — دل کی دینی مین جی تو کر بیٹھے

کچھ تماشا ہے کہیل ہے کیا ہے
اک زمانہ کو قتل کر بیٹھے

امن اور تیری عہد مین ظالم
کسطرح خاکِ رہگذر بیٹھے

بچتے بچتے ہر ایک سی اتنی ہٹی
دین و دنیا سے اب گذر بیٹھے

کھینچے منتِ مسیحائے
ہمتو مرنے سے پہلے مر بیٹھے

دل کی ہر جز و مین جدائی ہی
درد اوٹھے آبلہ اگر بیٹھے

چاہِ یوسف ہوئی وفائی غیر
تم بہے اپنے کئے کو بہر بیٹھے

چارہ گر مجھسے سبکو نفرت ہے
کس طرح رگ مین نشتر بیٹھے

میری باتین جو یاد آتی ہین
کیسے ہنستے ہین نوحہ گر بیٹھے

بدگمانی کی سات سات پہرے
کو بکو آئے در بدر بیٹھے

اور بہی اب مزاجِ دل بگڑا
وہ جو پہلو مین آن کر بیٹھے

اوسنی دیکہا ہی بہولکر اور ہم
کرتے ہین خود ہی کو نظر بیٹھے

ای **قلق** یار چلدیئے سارے
رہگئے ہم ہے بے خبر بیٹھے

مطلع

نہو آرزو کچھہ یہہ ہی آرزو ہے
فقط مین ہی مین ہون تو پہر تو ہی تو ہے

نہ یہ ہی نہ وہ ہی نہ مین ہون نہ تو ہے
ہزارون تصور اور ایک آرزو ہے

نہ امید جہوٹے نہ کچھہ یاس سچے
نہین جو کہین بہی وہی چار سو ہے

غزل

کسے ڈھونڈتی ہین یہ ہی ڈھونڈھتی ہے — یہہ ہے جستجو ہے اگر جستجو ہے
جگائے گا کس طرح شورِ قیامت — خموشی سے ناچار ہر گفتگو ہے
خودی بھی ہماری خدائی سہے — وہی ہمنشین ہی وہی دو بدو ہے
مگر دشنہ تھا سایۂ زلفِ سلمےٰ — کہ جو زخم ہے ساغرِ مشکبو ہے
رازِ دل دوست کو سُنا بیٹھے — مفت مین مدعی بنا بیٹھے
انجمن ہے تیرے طلسمِ شک — آشنا ہین جُدا جدا بیٹھے
کثرتِ سجدہ سے پشیمان ہین — کہ ترا نقش پا مٹا بیٹھے
کل جو تاجِ وحشم کو چھوڑا وہ ہے — آج وہ تیرے در پے آ بیٹھے
کی ہے آخر کو ناشتا شکنے — داغ پر داغ ہمتو کہا بیٹھے
طرزِ ساقے سے دیر کے سب لوگ — کر رہے ہین خدا خدا بیٹھے
شاخِ گل کے نزاکتون سی ڈرے — بار تھے مشت پر اوڑا بیٹھے
شکوہ عاشق کشی کا فرض تھا — یاد یہہ کیا اونہین دلا بیٹھے
درد سر تھے دعا محبت مین — ہاتھ ہم جانسے اوٹھا بیٹھے
ای قیامت تو اوٹھہ کی پوچھہ مزاج — ہین وہ کچھہ آپ ہی خفا بیٹھے
روئے اتنے کہ خون ہوئی امید — خود جہاز اپنا ہم بہا بیٹھے
بے تکلف مقامِ الفت ہے — داغ اوٹھے کہ آبلہ بیٹھے
آسمان ڈھے پڑا اوٹھے فتنے — جس جگے لیکے مدعا بیٹھے

رسمِ تعظیمِ عشق تو دیکھو — دردِ دل اٹھا کہ جی مسرا بیٹھے

ای قلق تمسا بد دماغ ہی کون
چرخ کے صدقے گھر لٹا بیٹھے

زندگی مرگ کی مہلت ہی ہے — بہرِ وا ماندہ اقامت ہی ہے
دوستی وجہِ عداوت ہی ہے — دشمنے بہرِ رفاقت ہی ہے
طول دیتے ہو عداوت کو کیون — مختصر قصۂ الفت ہی ہے
رکھہ کسی وضع سے احسان کی خو — مجکو آزار سی راحت ہی ہے
آپ کا بہی نہین چہٹتا دامن — میری در پی میری شامت ہی ہے
عاقبت حشر کو آنا اک دن — روٹھہ جانا تیری عادت ہی ہے
کچھہ بہی ای بخت میسر ہی تجھے — یا تجسس سے فراغت ہی ہے
کوچۂ غیر مین چل کر رہیے — گر نہین عیش تو حسرت ہی ہے
لیے ہی تقریبِ ستم ہوای کاش — ہر طرح غیر سے نفرت ہی ہے
ابتو اوٹھہ آئی لحد سے بیتاب — نہ سہے چال قیامت ہی ہے
یادگار ہلی کوئی بات تو ہو — موت اپنی تیری رخصت ہی ہے
عدل و انصافِ قیامت معلوم — آہ و فریاد کی فرصت ہی ہے

ای قلق شکرِ ستم بیجا کیون
آہ و فریاد کے فرصت ہی نہی

گریہ مین نورِ نظر روز بہا کرتا ہے
شوقِ نظارہ یہ آنکھونکے جلا کرتا ہے

سخت حیران ہون تشویشِ ستم مین ہی سے
جو وفا کرتا ہے وہ بتپہ جفا کرتا ہے

گھر مین دشمن کے جہانتک کہ نہ دیکھے کوئی مُنہ
کتنا بدنام ہے اور کتنی حیا کرتا ہے

جیب کیا چاک ہی سر ٹکری ہی کیون یہ عاجز
جان کو حضرتِ ناصح کے دعا کرتا ہے

قافلہ بیٹھتا ہے جب تیری درماندون کا
اک قیامت کا سا ہنگامہ اوٹھا کرتا ہے

ہای وہ وقت کہ جب غیر سے ہنستا ہی وہ
ہای وہ لمحہ کہ جب قتل میرا کرتا ہے

کیا عنایت ہی کہ ہمسے ہے خفا رہتا ہے
کیا محبت ہے کہ ہمپر ہے جفا کرتا ہے

الفت غیر سہے پوچھتے ہین پر مجھسے
چین سی بہی کوئی بیتاب ہا کرتا ہے

آج ہی حشر نہین تازہ کہ اوٹھی گا سحر
روز وہ بزم مین اعدا کی ہا کرتا ہے

ٹکڑے ہوتا ہے جگر لبسکہ بناؤ باتین
چاکِ دل ایسی ہی بخیہ سے سِلا کرتا ہے

اللہ اللہ ادائے بتِ ایمان دشمن
دلمین تاثیر میری خوفِ خدا کرتا ہے

نہ ترے دام کا دشمن نہ تمنائی بہا
مجکو صیاد تو کاہے کو رہا کرتا ہے

کسلیئے تو نی کمر قتلِ خلق پر باندہی
دیکہہ تو آپ کو اور اوسکو یہ کیا کرتا ہے

جان لبپہ ہے کب تک ادہر ہے نہ اودہر ہے
ہے ہے شبِ ہجران مین بہی امیدِ سحر ہے

دلکو میری برباد کیا ایک نظر مین
کسطرح سے باور ہو کہ اغیار کے گھر ہے

وہ پردہ نشین اور ہین ناموس سے پرہیز
کچہہ پاسِ محبت نہ ادہر ہے نہ اودہر ہے

بتخانہ کے الفت ہی نہ کعبہ کے محبت
جو یائے نیرنگ ہے جب تک کہ نظر ہے

یہ بیخبرے اور میرے فریاد سے ابتک
یہ بی اثری طالع خفتہ کا اثر ہے

ہو زندگے خضر میرے موت پہ قربان
معلوم گرا تنا ہو کہ معدوم کمر ہے

دعوی نہین کچھہ تجھسے اگر داد ملے تو
فریاد کا خون داور محشر ہی کی سر ہے

کوثر جسے کہتے ہین جولذت ہی کچھہ اوسمین
افشردۂ الود گئے دامن تر ہے

اک بوسہ کے دینے پہ یہ برپا ہے قیامت
دل دیکی نہین دہیان یہ اپنا ہی جگر ہے

ہر سایۂ دیوار سے گرنا ہے لمایان
ویران جو نہو ویگا وہ یہان کونسا گھر ہے

کسطرح نہ ہم حشر مین مرمر کے جئین گے
وہ ہے تو اسی شوخ کی ٹھوکر کا اثر ہے

مانا کہ **قلق** ہوش ٹھکانی نہین لیکن
اس بیخبری کی تیرے ہمکو بھی خبر ہے

جدہر کو وہ ستم آرا لگام لیتا ہی
سپہر دوڑکے فتراک تہام لیتا ہے

جو کوئی حشر خرام اوسکا نام لیتا ہے
تو حشر ہول سی دل اپنا تہام لیتا ہے

چمن چمن مین نکیونکر پھرون بہکتا مین
کہ آسمان عوض قید دام لیتا ہے

خدا کو بھی نہین الزام خلق سی چارہ
جو کوئی مرتا ہے اوسکا ہی نام لیتا ہے

فلک کو عشوہ تیرا سخت تنگ کہتا ہے
کفارۂ ستم نا تمام لیتا ہے

یہ سیر زیست ہی سنکر مرارت سکرات
مزے شکر کے ترا تلخکام لیتا ہے

زبان نہ موہنہ مین ہو وہ جب پیام سنتا ہے
نہ سر ہو دوش پہ وہ جب سلام لیتا ہے

عدو جب آتی ہوئی تجکو روک دیتا ہے
خدا ہی جانی مجھی کون تھام لیتا ہے

یہ دل ہی وہ ہی کہ لاتا ہی دلربا کو لگا
یہ شیشہ وہ ہی کہ پتھر سے کام لیتا ہے

لحاظِ رند کو واعظ تو میکدہ مین دیکھہ
خصوص جب کفِ ساقی ہی جام لیتا ہے

تو اعتماد تو بازارِ میکدہ کا دیکھہ
کہ جم بہی تاج شہی رکھہ کی جام لیتا ہے

چراغ پا ہے ہمیشہ ہلال رہتا ہی
سمندِ چرخ جو ناخن مدام لیتا ہے

حریفِ عیش و حریصِ نشاط کون نہین
کہ وصل بت کا خدا انتقام لیتا ہے

جبین مین اوسکی نہین سر فرو حیا و شرم
نیاز ناز سے جہک جہک سلام لیتا ہے

نکیسے جوش مین صہبا ہو شیشہ سنی باہر
کہ غیر ہاتہ سے ساقی کے جام لیتا ہے

نکیونکے پہوٹتے ہی سر کے بہتے جوئی شیر
کہ عشق کرتے ہے ناکام کام لیتا ہے

قلق تو مجہسے تنگ مانگی چرخ نیوچہہ
ہزار زخم جگر دلسے وام لیتا ہے

دوستی اوسکی دشمنی ہی سہی
دوست تو ہو وہ مدعی ہی سہی

مستی و بحثِ عذرِ کفارہ
توبہ سی توبہ ہمنی کی ہی سہی

ہی اگر کچہہ وفا تو کیا کہنے
کچہہ نہین ہی تو دل لگی ہی سہی

جی ہی یہ بن لگے نہین رہتا
کچہہ تو ہو شغل عاشقی ہی سہی

محتسب ختم کیجئے مجت
پی ہے تو خیر ہمنے پی ہی سہی

حیف خمیازہائے حسرت و شوق
زندگانی کشاکشی ہی سہی

جان دیکر لیا ہے نام وفا
موت بھی ہمنے مول لی ہی سہی

ملتے ہین مدعے سے ملنے دو
کہ میرے ناخوشی خوشی ہی سہی

بوسہ دینے کے چیز ہے آخر
نہ سہے ہر گھڑی کہے ہے سہی

قتل ہوتی ہین قتل ہوتی ہین
عہد دلِ دو رِ نادری ہی سہی

ای **قلق** ناصحون سی کیا تکرار
مان اک بات مان لی ہی سہی

دوری مین کیونکہ ہو نہ تمنا حضور کے
منزل کو میری قرب ہے نسبت ہی دور کے

فرقت نی اوسکی وصل کے تشویش دور کے
تسکین نہین ہی یون بھی دلِ ناصبور کے

موسیٰ کی سر پہ پانو ہی اہلِ نگاہ کا
اوسکی گلی مین خاک اوڑی کوہ طور کے

کہتا ہی انجمن کو تیرے خلد مدعے
اس بوالہوس کی دلمین تمنا ہی حور کے

واعظ نی میکدہ کو جو دیکھا تو جل گیا
پہیلا گیا چراندِ شرابِ طہور کے

موسیٰ کو کیون نہ موجِ تجلے دکھیل دے
جلوہ سی اوسکی گل ہوی مشعل شعور کے

اربابِ وقت جانتی ہین روزگار نے
کی ہوسی وفا تو تلافی ضرور کے

رسوائیون کا حوصلہ گھٹ گھٹ کی بڑھ گیا
سامان ہی خاموشی میری شورِ نشور کے

میل آسمان کا سوئی زمین بی سبب نہین
زیرِ قدم جگہہ ہی سرِ پر غرور کے

اوس سی نہ لیئے جس سے ملے دل تمام عمر
سو جی ہمین ہی ہجر مین آخر کو دور کے

پامال کر رہا ہے سیہ روزیون کا جوش
مٹی خراب ہی میری کلیہ مین نور کے

کیا ایک قربِ غیر کا صدمہ نہو چہیئے
ہین دل کی آس پاس بلا دور دور کے

مضمون میرے اوڑائے **قلق** سبنے اسقدر
سنتا ہون مین ترانہ زبانی طیور کے

چشم کو دلسے چار ہونی دے
نیمکش تیر پار ہونے دے

آئینہ مین کہان ہی اتنی تاب
کہ تجھے شرمسار ہونے دے

ایک ذرا میرے آرزو ای چرخ
صرفِ انداز یار ہونے دے

اتنا ہی رشک پر نہین قابو
کہ اوسی راز دار ہونے دے

انتقام اوس سے آسمان کیون لی
کیون مجھے سوگوار ہونے دے

ای فلک اوسکو دلمین رہنی دی
آفتِ روزگار ہونے دے

غش کو آنی دی ای تلاش ذرا
طاقتِ انتظار ہونے دے

دم آخر تو پردہ رخسے اوٹھا
حالِ دل آشکار ہونے دے

اتنی رنجِ خزان سی کب مہلت
کہ رجوعِ بہار ہونے دے

غیرت بیکسے سے یہ کب ہو
غیر کو غمگسار ہونے دے

کیون **قلق** سی معارضہ تجکو
خوار ہونے دے خوار ہونے دے

لبِ جان بخش و جان گزا ہے ہے
گرگ یوسف اور ایک جا ہی ہے

سرخی رنگ پان مین پنہان ہے
قتلِ عیسی کا خونبہا ہے ہے

برگ گل کو کیا ہی خون در خون ناز کے سخت آزما ہے ہے
جانفزائی و جانستانی حیف زیست سی مرگ مدعا ہے ہے
خندۂ لب ہی موج بادِ تیغ نیم جنبش ہے نیمچا ہے ہے
پشت لب ہی نسب مسیحا کا پردۂ مریمی اوٹھا ہے ہے
ہے شہادت کا خضر کے سامان سرخ آبِ بقا ہوا ہے ہے
خون کا دریا بہائیگا آخر حمرتِ لب کا ماجرا ہے ہے
لبِ گلگون پی جان دی بیٹھی خونبہا کا بہی خون بہا ہے ہے
مدّ شنجرف ہے غلط تشبیہ خون بوسہ ہی برقضا ہے ہے

لبِ صدیق کی یہہ مدح درست
ہی قلق کی مگر قضا ہے ہے

مثلث

دل ٹھیرنے پے ٹھیرے نہ چلنے کو جی چلے لائی حیات آئے قضا لیچلے چلے
اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

ردیف الف

ہے قلق پی صد سخت کیا جئی گا بیچارا در فراق او مہری فرض کن کہ شبہارا
میتوان بروز آور در وزرا کسی چند

رباعیات

بندہ پرور تو خود قدیمی ہے خدا
اور لطف سی دشمن لئیمی ہے خدا
پر کافرِ ذات ہے زمانہ سارا
امید رحیمے و کریمے ہے خدا

رباعیات

یہ وہم دوئی دلسی جُدا کرنا تھا
اس قطرہ کو دریا مین فنا کرنا تہا
اللہ رے رقابت کہ رقابت سب سے
ای جوشِ خودی خوفِ خدا کرنا تہا

ایضًا

وہ وقتِ شباب وہ زمانہ نرہا
وہ نشہ مستے وہ ترانہ نرہا
آتا ہے کہلانے کا مزہ بابو تمین
اب اپنے سوا کوئی فسانہ نرہا

ولہ

عمدًا مجھے ناراض رضا نے چاہا
ہر قضیہ کو برعکس قضا نے چاہا
اوس بت کی سبب ہی کو ضد ہی مجھسے
جو مینے نچاہا وہ خدا نے چاہا

ایضًا

ہر چاکِ دلِ ارمان زدہ سینے کا رہا
ہر داغِ جگر تشنہ دفینے کا رہا
کیا زندگی گذری ہی کہ ماشاء اللہ
ہر وقت ہمین پسینا جینے کا رہا

دیگر

بی ردئی نبی عرض صفا کیون ہوتا
اور آئینہ وحدت کا جلا کیون ہوتا
معشوق کی جلوہ سی ہی پیدا عاشق
ہوتا نہ محمدؐ تو خدا کیون ہوتا

اس عہد مین احتسابِ ایمانی کیا
ابرامِ معاصی کے پشیمانی کیا
ہر دعویٔ دین حکمِ ایکٹ سی ہمس
ڈگرے ہے کہ یے سو دمسلمانی کیا

ایضاً

یہان نفس کی شوخی سی ہی مجنون لیلا
قانع ہے تومت بہر نفے کہنا لا
کرشرم ذرا قلق دعا سے پہلے
ہاتون کا اوٹھانا ہے تو ہی صورتِ لا

ولہ

فانی کے ہے نزدیک بقا کو بہی فنا
ظلمات کو اور نور وصفا کو بہی فنا
کیا خوف قلق موت کا میت کی لیئے
ہستے سے ہمارے ہے فنا کو بہی فنا

منہ

یہ شہر بلند عالم بالا سے تہا
ہمشکل غرض جنتِ ماوٰی سی تہا
اب کیا ہی ایک آباد ریگستان ہے
دہلی کو شرف قلعہ معلے سے تہا

ولہ

اس بزم سی میدان مین جانا ہوگا
ایوان سی بیابان مین جانا ہوگا
ہشیار ہو تیار رہو زنہار نہ سو
کیا جانیئے کس آن مین جانا ہوگا

مرثیہ یار دلپذیر تصویر

ای آہ نہین کوئی ہم آہنگ اپنا
ای سخت جان کون کری سنگ اپنا
دل توڑ گیا مرگِ غلامِ احمد
تصویر کے صدمہ سی اوڑا رنگ اپنا

ردیف الباء

دروازہ پہ تیرے ہے مرونگا یارب
کیا بیم جہنم نہ ڈرونگا یارب

گستاخیٔ عذر بعد عصیان معیوب
توبہ ہے کہ توبہ نکرونگا یارب

ایضاً

ہر رنگ سے اب مرتی ہین توبہ کی سبب
ہم سیکڑون دکھہ بھرتے ہین توبہ کے سبب

می سے ہوئے توبہ تو ہوئی بنگ روا
لاکھون ہی بدل کرتی ہین توبہ کی سبب

بای فارسی

گاہی تو کرم ہمپہ بھی فرمائین آپ
آجای یہان بھی جو کہین جائین آپ

دکھلائی تو چاہنے والون کی شکل
غیرون ہی کی ہمراہ کبھے آئین آپ

ردیف التاء

پہ لگ گئی ایسی کہ اوڑائے غیرت
اوٹھتے ہے نقاب کے اوٹھائی غیرت

اب کیون کس و ناکس سے چھپاؤ موہہ کو
سچ ہے تمہین غیرت سی بھی آئی غیرت

ایضاً

ہر طرح سے ضایع ہے یہان پر اوقات
مافات تلافی ہے تلافِ مافات

معدوم ہے موجود تو موجود عدم
اثبات نفی مین بھی ہی نفی اثبات

ولہ

کیونکر نہ ہنسے غیر کہ روتا ہے بخت
گریہ سے میری مجکو ڈبوتا ہے بخت

کیونکر شب ہجران مین کہون قصۂ وصل
سُن سُن میری افسانہ کو سوتا ہے بخت

ایضاً

تا کے طلب یار مین بیحد منت
کسواسطے بیطلب و مقصد منت
آئیگا وہ یہانتک جو نزاکت سی قلق
آتا ہے سر عذر پس صد منت

ولہ

ایکدم جو میسر ہو نظارا ہے مفت
بیدام و درم یہانکا تماشا ہی مفت
جب تک کہ قلق ہاتہ مین نقد جان ہے
دل دینا ہی وہ نفع کہ سودا ہی مفت

تاریخ صحت آشوب چشم

جب تک مدآلود ہے چشم حضرت
تہا خار دل و دیدہ مین خواب راحت
خامہ ہی پے سال منادی کہ قلق
لکہہ صحت عین ہی ہی عین صحت

ولہ

عاقل کا نصیبہ ہی ازل سی حسرت
ہی مال کو عقل سی ہمیشہ نفرت
لازم ہی قلق مجہی کو شاہنشاہے
افسوس ہوی نہ جمع عقل و دولت

تای ہندی

ولسے مجہے آنے کے ہے اونکے آہٹ
کیا طالع خفتہ کے گیئے نیند اوچہٹ
وہ پردہ نشین گو کہ نہ آئے لیکن
ای چرخ ذرا سامنے سے تو تو ہٹ

ولہ

ردیف الثا المثلثہ

دنیا کا تمام کارخانہ ہے عبث — اس کشت عبث کا دانہ دانہ ہی عبث
ایک حرف غلط ہی بلکہ یہ بھی ہی غلط — ہر ذکر عبث ہی ہر فسانہ ہی عبث

ردیف الجیم

جاہل کے ہے میراث قلق تخت و تاج — کامل ہی سدا بی ہنروں کا محتاج
ابلیس کا عصیان نہیں جز کبر کمال — بیقدری فن کا ہی ازل سے رواج

ولہ

تیرا ہی جہان خالق یزداں محتاج — دانا محتاج اور نادان محتاج
حاجت ہی اگر کسیکے تو تو تجھسے ہو — لیکن نہو انسان کا انسان محتاج

ایضا

خود رفتہ ہو بدمست ہو کیسا ہی مزاج — کل آپکی کیا وضع تھی کیا رنگ ہی آج
دیکھا ہی اگر خواب زلیخا سنبھلو — رعنائے یوسف کی کنوان ہی معراج

ردیف جیم فارسی

ژولیدہ معما ہی جہان پر پیچ — ایدل نہ سمجھ اسکی کشاکش مین کبھیچ
اچھا ہی خیال ذہن و فکر کہ — دنیا ہیچ است و کار دنیا ہمہ ہیچ

ردیف الحا الحطی

معیوب ہی ہر سحر کا آنا ہی صبیح — اچھا نہین فتنہ کا جگانا ہی صبیح

ہوجائیگا حشر دیکھہ کہتے ہین ہم	پردہ نہ کسیکا تو اوٹھانا ای صبح

ردیف الخاء المعجمہ

رہ رہ نہ ستا ہم ہی کو ہر آن ای چرخ	ہی جنبش دل سی عرش لرزان ای چرخ
اوسکو بہی تو مانند قلق رکہہ بیتاب	ظالم ہی تو کر ظلم ہی یکسان ای چرخ

ردیف الدال المہملہ

شکایت امساک باران

ای چرخ تجہے کہتے ہین سب پیر نہاد	ہے ساکے جہان سی تیری اول بنیاد
مانا کہ ہین از بر تجہے جہگڑے سارے	پر ابر کا آنا نہین تجکو بہے یاد

ولہ

زہاد کا غفلت سی ہی اوراد و سجود	ہی عید کی تصویر مین رنگ معبود
فانی بہجت مین ہی تو ہی یا باقی	نسیان مین بہی ہی یاد تیری یا موجود

در تہنیت عید

تا ماہ صیام ہوئی باب مہید	اور واسطہ جشن ہو یہہ یوم سعید
ہر روز سے ہو تیرے شب قدر سعیان	ہر شب سی نمایان ہو تیری روز عید

ردیف الذال

افسانۂ یار بہر وصلت ہی لذیذ	پیمانۂ مے پیے فراغت ہی لذیذ
ای شیخ ہی ہر وقت تو رد کہا پہیکا	یہ طرفہ مذاق ہی کہ طاعت ہی لذیذ

ردیف الراء

فلک مین ضبط کو سمجھا تہا جو ہر الفت — میرا قصور ہی مجھسے ہی ہوگئی تقصیر
بجا ہی صرف دم نزع گر رہون شب و روز — سزا ہی جانکی ہو گر جزو جزو مین تکسیر

مستزاد

کیا خستگی بخت ستاتی ہے مجھے — پیمان ہو کر
اور رنجش تقدیر کڑہاتی ہی مجھے — درمان ہو کر
تو پردہ نشین ہی اور مین ہون سوا — بس صبر کیا
کیون یاد تیری شکل دکہاتی ہی مجھے — ارمان ہو کر

ولہ

انسان ہی کس بات پی اتنا مغرور — اپنی تو نظر مین نہین جز گرد فتور
بہولا ہی یہ کس ہستی موہوم پی آہ — ہی محشر وعدہ سو تعین سی دور

ولہ

ویران کدہ دہر مین تعمیر نکر — داغ صد سنگ خشت سینہ پہ بندہر
اس نکتہ معمارسی کر فکر مآل — رکہتا ہے نکلنے کے لیئے پہلے در

ولہ

ای صدق کیا ضعف بصر نے معذور — ہر چارہ و درمان سی ہوئی تم مجبور
ای کاش نہون آپکی چندہی آنکہین — کرتے ہین دعا ہم بہی کہ چشم بد دور

تہا آدم خاکے غضب بی زنہار — پر موت کی ہاتون سی ہوا ہی ناچار
سچ ہی قلق انسان ہی کیا کچھہ سرکش — مرکر ہی تو ہوتا ہی یہ کاندہو پہ سوار

ولہ

ہر فصل مین ہوتی ہین جوان سارے شجر — ہر سال نئی پہولتے پہلتے ہین مثر
انسان کی کوئی فصل نہ پہر کر آئے — اول ہی کا جہو کا ہے بہار آخر

ولہ

ہرگز میری عصیان کا نہ اوٹہی کا بار — پلہ کی نہین اسکی ترازو ز غفار
کر بازوی عباس کی صدقہ مین فضل — دی شانۂ رحمت کو نہ زحمت غفار

ولہ

یارب نہ طلبگار کس و ناکس کر — تنگیئے جہان کو میرا محبس کر
کر رحم بہی آخر کہا تک فریاد — جو چاہے سو تو نے کیا ہے بس کر

ولہ

ہر روز میرا تار ہی ہر شب دیجور — اندہیرے ہے ساری خدائی معمور
ہر ذرہ ہے دوزخ شرر گرمیٔ آہ — ایک شمع تو گہر مین میری ٹہنڈی ہی ضرور

ولہ

مسجد کو دیا چھوڑ ریا کے خاطر — کعبہ نہین جاتا تو حیا کے خاطر
میخانہ مین جاتا ہون تو رحمت کی لیئے — می پیتا ہون احسان خدا کی خاطر

ولہ

ہر داغِ روان ہے موجِ کوثر — ہر اشکِ برشتہ جامِ آبِ کوثر
جو پھوٹ کے روتے ہین قلق یہان آنکھین — باللہ کہ وہان ہونگے حبابِ کوثر

ایضاً

خواہش نہین طاعت کے تجھے ربِ قدیر — پر عفو کو درکار ہے جرمِ دلگیر
ہم جانتے ہین جوشِ ہی رحمت کو مگر — تقصیر مین کرتے نہین ہمتو تقصیر

ولہ

بزمِ ادسکی ہی فردوس و ارم سی بہتر — وہان جمکے قلق بیٹھے ہین جم سی بہتر
حضرت کے کنایات سنو کہتے ہین — دیکھین تو کہ نکلے کوئی ہمسے بہتر

ایضاً

ای پردہ شگاف آنکا ہونگے حضور — برقع سے سرِ بام یہہ کیا چشمکِ دور
میدان مین نکل تعزیہ دار آپہنچے — ہے قتلِ غریبون کا محرم مین ضرور

ولہ

کسطرح کہون آبہی کہین عذر نکر — رسوائے ناموس کا ہے کسکو ڈر
وہ پردہ نشینِ خلوتِ دلمین کیا آئے — امید تو جاتی نہین دل سے باہر

ایضاً

کیا نامۂ نامی ہے کہ ہے مایۂ نور — ہے چشمکِ ہر نقطہ کہ چشمِ بد دور

کیا صاف ہی کیفیتِ لفظ و معنے | وہ آنکھ مین ہی نور تو یہ دلمین سرور

ایضاً

ہر زخمِ جگر کہایا ہی دل پر تن کر | چلنے کے ہوا شکل کلیجہ چھن کر
پھر دیدۂ وحشے سے نظر ملتے ہے | اب خاک مری اوڑتی ہی ہرنے بن کر

رای ہندی

مجکو شبِ غم ای دلِ غمخوار نہیں ہے | رہنے دی بس اب قصۂ اغیار نہیں ہے
داغون سے ہے سینہ رشکِ بالِ طاؤس | ای رشک لی چٹکیان ہر بار نہیں ہے

ردیف زای

اس بزم مین ہر شمع کو ہی سوز سی ساز | ہر سنگ ہے طوفانیٔ دریائے گداز
القصہ ہی طالب کی حوالے مطلوب | رہتا ہی سدا ناز گرفتارِ نیاز

ولہ

کیا جانیئے الفت کا ہی کس سی آغاز | جانبر نہین ہوتا کوئی اسکا جانباز
حاصل نہین کچھ دوست کی کوشش سے بجز قتل | دشمن کی سوا کوئی نہین محرمِ راز

ایضاً

دنیا کا عجب رنگ سی دیکھا انگیز | ہر پای حنا بستہ سوا رشبدیز
ہر ذرہ ہی خورشید قیامت افروز | ہر قطرہ ہی طوفان خودی سی لبریز

ولہ

دنیا ہی عجب بوقلمون صنعت آموز
ہر شکل موافق ہے مخالف اندوز
یہان دست و گریبان ہین درد و درمان
ہر سوز مین ہی ساز تو ہر ساز مین سوز

ردیف السین المہملہ

کہتے ہین کہ مایوس کو آسان ہی یاس
ہر سینہ ناکام مین مہمان ہی یاس
کیا جانئے کیا یاس کی صورت ہوگے
امید وہ رکھتے ہین کہ لرزان ہی یاس

ردیف الشین معجمہ

در مرثیہ ترخیص حافظ مولوی عبدالرحمن صاحب المتخلص بہ سنور مرحوم

تودیع سے سنورش کی ہوی مجنون ہوش
ہین دیدہ و دل آب تو یکسر خون ہوش
کیونکر کہون کعبہ سے پھر وہ تم لیکن
جاتی ہو قرار سان تو آ و جون ہوش

ایضاً

دین ہی بہوش ہی نہ دنیا بہوش
ہر شکل سی ہی صورت عقبی بہوش
کس جای پی آیا ہون قلق می مینی
بہوش بہی کہتا ہے کہ اتنا بہوش

ایضاً

ہی نوک مژہ سی جسکی میرا دل ریش
اوسکے بہی چبھا دلمین محبت کا نیش
آگے میرے جاتا ہے عدو کے پیچھے
رہتا نہین دل دیکی کسیکا پس و پیش

ردیف الصاد مہملہ

اب اہل وفا کو ہے ستاتا اخلاص
ای کاش قلق مجکو نہ آتا اخلاص
کیونکر نہ وفا ہو بیوفایئے رقیب
کہتے ہین وہ مجھکو نہین بہاتا اخلاص

ہوتا ہی نہین والہ صادق کا قصاص	ولہ	عذرا نہین دی سکتی ہی وامق کا قصاص
گردن بچہکا وغمی چہلکے گا خون		اغیار کا قتل اور عاشق کا قصاص

ردیف الضاد معجمہ

غیرون کو شب وصل بولانے سے غرض		مشتاق زمانہ کو دکہانے سے غرض
ارمان حسرت دریغ باہر باہر		اک تجہسے غرض ہے یا زمانہ سے غرض

ردیف الطاء مہملہ

افسوس کہ ہی الفت دلخواہ غلط		ہر جستجو و کوشش جانکاہ غلط
گر وعدۂ وصل بہی ہو صادق تیرا		کوچہ کے خوشے سے ہو تیری اہ غلط

ردیف الظاء معجمہ

لو جائیے بس خدا ہمارا حافظ		بے یار کا ہے وہے پیارا حافظ
کیا رشک میری دل سی گیا گذرا ہی		کس منہ سے کہون خدا تمہارا حافظ

ردیف العین مہملہ

کب سوز جگر کو میری پاتی ہی شمع		کیون روتی ہی کیون اشک بہاتی ہی شمع
خوبون کو بہی کیا رشک وفادار ہی ہے		پروانون کو جل جل کی جلاتی ہی شمع

ردیف الغین معجمہ

دو روزہ حیات مین اوٹہائی سو داغ		نا یائی سم کی بہی تو کہائی سو داغ
ہی ایک مروت مین قلق لاکہہ آزار		پہرتا ہون کلیجہ سے لگائی سو داغ

ردیف الفار

کہتا ہون خدا لگتے عقیدہ کے خلاف — ہے تیرا خطا وار سزاوارِ معاف
ہے رحم ہی شایانِ خدائے تجکو — انصاف یہی ہے کہ نکرنا انصاف

ردیف القاف

افسوس تیری وضع پے آتا ہی قلق — انداز تیرا جیکو کڑہاتا ہے قلق
تو دولتِ حسن ہے کہ نقدِ نا اہل — کیون ہاتہ سی اپنی آپ جاتا ہی قلق

ایضا

دنیا ہے خیالات سی سرشار قلق — باندہو نہ تصورات دشوار قلق
معشوقِ فرنگ و بادہ تحفہ موجود — تقدیر سے سب ہین تیری ناچار قلق

ردیف الکاف

دنیا مین قلق کیا ہے سراسر ہی خاک — درویش ہی خاک اور تونگر ہی خاک
مٹنے کے لیئے شکل بنی ہے سبکے — جو خاک کی سوغات ہی آخر ہی خاک

ولہ

ای قادرِ مطلق بطفیل لولاک — دی مجہکو شفا مرض سی کر دین پاک
ناچیز ہے کس چیز سے شایانِ عذاب — جان تیری ہی اور جسم ہی سرمایۂ خاک

ولہ

دل دیر گذاری سی ہی آوند نمک — ہر زخم جگر رہتا ہے دلبند نمک

یکرو ہے قلق جانتا ہی عادت کو | ہر ایک سی یکساں ہون مین مانند فلک

ایضاً

ای قادرِ مطلق بطفیل لولاک | دی مجکو شفا مرض سی کردی تن پاک
ناچیز ہے کس چیز سے شایانِ عذاب | جان تیری ہی اور جسم ہی سرمایۂ خاک

ولہ

مونہہ گیسوی پرخم سے نہ موڑون کب تک | اس سلسلۂ پاکو نہ توڑون کب تک
تو مجھسے عدو تجھسے غرض سبھی چھوٹے | آخر تیرے امید بچھوڑون کب تک

کاف فارسی

دشمن سی ہوئی صلح تو ہی یار سی جنگ | دل کہلنے بنا یا ہی کہ جان ہوگئی تنگ
ساری ہی قلق کام تیرے اولٹے ہین | تنگ دو جہان ہوا ہے ہوکر بے ننگ

ردیف اللام

ہر روز خوشی ہی شبِ غم سے پامال | خالی کا ہی چاند بعد شہرِ شوال
کسطرح قلق عمر نہ روتی گذرے | ہوتا ہے محرم سے شروع ہر سال

ولہ

ای پردہ نشین سہل ہوا یہہ اشکال | در پردہ نہین وصل سی کم تیرا خیال
آئینۂ دیدہ کے اودہر رہتے ہو | اوس طرف نظر کے ہے طلسماتِ وصال

ایضاً

ای صل علی سوز تیرا حسن و جمال | یہہ مہر مین خوبی ہی نہ یہہ مہ مین کمال
کاہش کی سوا کچھہ نہین افزایش مین | تو بارہ برسکار رہے یارب صد سال

ولہ

نوچندی کے میلہ کا نہ پوچھو کچھہ حال | ہون دیکھہ کی حیران کہ دون کس سے مثال
یارو وضۂ رضوان ہی سادہ سا مکان | یا سیر سے سیر اہی منقش ہی خیال

ولہ

کیا بیٹھنے دی حلقہ یاران مین کلال | میخانہ کی خدمت بہی ہوئی تجکو وبال
افسوس قلق تیری تن آسانے پر | ایکدن نہ پیا ساغر مے کر کے حلال

ایضاً

مشرک ہین بڑے کافر اکفر دجال | یہ چاہتے ہین دلسی خدائی کا زوال
کر رحم مسلمان ہون مسلمان ہونمین | یارب مجہی اس کافرہ کو دی بہی ڈال

ردیف المیم

ہے لیکہ جوانی مین بڑہاپے کا غم | ہر سانس سی آتی ہے صدائی ماتم
ہمرنگ عجب کاہش و افزایش ہے | برہتے ہے اگر عمر تو گہٹتے ہین ہم

ولہ

زاہد رہے ہشیار کہ بدمست ہین ہم | غافل نہو زنہار کہ بدمست ہین ہم
کیا جانیئے کیا ہو جو نہو وی غفلت | ہان خواب ہی بیدار کہ بدمست ہین ہم

ایضاً

آلودہ خیالات مین تیرے ہون مدام | طاعت سی غرض نہ کچھہ عبادت سی کام
ہر لحظہ ہوس بوسکے ہر دم بس بس | الفت کی تقاضے کو نہ کچھہ صبح و نہ شام

ایضاً

ناحق تہا قلق مجہی عزیزِ اسلام
مردود ہوا کرتے ہے نذرِ صنام
محراب ہی مسجد مین میرا افسانہ
توبہ ہی ہوا ہون مین بہی کیا ہی بدنام

وله

ہم اور ہمارا آہ ایسا وہ کام
تو اور تیرا وہ ظلمِ بیحد ومقام
جیکر دنیا مین اور مر کر دین مین
ہر وجہ سے موہہ دیکہنا تیرا ہی حرام

ایضاً

بی برگ و نوا کی شعر خوانی معلوم
بے دانہ و دام نکتہ دانی معلوم
جسکے کہ غمِ نان ہی غذا ہو اوسکے
میدانِ سخن مین پہلوانی معلوم

وله

کیفیتِ دل خوب ہی ہین جانتی ہم
ہوتا کوئی ناصح بہی تو کب مانتی ہم
دیکہے ہین قلق روز نئے ہی انداز
افسوس نہین یار کو پہچانتی ہم

ردیف النون

ای چشمِ غمین تیری عوض روئی کون
جی اپنا بہلا میری لئی کہوئی کون
افسانۂ وصل کس سے پوچہون شبِ ہجر
آپ ہی مین کہون آپ سنون سوئی کون

وله

یہ حالِ تبر رحم فزا ہے کہ نہین
اس زیست سی مرنا ہی بہلا ہی نہین

سنتا ہی نہین کہئی کسی صورت سی | یارب تو ہمارا بہی خدا ہے کہ نہین

ولہ

اسوقت زمانہ مین بہم ایسے ہین | ہر بزم مین کہتے ہین کہ ہم ایسے ہین
ہی رندِ ہزار شیوہ ہر چند قلق | ایمان سی اگر پوچہیئے کم ایسے ہین

ولہ

مر مر کے پئے رنج و بلا جیتے ہین | ناراض ہین رضی برضا جیتے ہین
ارمانِ مجسم ہے سراپا اپنا | جی مار کے جیتے ہین تو کیا جیتے ہین

دیگر

حسرت ہی نشانی کہ دیئی جاتی ہین | حرمان کو فقط ساتہ لیئے جاتی ہین
ہیہات قلق موت کا رستہ ہیہات | منزل کیطرف پشت کیئی جاتی ہین

ولہ

لازم ہے کہ فکرِ رخِ دلبر چہوڑون | واجب ہی یہ ہی اب یہ مقرر چہوڑون
ناصح نے کیا مجکو بہے آخر مجنون | ہون قید مین جبکے اوسی کیونکر چہوڑون

ایضاً

کسواسطے دی تہین ہمین یارب آنکہین | واللہ کہ بیدید ہین بیڈہب آنکہین
دانائی ہی نادان تو بینائی کو رو | کب آپ کو دیکہا کہ مُندین جب آنکہین

ولہ

اصحابِ محمد جو اشارا کردین | دریائے کرم کو بے کنارا کردین
ہر ذرۂ ناچیز کو خورشید بنائین | جو خشک ہو قطرہ اوسی دریا کردین

ولہ

یارب ہی عیان تجھے پے کارِ دشمن | انجامِ حسین و کارزارِ دشمن
البتہ محبت ہے تیری سب پر شاق | تو دوست کو کرتا ہے شکارِ دشمن

ایضاً

شہ کہتی تھے اعدا سے دمِ بازپسین | کیا مار کے لوگے مجھے اے دشمنِ دین
جز داغ نہین اہلِ حرم کا زیور | جز گنج شہیدان کوئی دولت ہی نہین

ولہ

آؤ قلق اب شاہ کی غم مین روئین | فریاد کرین درد والم مین روئین
کیا ننگ ہی رونے سے ہین جبکہ حرم | سر ننگے کھڑے اہلِ ستم مین روئین

ایضاً

گردن کو جھکا دیتا ہے ادنی احسان | کس طرح سے دکھلائینگے منہ نا احسان
رزاق ہے تو اور غفور العصیان | می دیتا ہے ہم جیسونکو تیرا احسان

ولہ

اس خطہ کے جا عالم بالا مین نہین | یارائی نظر چشم تماشا مین نہین
ہر طائفہ شایانِ طوافِ ملکوت | سیر تہہ مین ہین وہ لوگ کہ دنیا مین نہین

نظارۂ پنہان کا نہیں کچھہ درمان
سینہ میں ہر ایک سالس ہے خارِ حرمان
آنکھہ نہیں کہہ سکتے ہے تیری گردش چشم
چبھتی ہے نظر میں تیرے نوکِ مژگان

ولہ

ای ابر کہاں تک تیری رستے دیکھیں
اسطرح سے دنیا کو ترستے دیکھیں
بھولا نہیں بارش کا طریقہ تو اگر
آسامنے ہم بھی تو برستے دیکھیں

ردیف الواو

کہتا ہے یہہ دلبر کہ نہ بہلا دل کو
تسکین و دلاسے کا سبب کیا دل کو
جس سی ہمیں ضد تجھ سے اوسی سی خلط
جسنی ہمیں چاہا نہیں چاہا دل کو

ولہ

عیار پہ مرنا ہی نہ تھا پر مجھکو
یعنے کہ بھروسا ہے وفا پر مجھکو
روتا ہوں پڑا دیر میں کافر کے لیئے
آتے ہے ہنسے شانِ خدا پر مجھکو

ایضاً

شبہای جوانی نے چھپایا دن کو
بدمستیٔ دوشین نے گنوایا دن کو
کیا یاد رہے عہدِ جوانی کے بہا
بیداریٔ ہر شب نی سولایا دن کو

ردیف الھای موز

یہاں ہمکو دیا کیا جو وہاں پر ہوگا
طاعت سی کچھہ امید نہ کچھہ خوفِ گناہ

کر فضل ہے اپنا کہ عدالت کیسے | آپ ہی تو مدعی ہی آپ ہی ہی گواہ

ایضاً

یارب ہی خجالت کی سبب خون تو بہ | ہے بادۂ گلرنگ سی گلگون تو بہ
آلودہ زبان ذکرِ صنم مین ہی مدام | کس مُنہ سی تیرے روبرو آؤن تو بہ

ولہ

مسجد مین نجا وہان نہین ہونیکا نباہ | بیوجہ خصومت ہی ہین عصیان کی گواہ
میخانہ مین صدیق مسلمان ہین گبر | کیا جوش محبت ہے کہ اللہ اللہ

ایضاً

کم حسن عمل سی نہین ہر کارِ سیاہ | منظر ہے رحیمے کا تری میرا گناہ
قہار تجھے جاننا نادانے ہے | لاعلم لنا وَ ما عرفنا ہین گواہ

ولہ

ہے شان بنے عرب کعبۂ جاہ | محتاجِ فقیرے ہے اسی در پر شاہ
جس شعر مین ہو سیدِ لولاک کا ذکر | ای قبلۂ عالم ہے وہ ہے بیت اللہ

ایضاً

جب سی تجھی دیکھا ہے ندیکھا کیا کچھہ | نادم ہوی کیا کیا ہوی سوا کیا کچھہ
دکھلاؤ نہ اس پردہ نشینے کے شان | نظرون کی ہی اوجھل مین میرے کیا کیا کچھہ

ردیف الیا تحتانی

محراب و مصلا اور زاہد بہے وہے
سجدہ مسجود اور ساجد بہے وہے

تکلیفِ قیامت ہی یہ کسکے خاطر
حاکم بہے مدعے بہے شاہد بہے وہے

ایضاً

اک عمر پڑے ہے رنج اوٹہانیکے لیئے
ہین سیکڑون راہ جان جانیکے لیئے

کیا فرض ہی ظالم مین تجھے کو چاہون
سامان ہین بہت دلکی ستانی کی لیئے

ولہ

کیا کیا عوضِ غیر نلین گی تجھسے
گو دل نہ ملو ہمتو ملین گے تجھسے

اس شعلہ مزاجی کو تیرے دینگے فروغ
کسطرح نہ اغیار جلین گے تجھسے

ایضاً

بدستے دوشینہ جو یاد آتے ہے
خود رفتگے قابو سی نکل جاتی ہے

ہے یادِ شب وصل سحر خواب و خیال
اک لمحہ مین دنیا ہی بدل جاتی ہے

ولہ

جو جاکے نہ آئے پہر جوانی ہی یہ شئی
پر حیف نصیب ایگانی ہی یہ شئی

کیا جانکے فکر لینے دینے ہے یہ چیز
کیا دل کا خیال آنی جانی ہی یہ شئی

ایضاً

جو بات کہ ہے عیان چھپانی کیا ہے
بگڑے ہوئے پہر شکل بنانی کیا ہے

مانا کہ نہین تمکو کسے سے الفت
اب قصۂ غیر کے کہانی کیا ہے

ولہ

جان جائے پر امید نجائیگے کہے
غیر آئیگا کیون خانۂ دلمین تو آ

لیند آنکھ مین آرام نہ پائیگے کہے
اے پردہ نشین یاس نہ آئیگے کہے

اس بزم کے طرفہ مہمانے دیکھے
جو آکے نہ جائے پھر بڑھاپا دیکھا

ہر چیز یہانکے آنے جانے دیکھے
جو جاکے نہ آئے وہ جوانے دیکھے

صد حیف کہ مینوش ہوی ہم کیسے
کچھ یہانکا خیال ہے نہ وہانکا کہٹکا

ابرار سے روپوش ہوی ہم کیسے
ہوش آتی ہی بیہوش ہوی ہم کیسے

کیا ذکرِ وفا جفا کسے سے نہ بنے
آخر کو قلق نی زہر کہایا ناچار

گر دوست ملا تو مدعی سی نہ بنے
اب کس سی بنی جب اپنی جی سی نہ بنے

دلجوش معاصی سی نکیون خون ہوجاے
بوسہ مین اگر دون حجرِ اسود پر

کعبہ بہی میری طوف سی مجنون ہوجاے
لبہائی می آلود سے گلگون ہوجاے

جب پردہ نشین یاد تری آتی ہے
مُنہ ڈہانپ کی بہرون مجہی رُلواتی ہے

صدمون سی ہوا سینہ یہہ پکا پھوڑا | ہر سانس مین اک ٹہیس سے لگجاتی ہے

ایضاً

کب چرخ سے فریاد رسی آتی ہے | افغان میری منہ اور بہی سی آتی ہے
مین شبکو نہ روون تو سحر کیونکر ہو | رونی پہ میری سبکو ہنسی آتی ہے

ولہ

جوہر ہے اگر فرد تو کیا عزت ہے | کچہہ عرض کی حاجت نہین جو ذلت ہے
اندازۂ تقدیر ہے معلوم ہمین | ملجائی تو قسمت نہین ہی قسمت ہے

در یاد کافرۂ منصرہ

جب بنکے طبیب وہان رسائی پائی | پیتے ہے دوا اور اونہین قی آئی
اس چرخ کا یہہ تازہ شگوفہ دیکہو | عیسے نے مسیحا کو زمین دکہلائی

در ہجر یگانہ دلسوز اخی مولوی عبد الکریم سوز خلف مغفور صہبائی داغ ناصیہ شہادت بر نائے

وہ ایک مہینے کے لیئے کیا بچہڑے | جو اوٹہہ نہ سکے حادثے وہ مجہپہ پڑے
جنبش نکریگا یہہ مہینا صد سال | ای چرخ عجب پیچ سے ہفتے جگڑے

ایضاً

جو چہٹ نہ سکے وہ آج چہوڑا ہمنے | میخواری کی سامان کو توڑا ہمنے
جاتا ہے کوئی خیالِ لذت توبہ | دامان ترا آخر کو نچہوڑا ہمنے

ولہ

برسات قلق مجکو بھلا کیا خوش آئے
گر ایک قدم چلیے پھسلیے سو جائے
کہنہ در و دیوار گرے پڑتے ہین
ابر آکے نکیونکر میرے گھر مین گھر جائے

ایضاً

ہر سانس مین منہ کو ہے جگر آتا ہے
اس ضبط سی دل سینہ مین تھرآتا ہے
کسطرح ترا ناوکِ مژگان بھولون
یاد آتی ہی اک تیر سا لگ جاتا ہے

ولہ

یہ دولت و مال خاک ہو جائینگے
ہر حالت و حال خاک ہو جائینگے
کیا ذلتِ افلاس و غرورِ دولت
یہ خواب و خیال خاک ہو جائینگے

ایضاً

منہ تیری رخِ شوخی موڑ و نمین ہے
اس کشمکشِ یاس کو توڑ و نمین ہے
قبضہ مین تیری ہون نہین جرأت لیکن
چھٹ جائی جو دل تجکو نچھوڑ و نمین ہے

ولہ

کیا طبع سوی ظلم و ستم مائل ہے
ہے خوف کی جا آپکا کیسا دل ہے
کچھ رحم ہے تو قتل ہے کیجے لیجے
بیرحمیون سی کار قلق مشکل ہے

ایضاً

ہر چند تیری تازہ خریدار رہت ہین
کیا چاہئین اب یار کہ اغیار رہت ہین

پر یاد رہی میری بہی غمخوار رہت ہین
غرفہ سی مری تاک مین طرار رہت ہین

نایاب نہین ایسی طرحدار رہت ہین
گلزار وفا مین گل بیخار رہت ہین

کاشانۂ حسرت مین اب اوس شمع کو لاؤن

خاکستر پروانہ تجھے جس سی بناؤن

وہ اوسکا سراپا ہو کہ دیکھا یہ سنا ہو
کانون مین جو پڑجائی تو آنکھون سی ادا ہو
پوشاک ہو وہ تنگ کہ غنچہ بھی قبا ہو
اور رنگ کا وہ رنگ کہ تو پسکے حنا ہو
آواز مین وہ سحر کہ اعجاز فدا ہو
اور ناز مین وہ شکل کہ معشوقِ خدا ہو

دامن کی چڑھائی مین بھی پیدا ہو لگاوٹ
بگڑی بھی تو اسطرح کہ گویا ہے بناوٹ

وہ سلسلۂ زلف کہ بہس جا بی رہائی
رخسار مین بھی آئینہ جبین پر ہو صفائی
پیدا گلِ ہر گوشمین سو عطر کشائی
بر پا ہر خارسی خورشید زدائی
ابرو کے اشارہ پہ چلے ہوش ربائی
اور دامن مژگان مین سما جای خدائی

آنکھون مین وہ جادو اگر اعجاز دکھائی
زہرہ کو فلک سے چہ بابل مین گرائے

ٹھوکر سے جو کشتونکو وہ ٹھکرا کی جلائے
اعجازِ مسیحا بھی قدم بوس کو آئی
ہر گام مین موج آبِ بقا کی اُمنڈ آئے
ہر نقشِ کفِ پا پہ خضر سر کو لگائے
سایہ بھی گری خاک پہ تو حشر اوٹھائے
گر حشر اوٹھے نقش کفِ پا سی دبائے

یون چرخ پہ ہر بات کو ہر دم وہ اوتارے
شیشہ مین پری کیا کہ مسیحا کو اوتارے

خود بینے کا بینے ہی سی نقشہ نظر آوے
اور نرگس بیمار عصا رکھہ کے بتاوے

وہ منہ ہو کہ قسم تک کو ذرا منہ نہ لگاوے
اور دورِ دہان سیم عدم مین نہ سماوے

براقیٔ دندان سی صفا برق گراوے
اور چاہِ ذقن غرقۂ یوسف کو ترا وے

گردن کی بلندی جو صراحی مین جھلک جاوے
سرشار سیم شرم سی ہو یہ کہ چھلک جاوے

ہو بحرِ لطافت کا برو دوش کنارا
مژگان مین تلاطم سا ہو گرتی ہی نظارا

یہ ذبح کرے جنبشِ بازو کا اشارا
وہ قتل یہ بسمل اوسی زخمی اسی مارا

انگشتِ حنائی تپشِ دل کا شرارا
اور ساعدِ سیمین سی ہو سیماب ہے پارا

گر شمع پہ گر جائی کفِ دست کا سایہ
ہو صاعقہ پروانۂ سرمست کا سایہ

اور سینہ آئینہ ہو وہ چشمۂ مہتاب
ہون جسکی حباب آبزنِ دیدۂ پرخواب

وہ صاف شکم ہو کہ نہو قاقم و سنجاب
مخمل بہی جو دیکہی تو یہ چونکے کہ اوہے خواب

ہو ناف مین آبِ گہر حسن کا گرداب
اور ساقِ دل افروز ہو ایک شمعِ جہان تاب

القصہ سراپا مین سراپا ہو وہ آفت
ہو بیٹہنے مین فتنہ تو اوٹہنے مین قیامت

پہر اوسکو فسونہائی فاساری سکہالون
پہر شوق نئی ہو تجہے ارمان نکالون

وہ سحرِ محبت سی وفادار بنالون
پہلو سی اوٹہی جو مین تجکو بہی بٹہالون

ہر حسرتِ خوابیدہ کو خلوت مین جگالون
نظرون سی گراؤن تجہی اور لکہ اوٹہالون

ہر لحظہ نئی وصل کے سامان نظر آوین
تصویر یہی محفل کی تو آمان نظر آوین

ہو لطف اگر بزم مین تو بہی کہین آجاے
اور طرز سی تیری تجہی کہو یا ہوا وہ یا

پہر ہر قع کو بیساختہ یون چہر لیسی سرکاے
اوڑ جائین تیری ہوش تو دل تہام کی رہجاے

فریاد مین فریاد ہو اور ہای مین ہو ہاے
جان جانسی نکل جای اگر ہوش مین ہوش آے

ہو اہل تماشا کو بہی حیرت کہ یہ کیا ہی
بدحال ستمگر ہے کہین روز جزا ہے

برقع کو اوٹہاتی ہی زمانہ کو گرادی
محشر کو اوٹہادی تجہی خاموش بہٹہادی

گرمی نظر سی کچہہ عجب آگ لگادی
یہ حسن مع گرمیٔ ہنگامہ جلادی

حیرت سی مٹاکر تجہے آئینہ بنادی
جو مجہہ پہ گذرتی ہی وہ تجہہ مین ہی دکہادی

وہ جال مین تو آئی کہ رفتار کو بہولی
پہندی مین پہنسے طرۂ طرار کو بہولی

بل نکلی تیری زلف کا ہر ایک پی ہم
ابرو سی نکلکر تیری گردن مین پڑی خم

گرمی ادا سردیٔ مخملت سی بنی نم
اور درد مسیحائی لب کی ہو دوا سم

بنجائی یہ کچہہ جی پہ کہ دم دم مین ہو بیدم
ہر غمزہ سی فریاد ہو ہر عشوہ سی ماتم

چہرہ سی تیری رنگ اوڑی چاند نا ہوجاے
اندہیر ہو کچہہ ایسا کہ تو بزم مین کہوجاے

مستیٔ نظر دیدۂ میخوارسی اوڑ جائے
سو رونیٔ خم ابروئے خمدارسی اوڑ جائے

پرہیز حیا نرگس بیمارسی اوڑ جائے
انداز ستم نازِ جفاکارسی اوڑ جائے

آزار جہان غمزۂ خونخوارسی اوڑ جائے
ہنگامہ فزائی تری فتارسی اوڑ جائے

تو ایسا پریشانیٔ خاطر کے قرین ہو
نظارہ کہین دھیان کہین ہوش کہین ہو

ہونٹون پہ تیرا ہاتھ تو دل سینہ سی باہر
ارمان ہون تیری جانمین جان لب پہ ہو مضطر

دامن مین گرین اشک تو ہر اشک ہو اخگر
ہو درد جگر مین تو جگر نوکِ مژہ پر

بیتابی وحیرت سی رہی مضطر و شدہ
کیا میری کہ ہو اپنی بھی قابو سی تو باہر

بیتابیون کی عذر کو تو پاس اگر آئی
بس ایک ہی چلدر مین دنیا سی گئی رجائی

پہر ہنسکے کہے وہ کہ چلو ہوش مین آؤ
ہی تازہ ملاقات ذرا منہ تو دکہاؤ

کیا بات نہ ملنے کے ہے نظرین تو ملاؤ
جاتی ہی رہی ہاتھ سی اتنی بہی نہ جاؤ

بیچین ہو کیون اتنی بتاؤ لو بتاؤ
مین دل نہین عاشق کا مجہی تو نہ اڑاؤ

معشوق ہو فرمایئ عشاق ہین کتنی
مشتاق ہین بتلایئ مشتاق ہین کتنے

دلکش ہی ہر انداز ہر ایک ناز مقرر
جب سامنی تم آؤ تو قابو کسے دلپر

گیسو مین وہ نکہت کہ صبا چلتے ہی تھکجہ
رخ پر وہ صفا کہ نگہہ کہاتی ہی ٹھوکر

ترا دامن مژگان ہی نہین شرم سے کیسہ | گردن کا اوٹھانا ہی نزاکت سی ہی دوہر

بی شبہ ہی دل خلق کا کاکل پہ گران بار
ہان چین بجبین ہی شکن طرۂ طرار

منہ پھیر کے گہہ کہوے کہ اللہ ری نخوت | کیا ختم ہوئی حسن کے سب تم ہی پہ دولت
کیا لعل جڑی ہین کہ نہ دیکھی کوئی صورت | بس دیکھہ لیا اہل تمنا کی ہی شامت
قربان کیا تہا بہ سلیقہ یہ طبیعت | اس شکل پہ اور چاہنے والون سے ہی نفرت

منکو تو ذرا ڈالو گریبان مین تم اپنے
بس ڈوب مرو جاوز نخدان مین تم اپنے

گیسوی دراز ایسی کہ طومار قضا کیا | وہ ابروی خوش خم کہ فلک ہی دوتا کیا
سو ہان دل و جان ہی ادا اس سی سوا کیا | ہی حال بُرا خلق کا خوبی مین رہا کیا
جس دلمین ہو تم دغدغۂ رنج و بلا کیا | ہو ذکر جہان آپ کا محشر کا گلا کیا

نظارہ سی اس وضع کی خوف آتا ہی ہے
ہر شخص اسی وجہ سی مرجاتا ہی ہے

القصہ وہ لی چٹکیون پہ چٹکیان بسیہم | تو چیخ اوٹہے کہوے خداوند دو عالم
فریاد کہ تہی ہم ہی کہے تو خوش و خورم | کیا گردش قسمت ہی کہ اب دہ نرہی ہم
بیحرم محبت ہی کیا چرخ نے ملزم | کیا خاک جیی کوئی میرا ناک مین ہے دم

بس بس میری اللہ نہ اتنا ہی گھٹونمین

محفل سی اوٹھون جبکہ جہان سے ہی اوٹھونمین

ای چرخ ستم ہی کہ ستانیکو ہمین تھے
کمبخت تیری نازاوٹھانیکو ہمین تھے

یہ اشک ان آنکھونسی بہانیکو ہمین تھے
اس آتش حسرت کی جلانیکو ہمین تھے

یہ حادثہ سخت اوٹھانیکو ہمین تھے
اس بزم مین کیا جانسی جانیکو ہمین تھے

جو حادثہ اسوقت ہی کس وقت ہوا تہا
معشوق ہی عاشق کی لئی کوئی موا تہا

دیکھون یہ تیرا حال جب ای دشمن الفت
یاد آئی جو رسم اگلی تو آجای محبت

وہی میری وفا مجکو ہی خود طعنہ غیرت
لون اپنی ہی گردن پہ تیرے سارے ندامت

مرہم ہوئی زخم جگر عذر مروت
پہر شکوہ نرہوی کوئی باقی نہ شکایت

آخر کو گلے سی تجھے ناچار لگا لون
پہر جان وجگر کو وہی آزار لگا لون

اور روبرو بٹہلا کی کہون دیکھہ میرے جانان
دشوار تہا جسکو وہ مجھکو ہوا آسان

یعنی جو کہا اوسکا دکہایا وہی ساماں
آخر تو ہوا کیسا پشیمان سا پشیمان

آوارہ کیا آپ کو اور مجکو پریشان
اب سحر بیانی پہ تو لایا میری ایمان

وہ نظم محبت مین دل آویز سبق ہون
بیچین کیا تجکو ہی آخر تو قلق ہون

تمت

مرثیہ امام ہمام حسین ابن علی ابن ابی طالب علیہ السلام

جب صبح کربلا مین دھم کی ہوئی نمود
جائی شفق فلک سے عیان تہا ہجوم دود
گرنا نگاہ نور سی تہا مہر کا صعود
ہر ذرہ خیرگی سے تہا خال رخ ہنود

تہا نور دور مہر سے اور مہر نور سے
خود کو ٹٹولتا تہا ہر ایک قرب دور سے

ہر ذرہ مین تہا نور نہ تہی نور مین ضیا
خورشید مین نہ سایہ نہ سایہ مین تہی صفا
لمعان تہی نظر مین نظر مین تہی فضا
شعلہ مین تہی تاب نہ تہی تاب مین جلا

نور نگاہ سایۂ مژگان سی تہا نفور
اور تہا ادہر اشارۂ مژگان کہ دور رو

وحشت کا جوش باد سحر مین کہ الامان
خار دماغ بو گل تر مین کہ الامان
تیغ بہار شاخ شجر مین کہ الامان
بی روئی یہ نور نظر مین کہ الامان

داغ نظر تہا نور مکدر نگاہ مین
تمیز تہا نہ چرخ کو خورشید و ماہ مین

وقت سحر اعادۂ شب کا ہوا گمان
خورشید کی نکلنی بی چہپنی کا تہا سمان
جوشی نظر کے سامنے آئی سو ایکبان
ہر سو عیان تہی شکل تباہی نہان نہان

کہتی تہی صبح شام سی پردہ نہ اب وہی
اچہا تو ہو جو تفرقہ روز و شب مٹی

یہ تہلکہ زمانے مین یکبارگے ہوا
پانی مین خاک خاک مین جاکر چھپی صبا
اور کوہ زیرگاہ کمین گیر ہوگیا
رفعت نی کی حضیض کے دامن مین اب جا

دنیا و دین و عزت و دولت بدل گئے
اپنی جگہہ سی اپنے محل سی نکل گئے

افسوس ہی کہ آج مدینہ ہی غرقِ خون
نوحِ عرب عجم کا سفینہ ہے غرقِ خون
خیرالبشر کے جان وہ سینہ ہی غرقِ خون
اور سعی فاطمہ کا پسینہ ہے غرقِ خون

چرخ و زمین تمام ہے کون و مکان اخیر
ہی وقتِ عصر دورۂ آخر زمان اخیر

گرتے ہین آج مسجد اقصے کے اب ستون
اب ہوتی ہین ثوابت و سیارہ سرنگون
اب آسمان سی اوٹھتا ہی تاریک ابرِ خون
اب ہر ملک کو ہوتا ہی سرسام سی جنون

نورِ نگاہ اب کوئی دم مین فنا ہوا
اندھیر سے کہیگے تجلّے یہ کیا ہوا

امید آج خون ہے اور آرزو تمام
ہر سعی کا اخیر ہے ہر جستجو تمام
درِ صفا و نور کے ہے آبرو تمام
ہر وصف کا ہی خاتمہ ہر گفتگو تمام

ہیہات جانِ ختمِ رسل کا ہے خاتمہ
بیتاب مرتضےٰ ہین تو بے چین فاطمہ

اب کوئی دم مین خاک کو آتا ہی زلزلہ
محور سے آسمان کو گراتا ہی زلزلہ

ہر فتنۂ قضا کو جگاتا ہے زلزلہ | زیر و زبر جہانکو سولاتا ہے زلزلہ

ہستی و نیستی کا اِک انجام دیکھنا
ہر نقش بے ثبات کو بے نام دیکھنا

ہلجائی گی زمین لرز جائیگا فلک | تا حشر اپنی جا پہ نہ پھر آئیگا فلک
مثلِ غبار چرخ سے تھرائیگا فلک | پہلے ہے اپنے رنگ سے اوڑ جائیگا فلک

گرتے فلک کو دیکھہ کے ہٹ جائیگی زمین
مانندِ برگِ کاہ اولٹ جائیگی زمین

کعبہ سیاہ ہوویگا زمزم کو ہوگا جوش | ہر ایک فرشتہ عرش کا ہوگا سیاہ پوش
برپا لحد سی فاطمہ کے ہوگا وہ خروش | سامع کو ہوگا بیخبری کی سوا نہوش

فریادِ اہلِ بیت سی ہوگی قضا خجل
تسلیم سے ہمیشہ رہیگے رضا خجل

ہنگامہ صد ہزار کا مظلوم پر دریغ | ظلم و ستم کا حادثہ معصوم پر دریغ
سب کے نگاہ کشتنِ مغموم پر دریغ | یہ ظلم اور قبلہ مخدوم پر دریغ

ہو کیون نہ حشر سبط پیمبر کا سامنا
یہ سامنا ہی دادرِ اکبر کا سامنا

پوری نہ پڑہ چکے تہے نمازِ سحر امام | نقارہ کوب معرکہ مین آئی فوج شام
گبر و یہود میسرہ و میمنہ تمام | تہے قلب گہ مین ذلت و ناموس و ننگ و نام

چاروں طرف سے حملۂ خرس و کلاب تھا
اور درمیان میں خیمۂ عالیجناب تھا

دیکھی یورشِ جوشاہ کی رفقا نے ناگہان
آگھیرا خیمہ گاہ کو اعدا نے ناگہان
مُنہ پھیرا شہ سے اہلِ مدارا نے ناگہان
گھبرایا اہلِ بیت کو غوغا نے ناگہان

اُدھر ان جاں نثاری کو چاہا ہر ایک نے
اُدھر آقا سی حق گزاری کو چاہا ہر ایک نے

اوٹھی پئے قتال شجاعانِ حیدری
بائیں تھی خیبر افگنے دائیں تھی صفدری
خالی تھی ایک حملہ میں جو صف کہ تھی بھری
قدموں پہ تھرتھرا کے گرا چرخِ چنبری

دم توڑتے تھے تیغ تو تھا سہم تیر پر
وہ ہی بچا کہ جسکے قضا ہو گئے سپر

صف پر گرائی صف سرِ میدان کھڑی ہوئی
اوٹھا نہنگ و شیر کا غل جس طرف پڑی
آیا نظر پہاڑ جدھر کو ذرا اڑے
پر لڑنے سے حصول مقدر نہ جب لڑی

آخر تصدقِ سرِ شبیر ہو گئے
اعمال نامی امتِ عاصی کی دھو گئے

سب کٹ گئی جو تازہ نہالانِ مصطفےٰ
غم سے خمیدہ پشت ہوا سرو کا تھا
بھائی موا بھتیجا موا اور پسر موا
ہے ہے وہ ایک دل کہ بہتّر کا داغ تھا

یارا رہا نہ شاہ کو صبر و ثبات کا

کہہ کر اوٹھے اب آسرا ہی تیری ذات کا

اول بسوئے قبلہ مناجات کیے ادا
ای قادرِ ضعیف نواز و ستم گزا
توسا تہا مسیح کے جب دار پر چڑہا
ہمدرد تہا دو نیم جو زکریا کو کیا

یا رب میرا حسین یہ جب دم شہید ہو
ہو امتحان قبول کہ تا مجھکو عید ہو

یہہ صبر یہہ ثبات میرا حوصلہ نہتا
تو ہی تہا اور کوئی سہر قافلہ نہتا
سمجھا کہ تیری رای پی یہ فیصلہ نہتا
گر دو جہان ملتی تو میرا صلہ نہتا

اب گہر لئے کہ خیمہ جلے کچھہ نہیں گزند
کہتا ہے کیا گرہ ہی کمر میں ہوں کا بند

بندہ کی کیا مجال تیرا فضل چاہیئے
ہر دم ہر ایک حال تیرا فضل چاہیئے
سب پوچ ہی خیال تیرا فضل چاہیئے
ای رب ذوالجلال تیرا فضل چاہیئے

راضی اگر رضا پی ہو انسانِ بی پناہ
لنگر بنی جہاز کا طوفانِ بے پناہ

پر عاقبت بسر ہی ہوں گر ضعیف ہوں
بی یار و بی دیار نزار و نحیف ہوں
تیرا ہی ہی یہ نور مین خاکِ کثیف ہوں
ایسا نہو کہ لغزشِ پا سی خفیف ہوں

مجھہ مین رہا ہی کیا کہ فقط تیرا نام ہے
مرنے سے پہلے ابن علی تو تمام ہے

سینہ تو رنج عون و محمد سے چھد گیا
عباس کے جدائی سی بازو ہوئی جدا
قاسم نی رن مین گر کے کیا پشت کو دوتا
اکبر نے صاف نورِ بصارت کو کر دیا

اک دل رہا سو اوسمین رفیقون کا شین ہے
زندہ ہے تیر احکم کہان اب حسین ہے

عباس جب چلے تو ہوئے مرتضےٰ وداع
شکل نبی کی ساتھ ہی تھی مصطفےٰ وداع
قاسم نی رن مین جا کی حسن کو کیا وداع
اصغر کے ساتھ ابن علی ہو گیا وداع

گہرا لٹ گیا نبی و علی کا تمام حیف
مر کر حسین زندہ رہا بہر نام حیف

تو منتقم ہے دار کا تجھ پر مدار ہے
جو کچھ عیان ہی اوسکا تو ہی رازدار ہے
ہر چند صبر و ضبط کو مجھسے قرار ہے
پر دردمند ہو نا بشر کا شعار ہے

غربت زدہ حسین بہت ناصبور ہے
سیدانیون کو سونپتا ہون تو غیور ہے

آئی دعا کی بعد بس اب سوئی خیمہ گاہ
برہم حواس و ہوش تو بکھری ہوئی نگاہ
شور رضینا لک تو سینہ مین جوش آہ
آتی ہی دی دعا کہ خدا کی تمہین پناہ

دیکھو ذرا نہ خیمہ سے باہر تم آئیو
اس خاندان کی عصمت و عفت بچائیو

نذرِ ازل یہی ہمتو شہادت کی واسطے
یہ سر رہا اختتامِ رسالت کی واسطے

سب کچھہ کیا قبول شرافت کیواسطے
تم ہو خصوص عصمت و عفت کیواسطے

یونہین قنات خیمہ کے در پر ازی رہے
میدانمین میری نعش اگرچہ پڑی رہے

ہے آج خاندان رسالت کا کسکو پاس
بے وارثون کی عزت و حرمت کا کسکو پاس

سب پردہ ہین شرم و حمیت کا کسکو پاس
سب بیحیا ہین مستر سیادت کا کسکو پاس

عریان نہونا چادر تطہیر سر پہ ہے
تم جاننا کہڑا ہوا شبیر سر پہ ہے

یہ سنتے ہے جو شور اوٹھا خیمہ گاہ سی
دل قدسیونکے ہلگئے بیو ونکے آہ سی

کرسی و عرش آئی نظر بے پناہ سی
شبیر سرنگون ہوئے ذکر تباہ سی

کہتی تہین شہ سی ہمکو یونہین چھوڑ جاؤ گے
سب آسرونکو توڑکے منہ موڑ جاؤ گے

زینب نی کی یہہ عرض کہ بہیا ہمین کو دیکھہ
کونی کو دیکھہ اور ہمارے وطن کو دیکھہ

بے وارثی کو اور ہماری چلن کو دیکھہ
غربت کو دیکھہ اور میری رنج و محن کو دیکھہ

عابد مریض و بانوی مضطر قریب مرگ
جیتی رہی ہی آجکو مین بی نصیب مرگ

ٹلتی نہین ہو ضد سی تو بچون کو ٹال دو
رانڈ و لسی گہر بہرا ہی انہین تو سنبھال دو

صغرہ تڑپتے ہوگی اوسی دیکھہ بھال دو
در گور زندہ مجکو مدینہ تو ڈال دو

اور ہی کہین چلو جو مدینہ نہین نصیب
رونا تو ہمکو بیٹھکے ہوگا کہین نصیب

بہنیا تمام چاہنے والون کو رو چکے
کمبخت ہون کہ گود کی پالون کو رو چکے
سینہ ہی داغ داغ کہ لالون کو رو چکے
باغ علی کی ساری نہالون کو رو چکے

سُنسان ہی جہان بہرا گہر کیا نثار
قربان جاؤن سب ہی کو تہ پر کیا نثار

چوڑی مین رو رہی ہون بہرا گہر کدہر گیا
قاسم کہان گیا علے اکبر کدہر گیا
عباس نوجوان برادر کدہر گیا
رقعای جان نثار کا لشکر کدہر گیا

آنسونکا داغ کم نہین رونیکے واسطے
طوفان ہی سوا ہے ڈبونیکے واسطے

تم بہے چلے تو آئے قیامت ہوی اسیر
سیدانیونکی ہوی گی کیا کیا نہ دار گیر
ابتک تو کچھہ تہے آبروی عترت اسیر
پہر تو نظر مین سب ہے کی ہو جائینگے حقیر

لاکہون طرح کے صدمے اوعابد کی ایک جان
اوجڑونکو کیون اوجاڑ ہی بہنیا خدا کو مان

بانونی دست بستہ یہ کی شہ سے التماس
ہی عرض گر قبول ہو یا شاہ حق شناس
ہون غیر کہونکو تمہاری ہی ہی پاس
ہی میری زندگی کا فقط آپ پر اساس

کیجے دعا کہ ہوا بہی قصہ میرا تمام
وارث بغیر زندگی عورت کی ہی حرام

فرمایئ کہ کون میرا بعد آپکے
مین اور ہجوم رنج و بلا بعد آپکے
جینے کا کچھہ نہین ہی مزا بعد آپکے
کیا آئی آئی بہی جو قضا بعد آپکے

مرجاؤن کاش صدقہ ابن رسول مین
ڈہک جایئ میرا پردہ طفیل بتول مین

بولی رباب کون سی کل اب بناؤنمین
کنبا ہوسا تہ اور مدینہ کو جاؤنمین
چہپ جایئ میری شکل جو تمکو نپاؤنمین
بختاوری نصیب کے کیا منہ دکہاؤنمین

کیا چہوڑنیکو لائی تہی ایسی جو چہوٹ چلے
قربان یہہ گہڑی کہ سب ارمان لٹ چلے

اب سب کا پردہ پوش دکہاؤ تو کون ہے
لیجایئ جو ہمین ادسی لاؤ تو کون ہے
اپنا سوا تمہاری بولاؤ تو کون ہے
محمل کی ساتہ میری بتاؤ تو کون ہے

شہ نے کہا کہ جسم کا تہا کربلا مقام
اب سر رہیگا ساتہ محافہ کی تا بشام

آئی سکینہ اتنی مین حضرت کی روبرو
رخصت کی حیص بیص کے سن سن کے گفتگو
نمناک چشم ہو کی لگے کہنے نیک خو
ابا جی تمکو جانی نہین دینگی ہم کبہو
عمو نکی طرح تم بہی چلے جاؤگی کہین

صورت کے دیکھنے کو ہے ترساؤگی کہین

امّان بہی چچی کو رولاتی ہو ہای ہای
گہرام ساری گہر مین مچاتی ہو ہای ہای
بہلانیکو گلے سے لگاتی ہو ہای ہای
دامن تم اپنا مجہسے چہوڑاتی ہو ہای ہای

دامن کبہی نچہوڑونگی کتنا ہی تم چہڑاؤ
مجہکو نہ لیچلو تو چچا کو بولا کے لاؤ

شہ نے کہا پکار کے زینب سی ای بہن
آخر رضای حق مین ہی ہیں ہر سخن
اس خاندان کا صبر ہمیشہ سی ہی چلن
ہین واسطے ہماری ہی دنیا کی سب محن

تم صابرہ کے بیٹے ہو درکار صبر ہے
لازم ہے صبر حصۂ ابرار صبر ہے

گہر بہی جلگا قتل ہے ہونگے لئین گے ہم
اوسکی رضا مین کسکو ہی دم مارنیکا دم
گردن جہکے ہے اور نہین ابرو مین پیچ و خم
راضی ہین ہم رضا پہ کچہہ اصلا نہین ہے غم

بہاری کرو نہ دلکو سبکدوش ہی حسین
فریاد یہ تیری ہی کہ خاموش ہے حسین

دنیا ہی کون کام نہین کائنات سی
ہم تشنہ جان سیر ہین آب حیات سے
فارغ ہین اضطراب حیات و ممات سے
ہر آن مین علاقہ ہی اوسکی ہی ذات سے

ہمتو ازل کی زوری ہر دم رہی شہید
آیا نہین کبہی بہی محرم مین روز عید

عابد گرے قدم پے کہ اے شاہ بحر و بر
اکبر ہوا شہید کہ تنہا مجھسے خورد تر

کچھہ غور ہو تو جای ندامت ہی کس قدر
ہر چند ہون مریض ولی اذن دو اگر

رن کی زمین کوتہ و بالا ابھی کرون
جی جاؤن گر تلافی حضرت مین میں مرون

فرمایا جانشین امامت ہی کون پھر
حلال مشکلات شریعت ہی کون پھر

چشم و چراغ بزم رسالت ہی کون پھر
نقش نگین مہر نبوت ہی کون پھر

اسرار انس و جان کی تم ہی تو کلید ہو
ہو جاؤ تم شہید تو کعبہ شہید ہو

سمجھا کی سب کو شاہ نی خاموش کر دیا
پہر خلعت رسول کو زیب بدن کیا

پہنی زرہ مثابہ حمزہ سر قبا
لی ذوالفقار زیر بغل مثل مرتضا

دستار مصطفےٰ جو ہوئی زیب فرق نور
ہیبت یہ کہہ رہی تہی اجل سامنے سی دور

یون آئی خیمہ گاہ سی پر قہر شاہ دین
جسطرح سے نیستان سے بڑہی ضیغم عرین

زیر و زبر زمانہ ہوا دیکھکر جبین
خنجر تہا سوار عرش تو عیسے سر زمین

یہ چہرہ پر جمال جلال جناب تہا
جس سمت پر نگاہ پڑی آفتاب تہا

پاگاہ سی سمند ادہر آیا ہوکے زین
ہر ہر قدم کے نقش سی پیدا ہزار مین

سایہ کو اپنی دیکھہ کے چمکا جو کچھہ کہین — سمٹنے لگا سپہر سمٹنے لگے زمین

بدلی ہوئی کنوتیان اوبلی ہوئی نگاہ
کہتے تہین اب نہین ہی کیکی کہین پناہ

قربان تہا ہلال اگر نقش نعل پر — سرعت کو سجدہ کرتا تہا ہر گام پر قمر
ہر گردِ جستہ چشم کواکب کی تہے نظر — تیور سے اوسکے رعد کا پر آب تہا جگر

ناگاہ لعل سی جو شراری ہوئے بلند
ہر برجِ آتشین سے ستاری ہوئے بلند

کس دھوم سی چلا ہی وہ جبہان سی چلا — سرعت شکستہ رنگ تہے جرات گریزپا
شعلہ لپک کے چادرِ قلزم مین جا چہپا — دامانِ سنگ ڈہونڈتی پہرنے لگے صبا

مغرب سی ہٹ کی جانب مشرق جو کچھہ ہا
سایہ پلٹ کی سینہ گردون پہ جا چڑہا

سایہ سی اوسکی شمس و قمر گردِ بردِ نور — ظل ہما غبار کا اوسکے فروغِ دور
طلعت سی اوسکی ناز فزا عالم ظہور — تہا عرش اوج مین تو تجلی مین کوہِ طور

درِ صفا و نور کے ایک موج آب تہا
ہر گام اوسکا چشم کواکب مین خواب تہا

اصطبل مین براق و غا مین ہزبر تہا — سرعت مین تہا نشاط تو حملت مین ابر تہا
چلنے مین تہا نسیم تو رکنی مین ابر تہا — بڑہنی مین تہا امید تو تڑپنے مین صبر تہا

اسرارِ غیب کھلنے مین بند ہنی مین تھا خیال
گو دیکھنے کو خواب تھا پر فہم مین محال

آنی مین وہم جا نمین ہوش و حواس تھا
ہر قید سی تھا دور اشارہ کی پاس تھا
بڑھنے مین یہ شکوہ کہ اعدا کی پاس تھا
اور رُکنی مین تڑپ کی شہید نکے دپاس تھا

روندا زمین و چرخ کو یہ آؤ جاؤ مین
خورشید و دزہ تلنی لگی ایک بہاؤ مین

ہلتا تھا ہر مکان و مکین اوسکی دہاک سی
برہم تھی ہر کمند و کمین اوسکی دہاک سی
شمس و قمر تھی خاک نشین اوسکی دہاک سی
سر ور ہوا سپہر و زمین اوسکی دہاک سی

جب شمس جہات اس سے نہ سبقت لے جا ہوئین
چارون طرف لپٹ کی فنا ایکجا ہوئین

آیا جو سوئی دشت نیستانمین شعلہ تھا
کچھ جست کی تو دامن گردونسی جا لگا
اوٹھنی مین تھا لپٹ تو جھپٹنے مین صاعقہ
اور گردسی غبار سی صرصر کا حوصلا

سایہ چمک کے خرمنِ صد برق بنگیا
ہر ذرہ مدعیٔ انا الشرق بنگیا

لرزان تھا اس عقاب سی وحش و طیور تک
رفتار شیر چل نہ سکی پائے مور تک
پامال خاک و خون تھی ضیا دد و دور تک
پیچھا نہ دیکھتے تھے صبا پھر کی ڈور تک

تھرا رہے تھے ایسے بد اطوار و بد خصال

کہتے تہے آپ یوسف کنعان کا گرگ حال

گذرا چمن کے سمت تو گل اور ہی کہلا
سرعت سی بند دم تہا روانی نہر کا
خجلت سی کی صبا نی تہ سنگ اپنی جا
گلگون تنی سی اوسکی گلستان ہوا ہوا

دیکہا تو رنگ گل مین ذرا ہی چمک تہے
بو کیا کرے دماغ کہ اصلا مہک نہ تہے

چمکا ذرا جو جنبش سبزہ سی ناگہان
بو ہو کے رنگ گل مین نظر آیا بیگمان
وان سی اوڑا تو نشو و نما ہو کی تہا عیان
القصہ برگ و بار مین چل پہر کے خوش عنان

اہل نظر کا لذت کام و زبان تہا
لذت سے جست کی تو روانی جان تہا

غوغا ہوا محیط جو اوسکے شباب کا
ہیبت سی جی بہر آیا ہر ایک موج آب کا
پانی ڈہلا جو خوف سی چشم حباب کا
گرداب نیل ہو گیا دامن سراب کا

یکبارگی ہوا یہہ تلاطم مین اضطراب
کشتئے نوح ڈوبتی پہرتا تہا ہر حباب

ہر سیل آب غارت پامال ہو گیئے
ہر جوئی دشت صورت غربال ہو گیئے
ہر موج در ہمی کی لیئی جال ہو گیئے
ہر شکل قطرہ رعد کے تمثال ہو گیئے

آوارگے تباہ تہے خوف ہلاک مین
ماہی مین تہا نہنگ تو ماہی تہی خاک مین

دریائے شور اوٹھتے ہے یہ تیز ہوگیا
قطری اوڑی تو اور بھی مہمیز ہوگیا

ٹھہرا کے آسمان و زمین ریز ہوگیا
پیمانہ سبکے موت کا لبریز ہوگیا

صورت لرز رہی تھی یہ طوفانِ نوح کی
ہر موج دست تو بہ تھی عجزِ نصوح کی

دریا کو اس سی بچنی کی پائی نہ کوئی جا
گہہ کوہ پر چڑہا تو کہیے خاک پر گرا

گہہ بہر امن بیخ نباتات میں چھپا
وہان بھی نہ پایا امن تو پھر خاک میں ملا

پھر خاک سی بخار ہوا اور مآل کار
باران بنا اور اوس سی بنا دُرِ ثمار

برّاقیت سی اُسکے ہوا آبِ جو سپید
چشمِ سیہ سے آبِ خضر تھا فنا میں قید

نظر و نسی اسکی موج لرزنیکو نا امید
تیور میں اوسکی لطمۂ طوفان کے نوید

گرداب کی جو گرد تھی گردِ سم سمند
سورا خِ مور میں ہوا طوفانِ نوح بند

پہنچا سوئی فلک تو ملک صاف اوڑ گئے
خورشید و ماہ چھپ کی تہ قاف اوڑ گئے

مجہول ہوکے عقل کے اوصاف اوڑ گئے
لوح و قلم سے معنیٔ انصاف اوڑ گئے

رفرف پہ جا چڑہا تو گرا عرش سرنگون
پلٹا ذرا تو عرش پہ تھا فرش سرنگون

صحرائی کائنات سے آگے نکل گیا
میدانِ شش جہات سی آگے نکل گیا

قیدِ حیات سی آگے نکل گیا | یہانتک بڑہا صفات سی آگی نکل گیا

ہرچند اس سی کون و مکان گرد بُرد تہا
پر یہہ بہی جوشِ خونِ شہادت کی گرد تہا

زچرخ ہر خرام مین صد بارہ پس گئے | کیا آسمان ثوابت و سیارہ پس گئے
ہوکر سپہر خوف مین آوارہ پس گئے | تابِ صدا و طاقتِ نظارہ پس گئے

کاوہ سی اوسکے کون و مکان تہے کمند مین
تہا یہہ بہی ایک معجزہ شکلِ سمند مین

اہلِ سقر خرام تگاور سے دنگ تہے | ہیبت سی بیم و یاس کے صورتی رنگ تہے
جنبش مین نیم کشتہ شکارِ پلنگ تہے | مجبورِ زندگے کے فراخی سی تنگ تہے

تہا شامیونمین شور یہ کیسی ہوئی صباح
دیکہا جو غور سے تو برآمد ہی ذوالجناح

پڑہتے ہے جاہد کوہوئی شاہ دین سوار | تہی گرد و پیش صبر و توکل کے چوبدار
کہتے بڑہے جلو مین ہدایت یہ بار بار | مجرا ادب سی ہوش سی ای قومِ نابکار

بوسہ دیا رکاب کو اقبال و جاہ نی
پکڑا شکار بندِ رضای الٰہ نے

موسیٰ عصا بدوش اگرچہ چوبدار تہا | یعقوب کی تہی ہاتہ مین فراکِ بادپا
اور نوح کی ندا تہی نقیبِ شہدا | اور حسنِ یوسفی تہا خواصی مین پیشوا

قرنا کو پھونکتے ہوئی داؤد ہتی روان
تہا بنی ہوئی تہی عیسے و ادریس سارباں

پہنچے جلو مین بڑہ کے اولوالعزمیٔ کلیم
اور جرأت خلیل بڑہے خادم قدیم
اوہٹی دعائی لوط اولٹ دینی کو جھیم
اور مصطفائے عرش کو کرنے لگے دونیم

آئی ہوئے اعلاد اوڑانے کیواسطے
اور موج جوش نیل بہانے کیواسطے

قہر خدائی عرض کی یا شاہ خوشخصال
روکے نہ مجکو صبر تو اب سب ہین پائمال
جاہ و حشم کا انکے نہ کچھہ کیجئے خیال
ایک ہی نظر کو پھیر کے دیکھو تو انکا حال

شہ نے کہا کہ ہمکو عنایت ہی چاہئے
امت سے کیا لڑینگے مروت ہی چاہئے

پھر آپنے بہ لطف و عنایت کیئے سلام
غصہ کو روک روک کی اور دلکو تہام تہام
یہ کیا کیا ہے کچھہ تو کہو اے گروہ شام
تمنے جو خاندان رسالت کیا تمام

وہ بات کہتا ہون جو کسی پر نہین عیان
تم بہی تو جانتے ہو کہ ہے یہ عیان

دیکھو فقط رسول خدا کے تہی چند یار
اور خویش و غیر دشمن جانی تہے صد ہزار
تہی سارے بت پرست خدائی مین مبتلا
اللہ رے صدق عہد کہ تہے کیسے استوار

ہرگز کیا دریغ نہ کچھہ مال و جان سے

ڈھایا ہے زورِ کفر کو کیسا جہان سے

گھر چھوڑ کر مہاجر و انصار رہے ہیں
جاہ و حشم لٹا کے خریدار ہی رہے ہیں

زندہ دلے سے مرنے پہ تیار ہی رہے
کیا یار غار ہیں کہ وفادار ہی رہے ہیں

یہانتک فنا ہوی تھی حوالئ رسول مین
ہنوائی اپنی قبر ہے پائے رسول مین

اور اہل کوفہ تھے میری ہژدہ ہزار دوست
ہو ہو کے دست بیع بنے راز دار دوست

ایک ایک تھا مبالغہ مین جان نثار دوست
اب ایک بھی نہین ہی بجز کردگار دوست

آج اپنا سر خدا و محمد کے ساتھ ہے
کل قوم پر دغا کی گریبان ہاتھ ہے

شکوہ اگر دروغ ہے اور یہ بیان غلط
دیکھو تو کسکے مہرین ہین اور کسکے ہین یہ خط

مسلم کے قتل کا مجھے شکوہ نہین فقط
میراث میری صبر ہے صد شکر ہر نمط

کیا ایک کا خیال کہ مین سبکو رو چکا
فوج خدا و گنج محمد کو کھو چکا

گو سود مند پند نہین اب ذرا تمہین
ایماندار ہوتے تو ہوتی حیا تمہین

ہوتا جو پاس سرور ہر دوسرا تمہین
آتا مرے ستانی سی خوف خدا تمہین

گو قتل میرا عین رضائے خدا ہوا
پر منصفے کا خون تمہین کیونکر روا ہوا

کل ہی کی یہ تو بات ہی کچھہ فاصلہ نہین
یہ بہی اگر دروغ ہے تو کچھہ گلہ نہین

مدِ نظر کچھہ اسکے بیان سی صلہ نہین
فوجِ یزید ہے یہ میرا قافلہ نہین

کوئی تو انمین ہوگی مردِ خداشناس
اظہارِ حق کریگا جو ایمانکا ہوگا پاس

گہیرا تہا فوجِ ظلم نے جب آنکر حرم
اور ہر طرف سی کرلیا زیرِ نظر حرم

محصور تہا محاصرہ مین سر بسر حرم
بادِ سموم تیز تہے اور ریگ پر حرم

یہہ دہوپ شعلہ خیز کہ اللہ کی پناہ
مرتی تہی ماری پیاس کے جتنے ہی یہ سپاہ

افراطِ العطش سی جوانان ہوئی تباہ
اور چہوڑ کر محاصرہ لی اپنی اپنی راہ

حُر آیا میری پاس بہت خستہ و تباہ
کی عرض آب چاہیئے اس شب مین بیشتر پگاہ

تابِ محاصرہ نہین اب فوجِ شام کو
معہ عفو کیجئے قصورِ غلام کو

حُر سے کہا گیا کہ عبث اضطراب ہے
پانی ہماری ساتہ ہی کارِ ثواب ہے

ناحق کا بندگانِ خدا پر عذاب ہے
کوثر کو ہم لٹاتے ہین کیا چیز آب ہے

جب آپ وہانپہ کوثر و تسنیم دینگے ہم
پہر نجل جامِ آب کا یہانپر کرینگے ہم

حُر ہر طرف نقیب کا تہا حکم عام ہے
فوجِ خدا مین آج تمہارا مقام ہے

سقے پکارتے تھے سبیلِ امام ہے
جی بھر کے خوب پی لے کہ لبریز جام ہے

ساغر چھلک رہی تھے تو مشکین بھری ہوئین
پر آب تھین صراحیان کوری دھری ہوئین

بیلے سبو و جام پہ یہ ٹوٹ کر پڑے
جیسے کہ برق قلزم و جیحون پر پڑے
یا گھوڑی پر تھے یا کہ سرِ خرم نظر پڑے
اور بہت سی تڑپتے تھے تشنہ جگر پڑے

ڈلوایا اونکے مونہہ مین گلاب و نبات کو
کچھہ پاس ہو زبان کا تو بھولو نہ بات کو

سب سے سلوک دل سی کئی جان کی طرح
پیش آیا شکل انس سی انسان کی طرح
خدمت مین تھا مبالغہ مہمان کی طرح
اور وہ بھی کیا بری ہے نہ احسان کی طرح

کسطرح سے مین اونکے اذیت کو دیکھتا
مہمان کو دیکھتا کہ مروت کو دیکھتا

اب وہی مین ہون وہی ہو تم نا خدا شناس
کچھہ خوف ہی خدا کا نہ کچھہ مصطفےٰ کا پاس
اب کیا کوئی جہان مین رکھتی کسی سے آس
حملہ ہی نہ ہزار کا اور تین دن کی پیاس

بچونکو میری قتل کیا تاک تاک کر
تشنہ دہان ساری تڑپتے ہین خاک پر

مین بھی شجاع ابنِ شجاعِ جہان ہون
روباہ ہونگی ہون موت تو شیر ونکی جان ہون
اس فاقہ مین بھی قبلۂ تاب و توان ہون
جنبش کرون تو زلزلہ آسمان ہون

دنیا کی سب حصار نہ تمسے اولٹ گئے
کشتون سے اپنے غار جہنم کے پٹ گئے

آئین جو ہم خوارق عادات پر ابھے
اک لقمہ برق و باد کا ہو خشک و تر ابھی

گر جائین آسمان سی شمس و قمر ابھے
تیغ جلال خلق کے ہو جائی سر ابھی

ہو جائی گر اشارہ شجاعت کے جوش پر
جتنی کھڑی ہو سر نکسے کے ہو دوش پر

پانی جو چاہین ہم تو ابھی ابر شش مطیر
ماری زمین مین تو اپ اسنڈائی جوی شیر

پر شیر جام سامنے لائے مہ منیر
اور لیکے آفتابہ خورشید دوڑی تیر

جنبش سی موج ریگ کی پر آب دشت ہو
پانی پہری زمین پی نایاب دشت ہو

تیغ و سپر کے زور پے اور مجھسے کارزار
پہیکون جو مشت خاک تو ہو جاؤ سنگسار

بدلون نظر تو یہ تہ و بالا ہو آشکار
دب جائین اپنی سایہ مین جتنی ہین یہ سوا

جو تیغ اوٹھائے اوسکے ہے حلقوم پر رہے
ہرگز نہ ظلم پہر کسے مظلوم پر رہے

پر کیا کرون کہ اوسکے مشیت ہی اور ہے
مجبور آپ ہونی مین قدرت ہی اور ہے

عمداً گلا کٹانی مین قدرت ہی اور ہے
یہ جنگ اور ہی یہ شجاعت ہی اور ہے

ماہی سی تا بماہ مراتب ہماری سن

سن لی تیری ہے جز تو مناقب ہمارے سن

آدم کے نسل مین ہے ہمارا خمیر نور
واقف نہین محل سے ہماری قریب و دور

ظل خدا ہین ہم ہے کہ ہین باعث ظہور
غیب الغیوب جانتی ہو جسکو ہی حضور

ہر مرتبہ ہمارے بلندی سی پست ہے
واجب کیا خدا کو ہمین نی کہ ہست ہے

ذات امام علم نبوت کا باب ہے
رمز ہدی و معنی ام الکتاب ہے

مین روشنی ہون دین اگر آفتاب ہے
اوسکا مین ہی جواب ہون جو لاجواب ہے

وہ شمع ہون کہ ہوتی ہی گل ہی جہان سیاہ
ظلمت سی شکل اپنی چھپائین گی مہر و ماہ

افسوس ہی کہ واقف اسرار تم نہین
اور بار یاب حضرت جبار تم نہین

راہ ہدی و حق کے طلبگار تم نہین
اور قدر دان احمد مختار تم نہین

جب مین نہین تو کچھ بھی نہین اس جہان مین
یہ بوریای باد ہے تہ ایک آن مین

مین وہ علم ہون سایہ مین جسکی ہی لا الہ
وہ تیغ ہون کہ جس سے کٹے کفر و کفر خواہ

ہون وہ ستون جو پشت نبوت کی ہی پناہ
وہ چیز ہون کہ سایہ مین ہین جسکے مہر و ماہ

دیکھو کسے گرانے ہو سایہ ہون عرش کا
گرتی ہی حشر آئیگا پایہ ہون عرش کا

وہ نور ہون جو شکلِ محمد مین تہا عیان
اور فاطمہ کے بطن مین چندی رہا نہان
پردہ ہوا جو صد سہی زیادہ اوسی گران
مجمین حسین ہو کی ہوا نامی جہان

اب فدیہ قبول جنابِ کریم ہون
ایجادِ کائنات کا اجرِ عظیم ہون

شانِ عجم یہی مین ہی ہون فخرِ عرب ہونمین
والا حسب یہی مین ہی ہون عالی نسب ہونمین
دنیا و دین کے دولت و اعزاز سب ہونمین
احسان کردگار ہون اور فضل رب ہونمین

اونہی ہی میری دولت و اقبال خاک ہے
انصاف و عدل و دین و دیانت ہلاک ہے

شمعِ حرم کا نورِ تجلے کوہِ طور
سایہ سی میری ہی ید بیضا ظہور کا
شمع و چراغِ بزمِ رسالت کا صاف نور
تفریحِ دشتِ قدس و سرورِ حرم ظہور

وہ درّۂ نشینِ محیطِ ظہور ہون
ظلمت زدائی شمعِ حرم گاہِ نور ہون

ہی ایک لقہ بخیر حکومت یہ احتشام
خاشاک ہی ہماری ہی گہر کا تو روم و شام
نعلین مین ہمارے ہے ہر شاہ کا مقام
در پر ہمارے صبح ہے ہر آرزو کی شام

ادنی غلام اپنی ہوی شاہ ایسی آگہ
کیا ایک بزید رانده درگاہ ایسی آگہ

سب پہ یہان ہی ناقہ صالح کی دار ہے
جب ذبح اوسکو کرنے لگے لوگ صفا

ایک ہی صدا مین اوسکی ہوا کوہ بی ثبات
آیا جو زلزلہ تو ہلے ساری کائنات

ربِ علا کا جوشِ غضب قہر ہوگیا
اولٹا نظر پلٹتے ہے ہر شہر ہوگیا

حیوان کے ہو قتل کا ایسا جب انتقام
آلِ نبی کی خون کے عوض مین کہی کلام
برسی گا خون عرش سی اور قتل ہوگا عام
اب بہی کہو پکار کے توبہ ہے یا امام

وسعت بہت ہے رحمتِ پروردگار مین
اس جبر پر ہے صبر ابہے اختیار مین

سمجہاتی تہی جو شامیو نکو شاہِ نامدار
بعضے تہے خوفناک تو بعضے تہی شرمسار
پنہان تہا کوئی منفعل اور کوئی آشکار
چلایا دیکہہ کر پسرِ سعدِ نابکار

کیا سن رہی ہو شاہ کی ترکی تمام ہے
جی چہوڑتے ہو ایک ہی حملہ کا کام ہے

انعام و جاہ و منصب و جاگیر لو ابہی
ہی عیش عمر بہر خطِ تقدیر لو ابہی
جانی نہ پائین کہینچ کے شمشیر لو ابہی
تاراج کر کے غارتِ شبیر لو ابہی

چار و نظر فسے ٹوٹ پڑی بیشمار فوج
اک شاہ بی پناہ تہے اور صد ہزار فوج

لی ذوالفقار شاہ نی بہر تو نیام سے
نکلے وہ برقِ شعلہ فشان ابرِ شام سے
تھرکل زبانِ تشنہ وہ یا ہر تہی کام سے
فریاد سر بلند ہوی خاص و عام سے

نکلے وہ کیا کہ جان ہی تن سے نکل گئے
ناگاہ روح سہم کے سن سی نکل گئے

قبضہ پہ ہاتھ پڑتے ہی اوٹھا جہانسی شور
پانوں پہ آ پڑا نہ دبا آسمان سی شور
باہر ہوئی وہاں سی زبان اور زبانسی شور
ظاہر ہوئے یہ نیام سی اور درمیان سی شور

ہر عقدۂ نقاب رخِ لافت کھلا
قدرت کھلے خدا کی علی بند کیا کھلا

نکلے وہ جب ذرا سے تو ساری سرک گئی
چمکے اس آب و تاب سی تاری سرک گئے
خورشید و ماہ ایک کنارے سرک گئے
عیسے خضر دہم کے ماری سرک گئے

نکلے تو ماہ چھوڑ کے ہالہ نکل گیا
گویا دلِ خموش سی نالہ نکل گیا

نکلے بغل سی ہٹ کے دل آرام کیطرح
چمکے کنارہ کر کے مہ شام کی طرح
دامن کشید یاس سی تھی کام کیطرح
اور گلے پڑی تھی شوقسی پیغام کیطرح

باہر نیام سے نکل آئے وہ اسطرح
پرواز اوڑ گئے پر عنقا سی جسطرح

کیبارگی نیام سی باہر جو آ گئے
خیرہ تھے مہر و ماہ نگاہوں کہاں گئے
سب بچھ گئی زمین پی حیرت یہ چھا گئے
ٹکرا گئے حواس نظر لڑ کھڑا گئے

انداز بیخودی سی خودی پائمال تھے

اللہ رے جمال کہ شان جلال ہے

نکلے جو یہ تو جن و بشر ہو گئے نہان
پھٹ پھٹ گئی زمین شجر ہو گئی نہان

مجروح ہو کے تیغ و تبر ہو گئے نہان
پامالیون مین سینہ دسر ہو گئی نہان

دامان رحم چہرہ پہ لیکر قضا چھپی
اور عافیت بھی گوشۂ مرقد مین جا چھپی

سرعت مین مدح و ذم سی سراپا کشیدہ ہے
سایہ سی اپنی طایر شاخ بریدہ تھے

اتنے سبک خرام کے خود ہی ندیدہ تھی
جسکے نظر پڑے وہی آفت رسیدہ تھے

اوصاف اوسکی لکھنے مین خامونکی سر کٹے
ہر بیت پر ملایک مضمون کی پر کٹے

بدست ہو کی گاہ بہکتے ہوئے چلے
گاہے سمٹ کی مشکتے مسکتے ہوئے چلے

بنکر جگر کے کور سکتے ہوئے چلے
پیچھے ہٹے تو اور لپکتے ہوئے چلے

پامال ہو کی نیستی ہستی کی سر ہوئے
ہل چل مین کایٔنات ادہر کے ادہر ہوئے

کھنچ کھنچ کے تہم گئے جو سر منکرین پر
لاشے تہ رکاب تھی اور سر تھے زمین پر

گاہی کرم فلک پہ کیا گہہ زمین پر
بوسہ دیا جناب کی گہہ آستین پر

کھنچتے رہے کہ قید شریعت ضرور تھے
دست امام مین تھی مروت ضرور تھے

نکلے وہ کیا کہ جان ہی تن سے نکل گئے
ناگاہ روح سہم کے سن سی نکل گئے

قبضہ پہ ہاتھ پڑتے ہی اوٹھا جہانسی شور
باہر ہوئی وہاں سی زبان اور زبانسی شور

پانون پہ آپڑا نہ دبا آسمان سی شور
ظاہر ہوئے یہ نیام سی اور درمیان سی شور

ہر عقدہ نقاب رخ لافتا کھلا
قدرت کھلے خدا کی علی بند کیا کھلا

نکلے وہ جب ذرا سے تو ساری سرک گئی
خورشید و ماہ ایک کنارے سرک گئے

چمکے اس آب و تاب سی تاری سرک گئے
عیسے و خضر وہم کے ماری سرک گئے

نکلے تو ماہ چھوڑ کے ہالہ نکل گیا
گویا دل خموش سی نالہ نکل گیا

نکلے بغل سی ہٹ کے دل آرام کیطرح
دامن کشید یاس سی تھی کام کیطرح

چمکے کنارہ کرکے مہ شام کی طرح
او گلے پڑی تھی شوق سی پیغام کیطرح

باہر نیام سے نکل آئے وہ اسطرح
پرواز اوڑ گئے پر عنقا سی جسطرح

یکبارگی نیام سی باہر جو آگئے
سب بچھ گئی زمین پہ حیرت یہ چھا گئے

خیرہ تھے مہر و ماہ نگاہیں نہ کھا گئے
نکرا گئے حواس نظر لڑ کہ آگئے

انداز بیخودی سی خودی پائمال ہے

اللہ رے جمال کہ شان جلال تھے

نکلے جو یہ تو جن و بشر ہو گئے نہان
پھٹ پھٹ گئی زمین شجر ہو گئی نہان

مجروح ہو کے تیغ و تبر ہو گئے نہان
پامالیون مین سینہ و سر ہو گئی نہان

دامان رحم چہرہ پہ لیکر قضا چھپی
اور عافیت بھی گوشۂ مرقد مین جا چھپی

سرعت مین مدح و ذم سی سر پا کشیدہ تھے
سایہ سی اپنی طایر شاخ بریدہ تھے

اتنے سبک خرام کے خود ہی مذبذبہ تھی
جسکے نظر پڑے وہی آفت رسیدہ تھے

اوصاف اوسکی لکھنے مین خامونکی سر کٹے
ہر بیت پر ملایک مضمون کی پر کٹے

بدمست ہو کی گاہ بہکتے ہوئے چلے
گاہے سمٹ کی سنکتے سکتے ہوئے چلے

بنکر جگر کے کور کسکتے ہوئے چلے
پیچھے ہٹے تو اور لپکتے ہوئے چلے

پامال ہو کی نیستی ہستی کی سر ہوئے
ہل چل مین کایٔنات ادہر اود ہر ہوئے

کھنچ کھنچ کے تہم گئے جو سر منکرین پر
لاشے تہ رکاب تھی اور سر تھے زمین پر

گاہی کرم فلک پہ کیا گہہ زمین پر
بوسہ دیا جناب کی گہہ آستین پر

کھنچتے رہے کہ قید شریعت ضرور تھے
دست امام مین تھی مروت ضرور تھے

دل ہی کی دلمین رہگئی جو جسکے سر مین تھے
فریاد تھی گلو مین نہ طاقت جگر مین تھے
مجروح تھی جو شکل ہائی نظر مین تھے
مذبوح وہ امان جو قضا و قدر مین تھے

ابتک دل نفاق مین قطع و برید تھی
حقا کہ یہہ امانت تیغ شہید تھی

سرسی گذر کے ناخن پا تک گذر گئی
وہانسے بڑھی تو تخت ثریٰ تک گذر گئی
پلٹی تو دشت و کوہ و سما تک گذر گئی
سدرہ سی چلکے عرش علی تک گذر گئی

جو زین پر تہا اوسکا جدا بند بند تہا
گہوڑی سی جو گرا وہ تڑپکر سپند تہا

نکلا جو مونہہ سی ایک کی ایلو وہان چلے
تو دوسرا پکارا یہہ آئی یہان چلے
کہتا تہا تیسرا کہ چلو میر بچان چلے
چوتہا جو کچھہ کہی سر نوک زبان چلے

ایک ہی نظر کے ساتہ کہانسے کدہر گئے
یہ آئی وہ چلے ادہر آئی اودہر گئے

آیا جو سامنے وہ ہے خونخوار کٹ گیا
فارغ ہوا کہ جان کا آزار کٹ گیا
اسوار تا بسا یہ ہوا رکٹ گیا
یکبار گے جو شکر فرار کٹ گیا

رستی سفر کے کٹ کی یہ آوارہ ہو گئے
ٹکرا کے سونے جان دی سید جو دو گئے

الفت جدا تہی دل سی تو دل سی جدا گیا
آنکہین کسی طرف تہین پریشان کہین نظر

رفتار تہی قدم سی جدا اور تن سی سر
بہاگا پسر کو چہوڑ کے میدان مین پدر

ہر ایک کا علاقہ و پیوند قطع تہا
وابستگے دہر کا ہر بند قطع تہا

تابش سے اسکے آگ لگی آفتاب مین
ماہی موج برق رسیدہ بہی آب مین
اخگر ہر ایک قطرہ بنا اضطراب مین
ڈوبے نگاہبان فرات اسکی آب مین

اس خورد و برد پر بہی تو صابر لقب رہی
دریا خون پیگئے اور خشک لب رہی

لاتی تہی غول غول کو یہ گہیر گہیر کر
کشتون مین ڈوب ڈوب گئی تیر تیر کر
پہنچے رہے اجل جو چلے ٹہیر ٹہیر کر
پہنچے تو بعد عمر دگر خیر خیر کر

تہی کچہہ تو انتظار اجل مین کہڑی ہوئے
اور کچہہ تڑپ رہی تہی زمین پر پڑی ہوئے

مثل نسیم صاف چمن سی نکل گئے
خوشبو کی طرح سرو سمن سی نکل گئے
مانند روح کوچہ تن سی نکل گئے
صابن کا تار ہو کے بدن سی نکل گئے

سر دوش سی الگ تہا ولیکن عیان نہ تہا
جز زخم کارگر تہا اوسکا نشان نہ تہا

جسکے لپٹ کی سینہ سی یہہ مہ لقا لگے
جی جان سی چہوڑ آیا نہ رکہی ذرا لگی
کیا چوٹ تہی کہ دل ہی مین ہر ایک کی جا لگے
برباد تہا وہ جسکو ذرا بہی ہوا لگی

ان بیحجابیون پہ حیا بھی نہ چھپنے دی
قدمون پہ سرگرائی اور اونکی نہ اوٹھنے دی

ارمان کو لیکے جنگ کی حسرت نکل گیئے
اوجہل مین پشت پھیر کے قوت نکل گیئے

بی غیرتون کو چھوڑ کے غیرت نکل گیئے
آنکھین چراکی صاف مروت نکل گیئے

میدانِ جنگ چھوڑ کے عالم نکل گیا
سایہ کو جسنے دیکھ لیا دم نکل گیا

حُبِّ علی مین لپٹی ہی جاتی تہی دوڑکر
ناز و نیاز سبکے اوٹھاتی تہی دوڑکر

صف زیر صف زمین پی بچھاتی تہی دوڑکر
ہر ایک کو گلی سی لگاتی تہے دوڑکر

جو سرگران ہوا وہ سرِ جنگ اوڑگیا
لو ہو سپید سب کا ہوا رنگ اوڑگیا

صرصر تہی دشت مین تو چمن مین نسیم تہے
طوفان تہی کہین کہین ابرِ کریم تہے

شعلہ تہی خارزار مین گل مین شمیم تہے
گہہ گردنِ غضب گہی فرقِ حلیم تہے

خوف و رجا کی حق مین بشیر و نذیر تہی
آخر تو تیغ نائبِ ربِّ قدیر تہی

پہر بحر کے طرف یہ چلے ایسے گہاٹ سے
ساحل نہ لب گزیدۂ حسرت تہا چاٹ سے

ہر موج ٹکر مین ٹکڑی ہوی پٹکے پاٹ سے
زیر و زبر زمانہ ہوا اسکے کاٹ سے

برجِ اسد طویلۂ گاوِ زمین تہا

ماہِ سپہر ماہی دریائے چین تہا

اُمڈے جو یک بیک تو کفِ آب ہوگئے
قطرہ مین چھپکے گوہر نایاب ہوگئے
لرزان ہوئی یہہ موج کہ بیتاب ہوگئے
نکلے جو بچکے خشک تو شاداب ہوگئے

دریا کے قطرہ قطرہ مین شورِ عظیم تہا
ہی ہی ہر ایک صدف مین ہر ایک دُرِ یتیم تہا

یہ قلزم محیط کے جب کہوج پر چڑہے
ہوکر سوار آب ہر ایک موج پر چڑہے
قطرہ زنی سی بادلونکے فوج پر چڑہے
مانند شیر دہار کی ہر اوج پر چڑہے

اب اسکی عزم گرم سے ناپید ہوگیا
دیکہو نہ خشک چشمۂ خورشید ہوگیا

تُرش سی اسکی چرخ تہ آب جا چہپا
اور بحر کٹکے کوہ کے دامن مین آچہپا
ہر مرغزار و دشت مین کیا کیا پہرا چہپا
غرق خلاب و خاک ہوا جا بجا چہپا

دریا یہہ تہوڑا تہوڑا ہوا اسکی تاب سی
تہا ڈوبنی کی فکر مین موجِ سراب سی

برہم کیا یہہ اسنی قرار و ثبات کو
تہی رعد و برق ڈہونڈتی راہِ نجات کو
مجروح کرکے رابطۂ کائنات کو
کاٹا ہے اسطرح سے امیدِ حیات کو

اب ہر نفس کی ساتہ ہی دہڑکا لگا ہوا
سبکو ہی اپنی موت کا کہٹکا لگا ہوا

تنہا نہ ایک بہادرِ یکتا کو دو کیا
روشن ہی آسمان پی کہ جوزا کو دو کیا
مثل نقطہ ہی قاف مین عنقا کو دو کیا
مشرک کی سا نہ ساری ہی دنیا کو دو کیا

ہر چیز فرش و عرش کی ایک پلمین دو ہوئے
ذاتِ خدا ہی دیدۂ احول مین دو ہوئے

گرما ہونکو جب اسنی ٹہکانی لگا دیا
اور باد و پانی خاکپہ طوفان اڑا دیا
دونونی اپنا اپنا تماشا دیکہا دیا
شق ہوگئی زمین فلک کو گرا دیا

یہ زور تہی وہ شور تہا یہ برق وہ سحاب
یہ غیظ مین ہوا ہوی وہ قہر مین عتاب

پہرتے تہے تیز تیز یہ دونو کہ الامان
سر ریز فتنہ ریز یہ دونو کہ الامان
پست و بلند خیز یہ دونو کہ الامان
چرخ و زمین ستیز یہ دونو کہ الامان

لی بہاگی زمین کہ ہر آسمان کو
دونونی تنگ کر دیا ایک ایک کی جان کو

ہر شش جہت بلند تہے فریاد الحذر
اہل وعید نالۂ ناشاد الحذر
آوارگے فتنہ و بیداد الحذر
کیا کیا ہلے ہے کفر کی بنیاد الحذر

کیا غیظ مین تہی اودہم شمشیر الحفیظ
لرزان اودہے تہا لغرۂ تکبیر الحفیظ

دونو تہے سا نہ سایۂ امان مدد نگاہ
جس سمت کو پہری نہ پہری اوسطرف پناہ

اسکی گذر تہی سینون مین اوسکی سر تہی راہ
دیکہا یہ موت کا تہا تو یہ مرگ کی تہی راہ

ایک ہی طرح کی دہاک تہی نزدیک و دور مین
طوفان جیسا سفینہ مین اور حشر صور مین

دونو کا عزم ایک تہا اور ایک دم قدم
اوسکی قدم کو فت نہ اسکی ہی دم مین دم

ایسی تہی ایک جان کہ دو قالب مین ہی بہم
اوسکی فدا تہی روح تو قربان اسکا دم

یہ اسپہ چل گئی تو وہ اوسپر لپک گیا
چمکے جو یہہ ادہر تو ادہر وہ چمک گیا

اسوار اور پیادے سب آوارہ گرد تہے
گویا کہ رفت و روب ہزلیت کی کر رہے تہے

ہنڈی بہرین تہی سانس جو مردان مرد تہے
شبدیز و ذوالفقار کی گرمی سی سرد تہے

کہوئی گئی کچہہ ایسی کہ بس پا گئے شکست
یہ شہ تہا ئی مرگ بڑہی کہا گئے شکست

تیغ و فرس سی تیر اسد مین لرز گیا
رستم تہ زمین لحد مین لرز گیا

جو حادثہ تہا اہل حسد مین لرز گیا
ہر فتنہ اتہام مدد مین لرز گیا

نقشہ زمین کا سورۂ زلزال ہو گیا
اوٹہتے ہے اوٹہتے حشر بہی پامال ہو گیا

منکر تہے اپنے جان بچانی کی فکر مین
اور موت پیچہے پیچہے بہانی کی فکر مین

زیر سپر تہے موت کی جہانی کی فکر مین
تیر قضا تہا اپنی نشانی کی فکر مین

پکڑی زمین نی پانو کہ آوارہ گرد تھے
گرمی مین اپنی خون کی جل بیچہہ کی سرد تھے

یہ بدحواس و مہوش ہوی فوج فتنہ گر
ترکش مین تیغ ڈہونڈتی تہی خود مین سر کے
سر پر چڑہے ہوئے تہے سوارونکی فکر سر
اور سر پڑی ہوی تہی پیادونکی پانو پر

سینون پی اپنی اپنی ہی بہالی اولٹ پڑے
پیچہے ہٹے پیادے رسالے اولٹ پڑے

اہل کمان پی آنکے ایسے کڑے پڑے
شمشیر سرفشان کی سنان پر چڑہی پڑے
زاغ کمان پی نوک دو پیکر کہڑے پڑے
پیچہے کہنچے کمان کمین مین پڑے پڑے

پیچہے ہٹی کمان جو سر دوش چہوڑ کر
نکلے بغل سی تیر بہے ترکش کو توڑ کر

چہرونکے رنگ اوڑ گئے کافور ہو گئے
لنگوریان اوڑاتی ہی لنگور ہو گئے
آیا جو ایک پاس تو سو دور ہو گئے
بہری پڑی کچہہ ایسی کہ زنبور ہو گئے

گرد و غا سے برق تہی مشعل بکف فرار
ماہی سی لیکے ماہ تلک صف بصف فرار

ہل چل مین ایک ایک پے گرتا تہا بار بار
ٹہوکر لگے جو ایک کی ٹکرای صد ہزار
گہوڑی سقط پیادونپہ اور گہوڑونپر سوار
افواج پی یہ رنگ تہا میدان کارزار

چہٹتے پہری تہی بجلے گران روحون سے اجل

کشتون سی گر رہٹی تھی مجرو حوسنی اجل

پیدل ہٹی سوار ہٹے مونہہ کو پھیر پھیر
کیا ایک صد ہزار ہٹے مونہہ کو پھیر پھیر
رُک رُک کی بار بار ہٹے مونہہ کو پھیر پھیر
یہانتک ستیزہ کار ہٹے مونہہ کو پھیر پھیر

مثلِ حیا گروہ ستم سے نکل گیے
دنیا و دین و عہد و قسم سی نکل گیے

یکبار سب مین پڑ گئی آخر تری پھری
فوجِ ستم مین آنکی نا لان اجل پھری
گھوڑون سے تا بہ شترِ وافیال تھر تھری
مغفر سے لیکے موزۂ پا تک ذری ذری

کہتے تھے شکل انکی ملی امن و چین کی
لعنت یزید پر ہے دہائی حسینؑ کی

یہانتک بہے کہ خود کو ڈبایا فرات مین
جز خون مطلق آب نہ پایا فرات مین
تشنہ لبی نی دو دو اوٹھایا فرات مین
کچھہ دخل آب کام نہ آیا فرات مین

کہتا تھا ظلم یہ ہے مزا منع آب کا
تم جانو اور مقابلہ جانی جناب کا

کہتی تھی سرکشی کہ ذرا سر بچائیو
سختوت بہی میری ساتھ ہی افسر بچائیو
چار آئینہ کو رکھیو نہ بکتر بچائیو
غرت ہی کچھہ تو جانکو سپر کر بچائیو

جرأت نی جی کو چھوڑ دیا آس توڑ کر
مردانگی نی رخ نکیا مونہہ کو موڑ کر

امکانِ ضد تصورِ شیاسی اوڑ گیا
رنگِ یقین مرقعِ دنیا سی اوڑ گیا

رنجِ فساد خاطرِ دانا سے اوڑ گیا
صورت کا احتمال ہیولا سی اوڑ گیا

عیسے ہلاک خوف ہوا جنگِ شاہ سے
بہا گا سپہر دیدۂ سوزنکی راہ سے

کبر و غرور و کفر سے خالی جو جا ہوئے
منکر رہا نہ ایک بغاوت فنا ہوئے

میدانین پُر صفای راہِ ہدی ہوئے
باقی تھی اوسکی ذات کہ جس سی بقا ہوئے

متمردونکی سارے سہارے ہوئے عبث
کذب و دروغ پھرتی تھی ماری ہوئے عبث

آوارگے مین موت کو بھونچال ہو گیا
راہِ گریز آئینہ تمثال ہو گیا

ہر دم لرز لرز کے بُرا حال ہو گیا
اشکال مین تداخلِ اشکال ہو گیا

نقطہ بی تنگ اپنی محیط فلک ہوا
ہر بار خطِ جادی بی سرطان کا شک ہوا

اولٹی گری نشان پھریری سمٹ گئے
سر پر چڑھے ہی آتی تھی آخر اوٹ گئے

گاجر کی طرح خنجر و شمشیر کٹ گئے
سب ٹکڑی ٹکڑی ہو گئی ذرونمین بٹ گئے

پامال ہو کی کوہِ ستم گرد ہو گیا
دیکھی زمین جو سرخ فلک زرد ہو گیا

ہر چند عرصہ گاہِ وغا صاف ہو گیا
اعداد و نیم ہو گئے انصاف ہو گیا

ظلمت کدہ جہان کا شفاف ہوگیا | میدان صاف قاف سے تا قاف ہوگیا

لیکن رضائی شاہ کو تسلیم جھک کے کی
تعظیم اس ظفر کی مشیت نے رک کے کی

تغیر چہرہ ہوگیا عالیجناب کا | اور یاد آیا حکم رسالت مآب کا
حملہ ہوا حواس پہ یہ اضطراب کا | رستہ لیا سراد ق عصمت قباب کا

خیمہ پہ آکے آخری صورت دکھا گئی
جولان کیا وہان سے تو دریا پہ آگئی

دریا کے رہ پہ تہام لیا شہ نے راہوار | حجت تمام کرنے لگے ہوکے استوار
سن لو جو کچھ ہمیں کہتا ہو جان ہو شیار | جو کار بد ہی اوسکا برا ہی مآل کار

اس حب جاہ و مال کا انجام کچھ نہیں
ناکام خود کو کرتی ہو یہ کام کچھ نہیں

دنیا ہی بے ثبات تماشای خواب ہے | جو سامنی ہی وہی نظر پر حجاب ہے
آفت ہیں صبح ماہ ہی شام آفتاب ہے | ہر ذرہ دست برد صد انقلاب ہے

ہر قصر سیم ذر و زمین تقسیم ہوگیا
ہر نقد ریگزار میں ہاتو سی کھو گیا

کل جنکی در پہ نوبت و کوس و نشان تھے | آج اونکی گور کی بھی نہ قائم نشان ہے
ہمسایہ سپہر جو عالی مکان تھے | ایسے مٹے کہ گرد پس کارواں ہے

جو شہسوار تھے، وہی ریگِ رواں بنی
جنکے چلے دماغ وہ اوڑھکر دھوان بنی

اقبال و جاہ و دولت و حشمت کی اصل کیا
کبر و غرور و نخوت و ثروت کی اصل کیا
جو بیوفا ہو اوسکی رفاقت کی اصل کیا
اس زور و زر کے قوت و طاقت کی اصل کیا

گذرا نہ ایک دن کہ ہزاروں گذر گئے
پوچھا نہ یہہ کسینے کدھر تھے کدھر گئے

جس گھر مین گام گام پی دولت کا ڈھیر تھا
ہر ہر قدم پہ گوہرِ راحت کا ڈھیر تھا
عشرت کا خواب ناز کا نعمت کا ڈھیر تھا
آخر اوسی مقام پی حسرت کا ڈھیر تھا

گر شہ نشین مین صبح ہوئی شام گور مین
لاکھون گڑھی مین گر گئی اپنی ہی زور مین

پست و بلند دہر سی ہر دم عیان ہی گور
جز مشت خاک کچھہ نہین سب کا نشان ہی گور
گر یاد کوئی رکھی تو یاد جہان ہی گور
جو لامکان پی رہتی تھی اونکا مکان ہی گور

باقی اوسیکا نام ہی ہر شئی ہلاک ہی
کیا زور و زر کہ خاک کی سو غات خاک ہی

یہ جاہ و مال و دولت و اقبال تا کجا
خوبی شکل و زشتی اعمال تا کجا
صیدِ زبونِ خلق کا پامال تا کجا
میری ستانی سی کوئی خوشحال تا کجا

آنی کو صبح و شام مین یہہ لشکر تخیر ہے

لازم ہے درگذر یہہ مقام گریز ہے

ہے عمرِ خضر خیر سے گر ایک دن ملا
بغض و حسد ہے قہر غنیمت خدا ملا

خواب و خیال ہوگیا آنکھوں کی جو ملا
مجھ پر مصیبت آج ہی اوسپر ہے کل بلا

پندارِ زندگے پے کوئے بدگمان نہو
ممکن کہ مجھسے پہلے عدو کا نشان نہو

اب بھی ڈرو خدا سے جو ہونا تھا ہوچکا
حیلہ سی یا دغا سے جو ہونا تھا ہوچکا

تقصیر سے خطا سے جو ہونا تھا ہوچکا
حق پر رہو بلا سے جو ہونا تھا ہوچکا

اللہ سے ڈرو جو عدو مصطفے کی ہو
کیا سطوتِ یزید کہ بندے خدا کی ہو

کیا لوگے مار کر مجھے اے دشمنانِ دین
لی بازوؤں میں زور نہ زر دستیانِ زین

ایک جان رہگئی ہے بہت خستہ و حزین
وہ بعد ازیں نہوگی کہ باقی ہی کچھہ نہیں

رہ جانے دو کہ نکل جاؤنگا کہیں
کیا بات ہی جو ٹال دو ٹل جاؤنگا کہیں

ٹھہرے لبِ فرات جو شاہِ امم
چاروں طرف سی ٹوٹ کی اعدا ہوئی بہم

کہتے تھے تشنگے میں تو یہہ کچھہ کیا ستم
سیراب ہوتی ہی غضب آویگا ایکدم

ہی زندگے عزیز تو اب سر اوتار لو
پیاسا ہے مار لو اسی پیاسا ہی مار لو

زرعہ نی دست چپ کو کیا تیغ سی جدا
اور تیرا بوالحتوف کا ماتھی مین جا کھپا
کاہل نی پاش پاش کلیجہ کو کر دیا
ابنِ انس کا تیر قفا دوز ہو گیا

تہرا کی شاہ کہتے تہے ای ربِ ذوالجلال
دنیا سنان و تیغ ہی تو سی ہی سبکی ڈہال

غش کہا کی ذوالجناح سی ناچار گر پڑے
شہ کیا گری کہ حیدرِ کرار گر پڑے
لغزش سی حق کی احمدِ مختار گر پڑے
حمّالِ عرش فرش پی ایکبار گر پڑے

دیوار کعبہ بیٹہہ گئی عرش گر پڑا
قرآن ٹکڑی ہو کی سرِ فرش گر پڑا

سینہ پی چڑہ کی خولی نی پہر سر جدا کیا
اور قیس[1] نے فطیفۂ اطہر جدا کیا
اسحٰق[2] نے قمیصِ منوّر جدا کیا
لو ستر فرض بحر[3] نے آکر جدا کیا

نوکِ سنان پی فرقِ مبارک چڑہا لیا
نیزہ پی آفتابِ قیامت اوٹہا لیا

خیمہ کے در پے زینبِ بیکس تہی انتظار
ناگاہ سامنی سی نظر آیا راہوار
سوچی کہ غش ہوی جو گرے شاہِ ذوالفقار
بولی کہ ای رفیق کہان ہی تیرا سوار

کہتی ہوئی نکل پڑی ای بہائی دیکہنا
آئی ہی صدقہ ہونے کو مان جائی دیکہنا

بہیا کدہر ہو تم یہہ بہنا نثار ہے
بیوون کی چین کا تو تمہین پر مدار ہے

[1] قیس بن اشعث ۱۲
[2] اسحٰق بن ہاشم ۱۲
[3] عمر بن سعد ۱۲

چلایا شمر خوک یہہ کیسے پکار ہے | دلدل سوار تیرا یہہ نیزہ سوار ہے

زینب کی ساتہ ساتہ تہا بیو نکا ازدحام
خیمہ مین آگ دیکہی نکالے حرم تمام

یہ بین زیر نیزہ لگے کرنے برملا | کسکا بہروسا اب ہمین اور کسکا آسرا
پورا ہمارا ہوئیگا کیونکر لکہا ہوا | سیدانیون کا غول ہی ننگی سر کہڑا

پابند سخت ہوگئے کہکر کہان مرین
دکہڑا ابہی ہمکو کرینہین آتا ہی کیا کرین

زہرا کا باغ کٹکے گلون تک ہوا قلم | سبکا عیوض مین جانتی ہی تیرا اکیدم
چادر تو خیر پہٹ پڑی گو انکہہ مین تہا نم | مین آنی ہی نہ پائی یہہ کیا ہوگیا ستم

واری تری گذرتی ہی دنیا گذر گئی
سبکے بلائین لیکے یہ رنڈیا نہ مرگئی

سیدانیونکو لوٹتی پہرتی ہین بیحجاب | نیزہ پی سر الگ ہے الگ جسم پاش پاش
سر لیچلے کہین کو کہین ریزہ ریزہ لاش | ہی اور ظلم تازہ کی باقی مگر تلاش

پرسا کہانپہ بیٹہہ کے لون تیری مین تکا
رستا کوئی بتادی مجہی میری موت کا

خود دیکہتے ہون صورت جلاد کیا کرون | سنتا ہی کون بیوہ کی فریاد کیا کرون
مین لٹ گئی جہان ہی آباد کیا کرون | بہولی ہی تجہکو تیری یاد کیا کرون

اوٹھی نہ مین جہان سی اور سب موئی ہلاک
مٹی ہی میری بہار کہی پڑ جائی مجھپہ خاک

نیزہ پی ہی حرم کی سپر وا مصیبتا
زہرہ کا پاش پاش جگر وا مصیبتا
اب جایئے کمک کو کدہر وا مصیبتا
رفقا کے ساتہ ساتہ ہین سر وا مصیبتا

ایسا زمانہ تنگ غریبون پی ہوگیا
ہرگز نہین سوائے سر نیزہ کوئی جا

بی یار و بی دیار سی اور یہ دغا دریغ
ان دشمنون مین کوئی نہا آشنا دریغ
گمنام گہر نبی و علی کا کیا دریغ
ایسا پہر زمانہ ہوا کیا سی کیا دریغ

ڈرتے ہین اب یزید سے سب وا مصیبتا
انصاف ہوگا دیکہئے کب وا مصیبتا

آغوش فاطمہ کی کمائی ہزار حیف
جنگل مین دشمنون نی لٹائی ہزار حیف
دکہیا بہن بہی آنی نہ پائی ہزار حیف
لکہا میری نصیب کا بہائی ہزار حیف

ای شمر النس و جان کی تصویر کٹ گئی
سر کاٹتی ہوئی تری چہاتی نہ پہٹ گئی

کنبے قبیلے والے ہو خوف خدا نہین
بہائی کسی بہن سی تو ایسا چہٹا نہین
میری طرح کلیجہ کسیکا پہٹا نہین
سب جہیل لونگی جان پہ کیا کچہہ سہا نہین

کچہہ رنج لٹنے کا ہی نہ صدمہ لڑائیکا

دید وخدا کی واسطے سر میری بہائیکا

مدفن بناؤنگی یہین تکیہ بناؤنگے
دونگی سبیل مسوہ کی پودے لگاؤنگی
پیاسا جو آئیگا اوسے پانی پلاؤنگے
مین چلتی ہا تہ پانو یونہین جان گنواؤنگے

میرا تو ڈہیر ہوگا پیارونکے ڈہیر پر
بس پڑ رہونگی مشہدِ غازی دلیر پر

بانو کی ہی فغان مین کسی موہنہ دکہاؤن اب
پتہر پڑے وہ کوک پی یہ مانگ پر غضب
لوکا لگی عجم مین پڑو بہاڑ مین عرب
جینے کا یہانہ ٹہکانا نہ مرنیکا وہان ہی ڈھب

یا شاہ دشمنون مین نہ عزت گنواؤنگی
دیکہونگی موہنہ کسیکا نہ اپنا دکہاؤنگی

لونڈی بنونگے کسکے کہ سردار مرگئے
جاکر بکون کہان کہ خریدار مرگئے
اپنے پرای ساری ہی دلدار مرگئے
اب کس سی کہیئے حیدرِ کرار مرگئے

پوتی طمانچہ کہاتی ہی سر ننگے ہی بہو
اور سیٹیونکو کہینچتے پہرتے ہین کو بکو

اس دشت پر عذاب سی یا شاہ الوداع
ہا تم تمہارا ہی میرے ہمراہ الوداع
ہے ساتہ ساتہ صدمۂ جانکاہ الوداع
پر آس میرے ٹوٹ گیئے آہ الوداع

جانونکو لیکے بس نکیا سر ہی لے گئے
رنڈسالہ کے عوض میری چادر ہی لے گئے

فریاد تھی رُباب کی لوگو مین لُٹ گئی — گھر سی وطن سی اپنی پرائی سی چھٹ گئی
روتی ہوی یہی ڈرتی ہوئی جی ہی مین گئی — شرم وحیا کی ساتھ جہانسے نہ اوٹھ گئے

کیسی ذلیل ہوگئی لُٹتی ہی راج ہے
میری سکینہ بیٹھی ہی بن باپ آج ہے

کہکر طمانچہ ہول سی صورت ہوئی ہوا — رخسار سُرخ ہوگئے اور نیل پڑ گیا
کانون سی خون بہنے لگا دُر جدا ہوا — کہتی تھی بار بار کہ ابا کو دو بولا

کیا اسنی میری باپ کو دیکھا نہین کہین
فضہ پکاری زور سی ہونگی یہین کہین

کسکو بولاؤن باپ تو جم جم ہی آئینگے — اکبر نہین جو دوڑکے تمکو چھوڑائینگے
عباس بھی نہین جو گلے سی لگائینگے — واری نہ روؤ چیخ کے دنیا سائینگے

بی بی ہماری سارے خریدار مر گئے
کسکو پکارتی ہو کہ غمخوار مر گئے

راوی کا ہے بیان کہ حرم سر بسر تمام — جب قید ہوکے آئے درِ کوفہ پر تمام
مخلوق کا ہجوم تھا اور نوحہ گر تمام — ڈالی سرون مین خاک ہی بیخبر تمام

کہتے تھے ہای ہای ہمارا حسین ہائے
ہم پیٹنے کو رہگئے مارا حسین ہائے

زینب نے سُنکے شور یہہ سجاد سے کہا — ہے ہے انہین خبر نہوئے واصیتا

کیا کیا تڑپے ہی ہین بڑا سا سخہ ہوا
بولے اگر یہ دوست تہی قاتل وہ کون تہا

یہ دشمن قدیم منافق ہین اے پہپے
باہم مخالفت مین موافق ہین اے پہپے

قبر نبی مین نقب کیا اور رد دیئے
خلفا کے خون دلکو پیا اور رو دیئے

کوفہ مین سر علی کا لیا اور رو دیئے
زہر اجل حسن کو دیا اور رو دیئے

پہر آج کیون نہ مکر و خدعت کرینگے یہہ
تفضیح تا بروز قیامت کرینگے یہہ

یہ ہی تو اہلبیت کی نقلین بناتی ہین
یہ ہی تو خاک آل عبا کی اوڑاتی ہین

یہ ہی تو گہر علی کا ستم سی جلاتی ہین
یہ ہی تو مصطفے کو بہی تہمت لگاتی ہین

یہ دوست ہین تو دشمن دین اور کون ہے
یہ ہین محب تو خصم لعین اور کون ہے

بس ای قلق خموش نہین طاقت کلام
حق گو ئی تیرا کام ہی حق تجہہ پہ ہے تمام

جلتے ہین جو حریف او نہین کے ہی اصل خام
اہل حسد سی ڈر نہین سنتی ہین خواہ مخواہ

تو شاعرون مین مستحق یاد ہو گیا
عرضی تیری قبول ہوئی صاد ہو گیا

ناظرین فن شعر و سخن کو واضح ہو کہ اس مرثیہ کے (۱۸۱) بند ہین

تمت

قصیدہ

کدہر ہے اے قلمِ واسطی طویلِ نجاد
کہان ہے ای منشِ سوختہ کثیرِ رماد

یہ عزم ہے کہ لکھون وہ قصیدۂ روشن
کہ جسکو دیکھہ کے کہلجای چشم کور سواد

شکستہ خامہ سی کرسی نشین وہ لکھون حرف
کہ خوشنویسِ قدر کا ہو جسپہ چشم سے صاد

وہ حرف حرف سی پیدا ہو فیضِ روحِ القدس
عقیم طبع کو دون جس سی مژدۂ اولاد

سوادِ نقطہ سی وہ سرخوشی ہو موجِ فزا
نثارِ صفحہ کرے جامِ جسم خطِ بغداد

یہہ جدولون پہ ہوا نبار معنیِ نازک
کہ خطِ جوہری ہو جای قابلِ ابعاد

یہ رمزہای متین سی لطیف طبعِ خلق
کہ انبساط کا دامن ہو انقباضِ جماد

یہ حل شعر مین ہون نکتہای لاینحل
کہ تو نیاز طلب آی شخصِ استعداد

بناؤن معنیِ رنگین ادا کی ایک جنت
ق کہ خار خار گلچین ہو حسرتِ شداد

جو زلف حور نہو جاروب کش ہر ایک در پر
تو پاسبان ہون خوبانِ خلخ و نوشاد

ق ک

قسم ہی حکمتِ یزدانِ اہرمن کش کی
کہ ہی وہ جزو بزرگِ توافقِ اضداد

قسم ہی حضرتِ مرسل کی پیشوائی کے
کہ گام تنگ ہے پیرو کا جسکے دشتِ معاد

قسم ہی حضرتِ مریم کی شرمساری کے
کہ جسکے جھینپتی ہی کیا کیا کہلے زبانِ عباد

قسم ہی ایسی سافرندیدہ غربت کی
کہ آیا خلد سی دنیا مین لی رفیق و زاد

قسم ہی عجز ادب کوش اون مریدون کے
کہ جس دیار مین ہو عشق صاحبِ ارشاد

قہر ہے شیخ کی دعوای خرقِ عادت کی
